قرآن و حدیث سے عقائد کی اصلاح :

Reformation of Beliefs by Qur'an & Hadeesh

نُوْر أَحَادِيْثِ وَ
اَلْقُرْآنُ اَلْكَرِيْمُ

"NUR.E - AHADEESH - WA AL-QUR'AN AL-KAREEM"

"جلد - ۳" اردو ترجمہ جمع و شائع کرنے والے: شیخ محمد شکیل احمد

Jild-3 Urdu Translation Collected & Published by :
Shaikh Mohammed Shakil Ahmed

Collected Topics : جمع شدہ موضوعات

Jild-1 - Mowt ke Baad Alam.e Barzakh ki Zindagi
Jild-2 - Qabr ko Dhankna (Cover karna) Aur Uspar Gumbad-Dargah Banana
Jild-3 - Ziyarate Qabr
Jild-4 - Isaale-Sawab
Jild-5 - Waseela
Jild-6 - Milad (Mawlid)
Jild-7 - Fiqh ki Takleed

All Original Proof of Collection from :

Tafseer.e Qur'an.e.Paak :-

"TAFSEER.E IBN-ABBAS" - "TAFSEER.E QURTUBI"
"TAFSEER.E JALALAYN" - "DURRE MANSHUR"
"TAFSEER.E MAZHARI" - "TIBYAN AL-QUR'AN"

Ahaseesh.e Sahiha wa Riwayat.e Aimma :-

"SAHIH AL-BUKHARI SHARIF " - "SAHIH MUSLIM SHARIF"
"FATAWE RIZWIYA" - "JAMI AL-AHADEESH"
"MIRAT AL-MANAJIH SHARH AL-MISHKAT"
"SAIYD AL-HAQ TAKHARIJE JA-AL HAQ"
"SEERAT.E RASUL.E ARABI" ﷺ

.SHAIKH.
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

یہ کتاب چھپوانے کے لئے اس نو پر فون کرے، یا ہماری ویب سائٹ سے پرنٹ حاصل کرے:

Ye Kitab chhapwane ke lie is no par phone kare,

ya hamari Website se Print hashil kare :

Mo.:+91-98250-36-786, Website: factofislamsms.wordpress.com

--- Shaikh Mohammed Shakil

قرآن و حدیث سے عقائد کی اصلاح :
Reformation of Beliefs by Qur'an & Hadeesh

نُوْرِ أَحَادِيْثِ وَ اَلْقُرْآنُ اَلْكَرِيْمُ

"NUR.E - AHADEESH - WA AL-QUR'AN AL-KAREEM"

"جلد - ۳" ، حصّہ - ۱ ، صالحین کی قبروں کی زیارت کے احکام

اردو ترجمہ جمع و شائع کرنے والے : شیخ محمد شکیل احمد

Jild-3 Urdu Translation Collected & Published by :
Shaikh Mohammed Shakil Ahmed

Collected Topics : جمع شدہ موضوعات

Jild-1 - Mowt ke Baad Alam.e Barzakh ki Zindagi
Jild-2 - Qabr ko Dhankna (Cover karna) Aur Uspar Gumbad-Dargah Banana
Jild-3 - Ziyarate Qabr
Jild-4 - Isaale-Sawab
Jild-5 - Waseela
Jild-6 - Milad (Mawlid)
Jild-7 - Fiqh ki Takleed

All Original Proof of Collection from :

Tafseer.e Qur'an.e.Paak :-
"TAFSEER.E IBN-ABBAS" - "TAFSEER.E QURTUBI"
"TAFSEER.E JALALAYN" - "DURRE MANSHUR"
"TAFSEER.E MAZHARI" - "TIBYAN AL-QUR'AN"

Ahaseesh.e Sahiha wa Riwayat.e Aimma :-
"SAHIH AL-BUKHARI SHARIF " - "SAHIH MUSLIM SHARIF"
"FATAWE RIZWIYA" - "JAMI AL-AHADEESH"
"MIRAT AL-MANAJIH SHARH AL-MISHKAT"
"SAIYD AL-HAQ TAKHARIJE JA-AL HAQ"
"SEERAT.E RASUL.E ARABI" ﷺ

.SHAIKH.
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

Reformation of Beliefs by Qur'an & Hadeesh : قرآن و حدیث سے عقائد کی اصلاح

نُوْر أحَادِيْثِ وَ اَلْقُرْآنُ اَلْكَرِيْمُ

"NUR.E - AHADEESH - WA AL-QUR'AN AL-KAREEM"

" جلد - ۱ سے ۷ " اردو ترجمہ جمع و شائع کرنے والے: شیخ محمد شکیل احمد

Jild-1 to 7 Urdu Translation Collected & Published by : Shaikh Mohammed Shakil Ahmed

---

Authors & Writers who Collected & Published : جمع اور شائع کرنے والے مصنفین و ادیب

---

in tamam Musannifeen ki Kitabo ko humne Jama kiya he jinme Qur'an.e.Paak ki Tafaseer, Ahadeesh.e Sahiha aur Akwal.e Aimma ko jama kiya he :

67 Hijri- Awwal Mufassir.e Qur'an RASULALLAH (sallallahu alayh wasallam) ke Cousin (Chachajaat) Sahabi.e.Rasul Hazrat Abdullah ibn Abbas ibn Abdul-Muttalib (radiallaho.anho)
256 Hijri- Hazrat Imam Muhammad ibn Ismail al-Bukhari (rehmatullah.alayh)
261 Hijri- Hazrat Imam Muslim ibn Hajjaj al-Qushayri an-Naysaburi (rehmatullah.alayh)
672 Hijri- Hazrat Imam Muhammad ibn Ahmad al-Qurtubi (rehmatullah.alayh)
864 Hijri- Hazrat Imam Jalaluddin al-Mahalli (rehmatullah.alayh)
911 Hijri- Hazrat Imam Abdul-Rahman bin Abubakr Jalaluddin al-Suyuti (rehmatullah.alayh)
1225 Hijri- Mufassir.e.Qur'an Hazrat Muhammad Qazi Sanaullah Usmani (rehmatullah.alayh)
1340 Hijri- Mutarajim.e.Qur'an wa Qudse.Sharh wa Mujaddid.e wakt Hazrat Imam Ahmad Raza Khan Muhaddish Barelvi (rehmatullah.alayh)
1391 Hijri- Mufassir.e.Qur'an Hazrat Mufti Ahmad Yaar Khan Naeemi (rehmatullah.alayh)
1431 Hijri- Hazrat Allama Abul-Abbas Saidullah Khan Qadri (rehmatullah.alayh)
1437 Hijri- Mufassir.e.Qur'an Hazrat Allama Gulam-Rasool Saiydi Qudse.Sharh (rehmatullah.alayh)
1437 Hijri- Hazrat Allama Muhammad Nur Baksh Tawakkali (rehmatullah.alayh)

in tamam Musannifeen ne Hawale aur Dalai ke sath Aqaid.e.Haq ko in Kitabo me Jama kiya he :-

Tafseer.e Qur'an.e.Paak :-

"TAFSEER.E IBN-ABBAS" - "TAFSEER.E QURTUBI" - "TAFSEER.E JALALAYN" - "DURRE MANSHUR"
"TAFSEER.E MAZHARI" - "TIBYAN AL-QUR'AN"

Ahaseesh.e Sahiha wa Riwayat.e Aimma :-

"SAHIH AL-BUKHARI SHARIF " - "SAHIH MUSLIM SHARIF" - "FATAWE RIZWIYA" -
"JAMI AL-AHADEESH" - "MIRAT AL-MANAJIH SHARH AL-MISHKAT" -
"SAIYD AL-HAQ TAKHARIJE JA-AL HAQ" -
"SEERAT.E RASUL.E ARABI" (SALLALLAHU ALAYH WASALLAM)

Published on : 16 July, 2016. Saturday. 10 Shawwal, 1437

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ

اور ہم نے آپ پر یہ کتاب کو نازل کیا ہے جو ہر چیز کا روشن بیان ہے

تبیان القرآن

علامہ غلام رسول سعیدی
شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ کراچی-۳۸

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ)
۳۸-اردو بازار لاہور

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ

اور ہم نے آپ پر اس کتاب کو نازل کیا ہے جو ہر چیز کا روشن بیان ہے

تبیان القرآن

جلد دوم

آلِ عمران ○ النساء

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی-۳۸

ناشر

فرید بُک سٹال، ۳۸-اُردو بازار لاہور-۲

Copyright ©
All Rights reserved
This book is registered under the copyright act. Reproduction of any part, line, paragraph or material from it is a crime under the above act.

جملہ حقوق محفوظ ہیں
یہ کتاب کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے، جس کا کوئی جملہ، پیرہ، لائن یا کسی قسم کے مواد کی نقل یا کاپی کرنا قانونی طور پر جرم ہے۔

فرید بک سٹال ۳۸۔ اُردو بازار لاہور

تصحیح : مولانا حافظ محمد ابراہیم فیضی
مطبع : رومی پبلی کیشنز اینڈ پرنٹرز لاہور
الطبع الاول : شوال ۱۴۲۰ھ / فروری ۲۰۰۰ء
الطبع الخامس : ربیع الاول ۱۴۲۵ھ / مئی ۲۰۰۵ء

Farid Book Stall®
Phone No:092-42-7312173-7123435
Fax No.092-42-7224899
Email:info@faridbookstall.com
Visit us at:www.faridbookstall.com

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اُردو بازار لاہور
فون نمبر ۰۹۲-۴۲-۷۳۱۲۱۷۳-۷۱۲۳۴۳۵
فیکس نمبر ۰۹۲-۴۲-۷۲۲۴۸۹۹
ای میل: info@faridbookstall.com
ویب سائٹ: www.faridbookstall.com

marfat.com
Marfat.com

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat,Gujarat,India.

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو دعویٰ تو یہ کرتے ہیں کہ وہ اس (کتاب) پر ایمان لائے ہیں جو آپ کی طرف نازل

وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ

کی گئی ہے اور ان (کتابوں) پر (ایمان لائے ہیں) جو آپ سے پہلے نازل کی گئی ہیں اور چاہتے یہ ہیں کہ اپنے مقدمے طاغوت کے پاس

وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ

لے جائیں حالانکہ انھیں حکم یہ دیا گیا تھا کہ وہ طاغوت کا انکار کریں اور شیطان یہ چاہتا ہے کہ انھیں گمراہ کرکے بہت دور کی گمراہی

ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿٦٠﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى

میں ڈال دے ○ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ آؤ اس کتاب کی طرف جس کو اللہ نے نازل کیا ہے اور

الرَّسُوْلِ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿٦١﴾ فَكَيْفَ

رسول کی طرف تو آپ دیکھتے ہیں منافقین آپ سے اعراض کرتے ہوئے کترا کر نکل جاتے ہیں ○ اس وقت کیا

اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ

حال ہوگا جب ان کے ہاتھوں کے کرتوتوں کی وجہ سے ان پر کوئی مصیبت ٹوٹ پڑے تو پھر یہ آپ کے پاس اللہ کی قسمیں

بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿٦٢﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ

کھاتے ہوئے آئیں کہ ہمارا تو ماسوا نیکی اور باہمی موافقت کے اور کوئی ارادہ نہ تھا ○ یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ

اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ

ان کے دلوں میں ہے سو آپ ان سے اعراض کیجیے اور ان کو نصیحت کیجیے اور ان سے

اَنْفُسِهِمْ قَوْلًاۢ بَلِيْغًا ﴿٦٣﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ

بہت اثر آفریں بات کیجیے جو ان کے دلوں میں اتر جائے ○ اور ہم نے ہر رسول کو صرف اس لیے بھیجا ہے کہ اللہ

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا

کے اذن سے اس کی اطاعت کی جائے اور جب یہ اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے تو یہ آپ کے پاس آ جاتے پھر اللہ سے مغفرت

صالحین کی قبروں کی زیارت کے احکام اردو ترجمہ جمع و شائع کیا : شیخ محمد شکیل احمد

اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾

طلب کرتے اور رسول بھی ان کے لیے استغفار کرتے تو یہ ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا، بے حد رحم فرمانے والا

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ

تو (اے رسول مکرم) آپ کے رب کی قسم! یہ لوگ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک کہ (ہر) باہمی جھگڑے میں آپ

ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۶۵﴾

کو حاکم نہ مان لیں پھر آپ کے کیے ہوئے فیصلہ کے خلاف اپنے دلوں میں تنگی بھی نہ پائیں اور اس کو خوشی سے مان لیں ۝

وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ

اور اگر ہم ان پر یہ فرض کر دیتے کہ اپنے آپ کو قتل کرو یا اپنے گھروں سے نکل

دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا

جاؤ تو اس پر ان میں سے صرف کم لوگ عمل کرتے اور جو ان کو نصیحت کی گئی ہے

يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿۶۶﴾ وَّاِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ

اگر یہ اس پر عمل کرتے تو ان کے لیے بہت بہتر ہوتا اور ثابت قدمی کے لیے بہت مضبوط ہوتا ۝ اور اس وقت

مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۶۷﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾ وَمَنْ

ہم انہیں اپنے پاس سے اجر عظیم عطا فرماتے ۝ اور ہم ضرور ان کو سیدھے راستہ پر چلاتے ۝ اور جو اللہ

يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

اور رسول کی اطاعت کرے تو وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے انعام فرمایا

مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاۗءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَ

ہے جو انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین ہیں، اور یہ کیا ہی

حَسُنَ اُولٰۗئِكَ رَفِيْقًا ﴿۶۹﴾ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى

عمدہ ساتھی ہیں ۝ یہ اللہ کی طرف سے فضل ہے اور اللہ

ابن جریج نے بیان کیا کہ جب مسلمان منافقوں سے کہتے تھے کہ آؤ اپنے مقدمہ کا فیصلہ رسول اللہ ﷺ سے کرالو وہ منہ موڑ کر کتراتے ہوئے نکل جاتے تھے۔(جامع البیان ج ۵ ص ۹۹)

جس منافق کو حضرت عمر نے قتل کیا تھا اس کا قصاص لینے کے لیے اس کے اہل آئے اور معذرت کر کے کہنے لگے کہ ہم نے جو حضرت عمر سے فیصلہ کرانے کے لیے کہا تھا اس سے ہمارا صرف یہ مقصد تھا کہ اس منافق کے ساتھ نیک سلوک ہو اور اس منافق اور اس کے مخالف یہودی کے درمیان صلح ہو جائے' اس آیت میں اس مصیبت سے مراد اس منافق کا قتل کیا جانا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان منافقوں کے دلوں میں جو شر اور فتنہ ہے اللہ تعالیٰ اس کو جانتا ہے' آپ ان کے بہانوں کو قبول کرنے سے اعراض کیجئے کیونکہ ان کے بہانوں کے قبول کرنے کا مطلب ہے حضرت عمر سے قصاص لینا' اور جو رسول اللہ کا فیصلہ نہ مانے اس کا خون مباح ہے اور اس کا کوئی قصاص نہیں ہے' آپ ان کو زبان سے نصیحت کیجئے اور ان کے نفاق سے درگذر کیجئے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے : اور ان سے ان کے نفسوں میں اثر آفریں بات کیجئے۔(النساء : ۶۳)

اس آیت کی دو تفسیریں ہیں ایک یہ کہ ان کو تنہائی میں نصیحت کیجئے' کیونکہ تنہائی میں نصیحت کے قبول کرنے کی توقع زیادہ ہوتی ہے' دوسری تفسیر یہ ہے کہ ان سے ایسی اثر آفریں بات کیجئے جو ان کے دلوں میں اتر جائے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے : اور ہم نے ہر رسول کو صرف اس لیے بھیجا ہے کہ اللہ کے اذن سے اس کی اطاعت کی جائے اور جب یہ اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے تو یہ آپ کے پاس آجاتے پھر اللہ سے مغفرت طلب کرتے اور رسول بھی ان کے لیے استغفار کرتے تو یہ ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا اور بے حد رحم فرمانے والا پاتے (النساء : ۶۴)

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ان منافقوں کو سرزنش کی ہے جو دعویٰ یہ کرتے تھے کہ وہ رسول اللہ ﷺ پر نازل ہونے والی کتاب پر ایمان لائے ہیں اور اپنے مقدمہ کا فیصلہ یہودی عالم کے پاس لے جاتے تھے اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرنے کے لیے جب انہیں بلایا جاتا تو وہ منہ موڑ کر کترا کر نکل جاتے تھے' اللہ تعالیٰ نے فرمایا اس نے ہر رسول کو اس لیے بھیجا ہے کہ اس کی اطاعت کی جائے' مجاہد نے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت اسی کو نصیب ہوتی ہے جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے ازل میں یہ نعمت مقدر کر دی ہے۔

پھر فرمایا جب ان منافقوں نے کعب بن اشرف کے پاس اپنا مقدمہ پیش کر کے اپنی جانوں پر ظلم کر ہی لیا تھا تو یہ چاہیے تھا کہ یہ آپ کے پاس آکر معذرت کرتے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہ کی معافی چاہتے اور رسول اللہ ﷺ بھی ان کے لیے استغفار کرتے تو وہ ضرور اللہ کو بہت بخشنے والا اور مہربان پاتے۔

نبی ﷺ کے روضہ پر حاضر ہو کر شفاعت طلب کرنے کا جواز

حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر متوفی ۷۷۴ھ لکھتے ہیں :

اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں عاصیوں اور گنہ گاروں کو یہ ہدایت دی ہے کہ جب ان سے خطا اور گناہ ہو جائے تو وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں اور آپ کے پاس آکر استغفار کریں اور رسول اللہ ﷺ سے یہ درخواست کریں کہ آپ بھی ان کے لیے اللہ سے درخواست کریں اور جب وہ ایسا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول فرمائے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وہ ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا اور بہت مہربان پائیں گے' مفسرین کی ایک جماعت نے ذکر کیا ہے

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat,Gujarat,India.

میں الشیخ ابو منصور الصباغ بھی ہیں' انہوں نے اپنی کتاب الشامل میں عتبی کی یہ مشہور حکایت لکھی ہے کہ میں نبی ﷺ کی قبر پر بیٹھا ہوا تھا کہ ایک اعرابی نے آ کر کہا السلام علیک یا رسول اللہ' میں نے اللہ عزوجل کا یہ ارشاد سنا ہے : ولو انهم اذظلموا انفسهم جاؤک الآیہ اور میں آپ کے پاس آ گیا ہوں اور اپنے گناہ پر اللہ سے استغفار کرتا ہوں اور اپنے رب کی بارگاہ میں آپ سے شفاعت طلب کرنے والا ہوں' پھر اس نے دو شعر پڑھے :

اے وہ جو زمین کے مدفونین میں سب سے بہتر ہیں — جن کی خوشبو سے زمین اور ٹیلے خوشبودار ہو گئے

میری جان اس قبر پر فدا ہو جس میں آپ ساکن ہیں — اس میں عفو ہے اس میں سخاوت ہے اور لطف و کرم ہے

پھر وہ اعرابی چلا گیا' عتبی بیان کرتے ہیں کہ مجھ پر نیند غالب آ گئی' میں نے خواب میں نبی ﷺ کی زیارت کی اور آپ نے فرمایا اے عتبی! اس اعرابی کے پاس جا کر اس کو خوشخبری دو کہ اللہ نے اس کی مغفرت کر دی ہے۔

(تفسیر ابن کثیر ج ۲ ص ۳۲۹۔ ۳۲۸' الجامع لاحکام القرآن ج ۵ ص ۲۶۵' البحر المحیط ج ۳ ص ۶۹۴' مدارک التنزیل علی ہامش الخازن ج اص ۳۹۹)

مفتی محمد شفیع متوفی ۱۳۹۶ھ لکھتے ہیں :

یہ آیت اگرچہ خاص واقعہ منافقین کے بارے میں نازل ہوئی ہے' لیکن اس کے الفاظ سے ایک عام ضابطہ نکل آیا کہ جو شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو جائے اور آپ اس کے لیے دعاء مغفرت کر دیں اس کی مغفرت ضرور ہو جائے گی اور آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضری جیسے آپ کی دنیاوی حیات کے زمانہ میں ہو سکتی تھی اسی طرح آج بھی روضہ اقدس پر حاضری اسی حکم میں ہے' اس کے بعد مفتی صاحب نے بھی عتبی کی مذکور الصدر حکایت بیان کی ہے۔

(معارف القرآن ج ۲ ص ۴۶۰۔ ۴۵۹' مطبوعہ ادارۃ المعارف کراچی)

معروف دیوبندی عالم شیخ محمد سرفراز گکھڑوی لکھتے ہیں :

عتبی کی حکایت اس میں مشہور ہے اور تمام مذاہب کے مصنفین نے مناسک کی کتابوں میں اور مورخین نے اس کا ذکر کیا ہے اور سب نے اس کو مستحسن قرار دیا ہے اسی طرح دیگر متعدد علماء کرام نے قدیماً و حدیثاً اس کو نقل کیا ہے اور حضرت تھانوی لکھتے ہیں کہ مواہب میں بہ سند امام ابو منصور صباغ اور ابن النجار اور ابن عساکر اور ابن الجوزی رحمہم اللہ تعالیٰ نے محمد بن حرب ہلالی سے روایت کیا ہے کہ میں قبر مبارک کی زیارت کر کے سامنے بیٹھا تھا کہ ایک اعرابی آیا اور زیارت کر کے عرض کیا کہ یا خیر الرسل' اللہ تعالیٰ نے آپ پر ایک سچی کتاب نازل فرمائی جس میں ارشاد ہے ولو انهم اذظلموا انفسهم جاءوک فاستغفروا اللّٰہ واستغفر لھم الرسول لوجدوا اللّٰہ توابا رحیما اور میں آپ کے پاس اپنے گناہوں سے استغفار کرتا ہوا اور اپنے رب کے حضور میں آپ کے وسیلہ سے شفاعت چاہتا ہوا آیا ہوں پھر دو شعر پڑھے۔ اور اس محمد بن حرب کی وفات ۲۲۸ھ میں ہوئی ہے' غرض زمانہ خیر القرون کا تھا اور کسی سے اس وقت نکیر منقول نہیں' پس حجت ہو گیا (نشر الطیب ص ۲۵۴) اور حضرت مولانا نانوتوی یہ آیت کریمہ لکھ کر فرماتے ہیں :

"کیونکہ اس میں کسی کی تخصیص نہیں آپ کے ہم عصر ہوں یا بعد کے امتی ہوں' اور تخصیص ہو تو کیونکر ہو آپ کا وجود تربیت تمام امت کے لیے یکساں رحمت ہے کہ پچھلے امتیوں کا آپ کی خدمت میں آنا اور استغفار کرنا اور کرانا جب ہی متصور ہے کہ قبر میں زندہ ہوں (آب حیات ص ۴۰) اور حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی یہ سابق واقعہ ذکر کر کے آخر میں لکھتے

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e. Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

ہیں : پس ثابت ہوا کہ اس آیت کریمہ کا حکم آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد بھی باقی ہے۔

(اعلاء السنن ج ۱۰ ص ۳۳۰)

ان اکابر کے بیان سے معلوم ہوا کہ قبر پر حاضر ہو کر شفاعت مغفرت کی درخواست کرنا قرآن کریم کی آیت کے عموم ثابت ہے' بلکہ امام سبکی فرماتے ہیں کہ یہ آیت کریمہ اس معنی میں صریح ہے (شفاء السقام ص ۱۲۸) اور خیر القرون میں یہ کارروائی ہوئی مگر کسی نے انکار نہیں کیا جو اس کے صحیح ہونے کی واضح دلیل ہے۔

(تسکین الصدور ص ۳۶۶-۳۶۵' ملخصا" مطبوعہ ادارہ نصرت العلوم گوجرانوالہ)

گنبد خضراء کی زیارت کے لیے سفر کا جواز

قرآن مجید کی اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کی قبر انور کے لیے سفر کرنا مستحسن اور مستحب ہے' شیخ ابن تیمیہ نے اس سفر کو سفر معصیت اور سفر حرام کہا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ اس سفر میں نماز کو قصر کرنا جائز نہیں ہے' ان کا استدلال اس حدیث سے ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا تین مسجدوں کے علاوہ اور کسی مسجد کی طرف کجاوے نہ کسے جائیں (سفر نہ کیا جائے) مسجد حرام' مسجد الرسول' اور مسجد اقصیٰ۔

(صحیح البخاری رقم الحدیث: ۱۱۸۹' صحیح مسلم' الحج: ۵۱۱' (۱۳۹۷) ۳۳۲۴' سنن ابوداؤد رقم الحدیث: ۲۰۳۳' سنن الترمذی رقم الحدیث: ۳۲۵' سنن نسائی رقم الحدیث: ۷۰۰' سنن ابن ماجہ رقم الحدیث: ۱۴۰۹' مسند الحمیدی رقم الحدیث: ۹۴۳' مسند احمد ج ۲ ص ۲۳۴' ۲۳۸' ۲۷۸' السنن الکبریٰ للنسائی رقم الحدیث: ۷۹۰' جامع الاصول ج ۹ رقم الحدیث: ۶۸۹۴)

حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ نے اس حدیث کے جواب میں فرمایا ہے: اس حدیث میں ان تین مساجد کے علاوہ مطلقاً سفر سے منع نہیں فرمایا بلکہ ان تین مسجدوں کے علاوہ اور کسی مسجد کے لیے سفر کرنے سے منع فرمایا ہے کیونکہ مستثنیٰ منہ مستثنیٰ کی جنس سے ہوتا ہے (فتح الباری ج ۳ ص ۶۵' مطبوعہ لاہور)

اور اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے' امام احمد بن حنبل روایت کرتے ہیں:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا: کسی مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے کسی سواری کا کجاوہ نہ کسا جائے سوائے مسجد حرام' مسجد اقصیٰ اور میری اس مسجد کے۔

(مسند احمد ج ۳ ص ۶۴' طبع قدیم دار الفکر' مسند احمد ج ۱ رقم الحدیث: ۱۱۵۵۲' طبع دار الحدیث قاہرہ' ۱۴۱۶ھ)

شیخ عبدالرحمان مبارک پوری متوفی ۱۳۵۲ھ نے اس حدیث پر یہ اعتراض کیا ہے کہ یہ حدیث شہر بن حوشب سے مروی ہے اور وہ کثیر الاوہام ہے جیسا کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے التقریب میں لکھا ہے۔

(تحفۃ الاحوذی ج ۱ ص ۲۷۱' طبع ملتان)

میں کہتا ہوں کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے التقریب میں لکھا ہے کہ شہر بن حوشب' بہت صادق ہے اور یہ بہت ارسال کرتا ہے اور اس کے بہت وہم ہیں۔ (تقریب التہذیب ج ۱ ص ۴۲۳' مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت)

اور حافظ ابن حجر عسقلانی شہر بن حوشب کے متعلق تہذیب التہذیب میں لکھتے ہیں:

امام احمد نے اس کے متعلق کہا اس کی حدیث کتنی حسین ہے اور اس کی توثیق کی' اور کہا کہ عبدالحمید بن بہرام کی

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat, Gujarat, India.

صحت کے قریب ہیں جو شہر بن حوشب سے مروی ہیں' داری نے کہا امام احمد شہر بن حوشب کی تعریف کرتے تھے امام ترمذی نے کہا امام بخاری نے فرمایا شہر حسن الحدیث ہے اور اس کا امر قوی ہے' ابن معین نے کہا یہ ثقہ ہے' ان کے علاوہ اور بہت ناقدین فن نے شہر کی توثیق کی ہے (تہذیب التہذیب ج ۴ ص ۷ ۳۳' دار الکتب العلمیہ بیروت' ۱۴۱۵ھ)

حافظ جمال الدین مزی متوفی ۷۴۲ھ' اور علامہ شمس الدین ذہبی متوفی ۷۴۸ھ نے بھی' شہر بن حوشب کی تعدیل میں یہ' اور بہت ائمہ کے اقوال نقل کیے ہیں (تہذیب الکمال ج ۸ ص ۴۰۹' میزان الاعتدال ج ۳ ص ۳۹۰' طبع بیروت)

علاوہ ازیں حافظ ابن حجر عسقلانی نے خصوصیت سے اس حدیث کے متعلق لکھا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے' (فتح الباری ج ۳ ص ۶۶) اور شیخ احمد شاکر متوفی ۱۳۷۳ھ نے بھی اس حدیث کے متعلق لکھا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے' کیونکہ امام احمد اور امام ابن معین نے شہر بن حوشب کی توثیق کی ہے۔ (مسند احمد ج ۱۰' ص ۲۰۱' طبع قاہرہ)

اس حدیث کا دوسرا جواب یہ ہے کہ اگر اس حدیث میں مستثنیٰ منہ مسجد کو نہ مانا جائے' بلکہ عام مانا جائے اور یہ معنی کیا جائے کہ ان تین مساجد کے سوا کسی جگہ کا بھی سفر کا قصد نہ کیا جائے تو پھر نیک لوگوں کی زیارت' رشتہ داروں سے ملنے' دوستوں سے ملنے' علوم مروجہ کو حاصل کرنے' تلاش معاش' حصول ملازمت' سیرو تفریح' سیاحت اور سفارت کے لیے سفر کرنا بھی ناجائز' حرام اور سفر معصیت ہو گا۔

شیخ مبارک پوری نے اس جواب پر یہ اعتراض کیا ہے رہا تجارت یا طلب علم یا کسی اور غرض صحیح کے لیے سفر کرنا تو ان کا جواز دوسرے دلائل سے ثابت ہے (اس لیے یہ ممانعت عموم پر محمول ہے)۔

(تحفۃ الاحوذی ج ۱ ص ۲۷۱' مطبوعہ نشر السنۃ ملتان)

میں کہتا ہوں کہ ہم نے جو سفر کی انواع ذکر کی ہیں وہ سب غرض صحیح پر مبنی ہیں اور ان کے جواز پر کون سے دلائل ہیں جو صحاح ستہ کی اس حدیث کی ممانعت کے عموم کے مقابلہ میں راجح ہوں؟ خصوصاً" نیک لوگوں' رشتہ داروں' دوستوں کی زیارت اور ان سے ملاقات کے لیے سفر کرنے' اسی طرح سائنسی علوم کے حصول' تلاش معاش' حصول ملازمت اور سیرو تفریح کے لیے سفر کرنے کے جواز پر کون سے دلائل ہیں؟ جو اس حدیث کی ممانعت پر راجح یا اس کے لیے ناسخ ہوں! نبی ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کے لیے سفر کرنے کے جواز پر اور بھی بہت دلائل ہیں اور ممانعت کی اس حدیث کی ہم نے ان مذکور توجیہات کے علاوہ اور بھی کئی توجیہات ذکر کی ہیں اس کے لیے شرح صحیح مسلم ج ۳ ص ۷۶۴۔ ۷۶۳ ملاحظہ فرمائیں' شیخ ابن تیمیہ نے جو اس سفر کو حرام کہا ہے' حافظ ابن حجر نے فرمایا یہ ان کا انتہائی مکروہ قول ہے۔

اور ملا علی بن سلطان محمد القاری المتوفی ۱۰۱۴ھ لکھتے ہیں۔

ابن تیمیہ حنبلی نے اس مسئلہ میں بہت تفریط کی ہے' کیونکہ اس نے نبی ﷺ کی زیارت کے لیے سفر کو حرام کہا ہے' اور بعض علماء نے اس مسئلہ میں افراط کیا ہے اور اس سفر کے منکر کو کافر کہا ہے اور یہ دوسرا قول صحت اور صواب کے زیادہ قریب ہے کیونکہ جس چیز کی اباحت پر اتفاق ہو اس کا انکار کفر ہے تو جس چیز کے استحباب پر علماء کا اتفاق ہو اس کو حرام قرار دینا بہ طریق اولیٰ کفر ہو گا۔ (شرح الشفاء علی حامش نسیم الریاض ج ۳ ص ۵۱۴' مطبوعہ بیروت)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے : تو (اے رسول مکرم) آپ کے رب کی قسم! یہ لوگ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک کہ ہر باہمی جھگڑے میں آپ کو حاکم نہ مان لیں' پھر آپ کے کیے ہوئے فیصلہ کے خلاف اپنے دلوں میں تنگی بھی نہ

Marfat.com

پائیں اور اس کو خوشی سے مان لیں۔ (النساء : ۶۵)

رسول اللہ ﷺ کا فیصلہ نہ ماننے والا مومن نہیں ہے

امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ روایت کرتے ہیں :

حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انصار کے ایک شخص نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے نبی ﷺ کے سامنے زمین کو سیراب کرنے والی پانی کی ایک نالی میں جھگڑا کیا وہ دونوں اس سے اپنے درختوں کو پانی دیتے تھے' رسول اللہ ﷺ نے حضرت زبیر سے فرمایا : اے زبیر تم اپنی زمین کو پانی دو' پھر پانی اپنے پڑوسی کے لیے چھوڑ دو' وہ انصاری غضبناک ہوا اور اس نے کہا یہ آپ کے عم زاد ہیں اس لیے! رسول اللہ ﷺ کا چہرہ متغیر ہو گیا' پھر آپ نے فرمایا : اے زبیر تم پانی دو پھر پانی کو روک لو حتی کہ وہ دیواروں کی طرف لوٹ جائے' حضرت زبیر نے کہا خدا کی قسم مجھے یقین ہے کہ یہ آیت اسی واقعہ کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ فلا وربک لا یؤمنون حتی یحکموک فیما شجر بینھم (صحیح البخاری رقم الحدیث : ۲۳۶۰' ۲۳۵۹' صحیح مسلم' رقم الحدیث : ۲۳۵۷' سنن ابوداؤد : ۳۶۳۷' سنن ترمذی' رقم الحدیث : ۳۰۳۸' سنن نسائی' رقم الحدیث : ۵۴۳۱' ۵۴۳۱' سنن کبری للنسائی' رقم الحدیث : ۱۱۰' سنن ابن ماجہ' رقم الحدیث : ۲۴۸۰' سنن کبری للبیہقی ج ۶ ص ۱۵۳)

امام ابن جریر نے اس آیت کے شان نزول میں دو حدیثیں ذکر کی ہیں مذکور الصدر حضرت عبداللہ بن الزبیر کی روایت بھی ذکر کی ہے اور وہ روایت بھی ذکر کی ہے جس میں مذکور ہے کہ ایک منافق اور ایک یہودی کا جھگڑا ہوا' منافق یہ فیصلہ کعب بن اشرف سے کرانا چاہتا تھا بعد ازاں جس کا حضرت عمر نے سر اڑا دیا تھا' امام ابن جریر نے لکھا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ یہ دونوں واقعے اس آیت کے نزول کا سبب ہوں۔ (جامع البیان ج ۵ ص ۱۰۱' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' ۱۴۰۹ھ)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کے فیصلہ کو نہ ماننے والا مومن نہیں ہے' کبھی ایسا ہوتا ہے کہ انسان ایک فیصلہ کو بہ ظاہر مان لیتا ہے' لیکن دل سے قبول نہیں کرتا اس لیے فرمایا کہ وہ آپ کے کیے ہوئے فیصلہ کے خلاف دل میں بھی تنگی نہ پائیں' بعض اوقات ایک عدالت سے فیصلہ کے بعد اس سے اوپر کی عدالت میں اس فیصلہ کے خلاف رٹ کرنے کا اختیار ہوتا ہے جیسے ہائی کورٹ کے فیصلہ کے خلاف سپریم کورٹ میں رٹ کی جا سکتی ہے لیکن نبی ﷺ کے فیصلہ کرنے کے بعد پھر کسی عدالت میں اس فیصلہ کے خلاف رٹ نہیں کی جا سکتی' اس لیے بعد میں فرمایا اس فیصلہ کو خوشی سے مان لو' اس آیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نبی ﷺ جو فیصلہ کریں وہ خطا سے مامون اور محفوظ بلکہ معصوم ہوتا ہے۔ یہ حکم قیامت تک کے لیے ہے اگر کوئی شخص کتنا ہی عبادت گزار ہو لیکن اس کے دل میں یہ خیال آئے کہ اگر حضور ایسا نہ کرتے اور ایسا کر لیتے تو وہ مومن نہیں رہے گا۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے : اور اگر ہم ان پر یہ فرض کر دیتے کہ اپنے آپ کو قتل کرو یا اپنے گھروں سے نکل جاؤ تو اس پر ان میں سے صرف کم لوگ عمل کرتے' اور جو ان کو نصیحت کی گئی ہے اگر یہ اس پر عمل کرتے تو ان کے لئے بہت بہتر ہوتا۔ (النساء : ۶۶)

marfat.com

Marfat.com

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

وما آتاكم الرسول فخذوه وما نهاكم عنه فانتهوا

اور رسول تم کو جو (احکام) دیں ان کو قبول کرو اور جن کاموں سے تم کو منع کریں ان سے باز رہو

شرح صحیح مسلم

(جلد ثانی)

مساجد، شفاعت، صلوۃ المسافرین، فضائل القرآن، جمعہ، صلوۃ العیدین
صلوۃ الاستسقاء، صلوۃ کسوف، جنائز، زکوۃ

WWW.NAFSEISLAM.COM

تصنیف

علامہ غلام رسول سعیدی
شیخ الحدیث، دار العلوم نعیمیہ کراچی ۳۸

ناشر:
فرید بک سٹال ۳۸ اردو بازار لاہور ۲

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَاخِرِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ ۔

کہ تم جاکر اہل بقیع کے لیے بخشش کی دعا کرو! حضرت عائشہ کہتی ہیں میں نے پوچھا: یارسول اللہ! کس طرح دعا کروں! آپ نے فرمایا جاکر کہنا: اے مومنوں اور مسلمانوں کے گھر والو! جو ہم سے پہلے جاچکے ہیں اور جو بعد میں جانے والے ہیں سب پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے اور ہم بھی ان شاء اللہ تمہارے ساتھ لاحق ہوں گے۔

۲۱۵۳ ۔ حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسَدِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُهُمْ اِذَا خَرَجُوْا اِلَى الْمَقَابِرِ فَكَانَ قَائِلُهُمْ يَقُوْلُ فِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ بَكْرٍ اَلسَّلَامُ عَلٰى اَهْلِ الدِّيَارِ وَفِيْ رِوَايَةِ زُهَيْرٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ نَسْاَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ ۔

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انھیں تعلیم دیتے تھے کہ جب وہ قبرستان جائیں تو کہیں السلام علی اهل الدیار اور ایک روایت میں ہے "السلام علیکم اهل الدیار من المؤمنین والمسلمین وانا انشاء الله بکم للاحقون، نسأل الله لنا ولکم العافیة۔" (اے مسلمانوں کے گھر والو! السلام علیکم، ان شاء اللہ ہم تمہارے ساتھ لاحق ہونگے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے اور تمہارے لیے عافیت کا سوال کرتے ہیں)۔

۲۱۵۴ ۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَاللَّفْظُ لِيَحْيٰى قَالَا نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ يَزِيْدَ يَعْنِي ابْنَ كَيْسَانَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَاْذَنْتُ رَبِّيْ اَنْ اَسْتَغْفِرَ لِاُمِّيْ فَلَمْ يَاْذَنْ لِيْ وَاسْتَاْذَنْتُهٗ اَنْ اَزُوْرَ قَبْرَهَا فَاَذِنَ لِيْ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے اپنے رب سے اپنی ماں کے لیے استغفار کی اجازت طلب کی تو اللہ تعالیٰ نے اجازت نہیں دی پھر اپنی ماں کی قبر کی زیارت کی اجازت مانگی تو اللہ تعالیٰ نے اجازت دیدی۔

۲۱۵۵ ۔ حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ زَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَ اُمِّهٖ فَبَكٰى وَاَبْكٰى مَنْ حَوْلَهٗ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَاْذَنْتُ رَبِّيْ فِيْ اَنْ اَسْتَغْفِرَ لَهَا فَلَمْ يُؤْذَنْ لِيْ وَاسْتَاْذَنْتُهٗ فِيْ اَنْ اَزُوْرَ قَبْرَهَا فَاُذِنَ لِيْ فَزُوْرُوا الْقُبُوْرَ فَاِنَّهَا تُذَكِّرُكُمُ الْمَوْتَ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی تو روئے اور آپ کے گرد کھڑے لوگ بھی روئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنے رب سے اپنی والدہ کے لیے استغفار کی اجازت مانگی تھی تو مجھے اجازت نہیں دی گئی، پھر ان کی قبر کی زیارت کے لیے اجازت مانگی تو مجھے اجازت دے دی گئی، پس قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ موت کو یاد دلاتی ہیں۔

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat,Gujarat,India.

قاعدہ کا اطلاق بھی یہاں صحیح نہیں ہے کیونکہ اس قاعدہ کے مطابق اول تو نفع اور ضرر ایک شخص کے لحاظ سے ہے اور جس معاملہ میں ہم گفتگو کر رہے ہیں وہاں وہ الگ الگ شخص ہیں۔ ثانیاً یہاں اعضاء کٹوانے میں اس شخص کو نفع بالکل نہیں ہے سراسر نقصان ہے جیسا کہ ہم اس سے پہلے دلائل سے واضح کر چکے ہیں۔

پوسٹ مارٹم، خون چڑھانے، حرام اشیاء سے علاج اور اعضاء کی پیوند کاری پر ہم نے بہت تفصیل سے گفتگو کی ہے، اس سلسلے میں پاکستان، اردن، مصر اور ایران کے علماء اور دانش وروں کے افکار اور تحقیقات کو پیش کیا ہے اور ان موضوعات پر قرآن، حدیث اور مذاہب اربعہ کے فقہاء کے اقوال اور تصریحات کی روشنی میں ہمیں جو بات سمجھ آئی ہے اور ہم نے جو موقف طے کیا ہے اس کو عقلی اور نقلی دلائل کے ساتھ ذکر کیا ہے اور جن علماء اور دانشوروں سے ہم نے اختلاف کیا ہے نہایت ادب کے ساتھ ان کے دلائل پر بحث و نظر کی ہے، ان موضوعات پر اگر ہمارا موقف حق و صواب ہے تو یہ محض اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے اور اگر ہمارا موقف غلط ہے تو یہ ہمارے قصور علم اور سوء فہم کا نتیجہ ہے۔ اللہ اور اس کا رسول اس سے بری ہیں۔ اس موضوع پر میں نے جو کاوش کی ہے اللہ تعالیٰ اس کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، اس کو تشنگان علم کی سیرابی کا سبب بنائے اور جو لوگ ان مسائل میں تحقیق کے طالب تھے یا ان مسائل میں کسی غلط موقف کا شکار رہتے ان کی ہدایت کا ذریعہ بنائے، اے اللہ! اس کتاب کے مصنف کو اور اس کے معاونین اور قارئین کو بخش دے۔ بے شک مصنف سرتا پا گناہوں میں غرقاب ہے تو اپنی رحمت سے اسے توبہ اور اعمال صالحہ کے ساحل کی طرف لے آ، اس کا ایمان اور نیکیوں پر خاتمہ کر اور اسے اپنی رحمتوں سے نواز، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت اور شفاعت سے بہرہ مند فرما، امین یا رب العلمین بجاہ حبیبك محمد سید المرسلین والحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی محمد خاتم النبیین وعلی الہ واصحابہ واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین۔

حضور کے والدین کا ایمان

حدیث نمبر ۲۱۵۴ میں ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنے رب سے اپنی والدہ کے لیے استغفار کی اجازت چاہی تو مجھے اجازت نہیں دی اور میں نے ان کی قبر کی زیارت کے لیے اجازت مانگی تو مجھے اجازت دے دی گئی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے آپکی والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت دی اس سے ثابت ہوا کہ آپکی والدہ ماجدہ مومن تھیں، کیونکہ کفار کی قبر پر کھڑے ہونے سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو منع فرما دیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ولا تصل علی احد منهم مات ابدا ولا تقم علی قبره۔ (التوبہ: ۸۴)۔

اور آپ کفار میں سے کسی کی نماز جنازہ پڑھیں نہ ان میں سے کسی کی قبر پر کھڑے ہوں۔ اگر آپ کی والدہ ماجدہ مومن نہ ہوتیں تو آپ کو ان کی قبر کی زیارت کی اجازت نہ دی جاتی کیونکہ کفار کی قبروں پر کھڑے ہونے سے آپ کو منع کر دیا گیا تھا۔

رہا یہ امر کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو والدہ کے لیے استغفار کی اجازت کیوں نہیں دی۔ اس کا جواب یہ ہے کہ غیر معصوم کے حق میں استغفار کرنا اس کے گنہگار ہونے کا وہم پیدا کرتا ہے یعنی اگر آپ اپنی والدہ کے لیے استغفار کرتے تو کسی شخص کو یہ وہم ہو سکتا تھا کہ شاید آپ کی والدہ نے کوئی گناہ کیا ہو گا جس کے لیے آپ استغفار کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ نے

آپ کو استغفار سے روک دیا تاکہ آپ کی والدہ کے متعلق کوئی شخص یہ وہم نہ کر سکے۔

یہ سوال نہ کیا جائے کہ ہو سکتا ہے کہ آپ کی والدہ شرک پر فوت ہوئی ہوں اور آپ اس کے لیے استغفار کی اجازت چاہتے ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس سے پہلے ہی آپ کو مشرکین کے لیے استغفار سے منع کر دیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ما كان للنبي والذين آمنوا ان يستغفروا للمشركين ۔ (توبہ: ۱۱۳) "نبی اور مسلمانوں کے لیے جائز نہیں کہ وہ مشرکین کے لیے استغفار کریں۔" یہ آیت ہجرت سے پہلے نازل ہوئی تھی اور والدہ کی زیارت آپ نے صلح حدیبیہ یا فتح مکہ کے بعد کی ہے۔

اہل سنت کا مسلک یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ نسب میں تمام آباء اور امہات مؤمن ہیں اور ان میں سے کسی کا خاتمہ کفر و شرک پر ہوا نہ ان میں سے کوئی کسی بدکاری میں ملوث رہا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نور ہمیشہ اصلاب طاہرین سے ارحام طاہرات کی طرف منتقل ہوتا رہا۔

علامہ سیوطی نے مسالک حنفاء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کریمین کے بارے میں اہل اسلام کے تین نظریات پیش کیے ہیں ایک یہ کہ آپ کے والدین اہل فترت میں سے تھے۔ اور تمام اہل فترت نجات یافتہ ہیں اس مسلک پر استغفار کی اجازت نہ دینے کی وجہ یہ تھی کہ پہلے آپ کی والدہ مکلف نہ تھیں اور غیر مکلف کے لیے استغفار نہیں کیا جاتا۔ دوسرا یہ کہ آپ کے سلسلہ نسب کے تمام آباء اور امہات مومن ہیں۔ اس مسلک پر استغفار کی اجازت نہ دینے کی وجہ یہ تھی تاکہ معصیت کا وہم پیدا نہ ہو۔ تیسرا نظریہ یہ ہے کہ قبر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کو زندہ کیا گیا اور وہ قبر میں آپ پر ایمان لا کر دولت ایمان سے مشرف ہوئے۔ اس مسلک پر استغفار کی اجازت نہ دینے کی وجہ واضح ہے۔ اہل اسلام کے تینوں نظریات کا خلاصہ ہم سطور ذیل میں پیش کر رہے ہیں۔

آپ کے والدین اہل فترت سے تھے

علامہ سیوطی لکھتے ہیں کہ شیخ عز الدین بن عبد السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا ہر نبی اپنی قوم کی طرف مبعوث کیا گیا اس بناء پر اس نبی کی ذریت اور اس قوم کے سوا سب لوگ اہل فترت سے ہوں گے اور والدین کریمین عیسیٰ علیہ السلام کی اولاد سے تھے نہ ان کی قوم سے اس لیے یہ بات ہر قسم کے شک و شبہ سے بالاتر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کریمین اہل فترت سے تھے اور اہل فترت کے نجات یافتہ ہونے پر درج ذیل آیات دلالت کرتی ہیں۔

وما كنا معذبين حتى نبعث رسولا ۔ (اسراء: ۱۵)

ہم اس وقت تک عذاب نہیں دینے والے جب تک کہ رسول کو نہ بھیج دیں۔

ولو انا اهلكناهم بعذاب من قبله لقالوا ربنا لولا ارسلت الينا رسولا فنتبع آياتك من قبل ان نذل ونخزى ۔ (طٰہٰ - ۱۳۴)

اور اگر ہم ان کو اس سے پہلے عذاب سے ہلاک کر دیتے تو وہ ضرور کہتے اے ہمارے رب تو نے ہماری طرف رسول کیوں نہیں بھیجا تاکہ ہم ذلیل اور رسوا ہونے سے پہلے تیری آیات کی پیروی کر لیتے۔

وما اهلكنا من قرية الا لها منذرون ○ ذكرى وما كنا ظالمين ○

ہم نے جس بستی کو بھی ہلاک کیا تو پہلے اس بستی میں اپنے عذاب سے ڈرانے والوں کو بھیجا اور ہم ظالم نہیں

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

(شعراء: ۲۰۹-۲۰۸) یں اگر بغیر تنبیہ کے عذاب نازل کردیں)

قرآن مجید کی ان آیات سے واضح طور پر معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی عادت جاریہ یہ ہے کہ جب تک کسی قوم میں نبی نہ بھیجے اس وقت تک ان کو مکلف قرار دیتا ہے نہ ان کو مستحق عذاب قرار دیتا ہے اور یہی لوگ اہل فترت ہیں اور از روئے قرآن نجات یافتہ ہیں اس اصول کے اعتبار سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین نجات یافتہ قرار پائے ہے۔

آپ کے تمام آباء اور امہات اہل ایمان سے ہیں

دوسرا مسلک یہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ نسب میں تمام آباء اور امہات مومن تھے اس پر علامہ سیوطی نے یہ دلیل قائم کی ہے کہ قرآن مجید میں ہے:

الذی یراک حین تقوم وتقلبک فی الساجدین۔ (شعراء: ۲۱۹)

وہ جو تمہیں دیکھتا رہتا ہے خواہ تم قیام میں ہو خواہ ساجدین میں منقلب ہو رہے ہو۔

علامہ سیوطی لکھتے ہیں: امام رازی نے اپنی کتاب اسرار التنزیل میں یہ تقریر کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور ساجدین میں سے ایک ساجد سے دوسرے ساجد کی طرف منتقل ہوتا رہا ہے یعنی آپ کے تمام آباء اور امہات اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرنے والے اور مومن تھے اور اس کی تائید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے ہوتی ہے: لم ازل انقل من اصلاب الطاھرین الی ارحام الطاھرات۔ میں ہمیشہ پاک پشتوں سے پاک رحموں کی طرف منتقل ہوتا رہا ہوں۔ خلاصہ یہ کہ آپ کے تمام آباء اور امہات سجدہ گزار، طیب وطاہر اور مومن تھے۔

اس نظریہ پر دوسری دلیل یہ ہے کہ روئے زمین کبھی اہل ایمان سے خالی نہیں رہا اور آپ کا نور ہر دور کے بہترین بنو آدم میں رہا از روئے قرآن اہل ایمان سے بہتر کوئی نہیں ہو سکتا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ولعبد مؤمن خیر من مشرک۔ (بقرہ: ۲۲۱) "بندہ مومن مشرک سے بہتر ہے" اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ کا نور ہر دور کے مومنوں میں گردش کرتا رہا جس سے ثابت ہوا کہ ہر دور میں آپ کے والدین کریمین مومن تھے۔

زمین کبھی اہل ایمان سے خالی نہیں رہی اس پر دلیل یہ ہے کہ امام عبد الرزاق نے مصنف میں ابن مسیب سے روایت کیا کہ قال علی بن ابی طالب لم یزل علی وجہ الدھر فی الارض سبعۃ مسلمون فصاعدًا فلولا ذلک ھلکت الارض ومن علیھا حضرت علی بن ابی طالب نے فرمایا "ہمیشہ روئے زمین پر کم از کم سات مسلمان رہے ہیں اگر ایسا نہ ہوتا تو زمین اور زمین والے سب ہلاک ہو جاتے" علامہ سیوطی فرماتے ہیں اس حدیث کی سند بخاری اور مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے اور یہ بات اگرچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے لیکن چونکہ محض عقل سے یہ بات نہیں کہی جا سکتی اس لیے یہ حدیث حکم مرفوع میں ہے۔

رہا یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ بنو آدم کے بہترین افراد سے مبعوث ہوئے ہیں اس پر دلیل یہ ہے کہ امام بخاری نے اپنی صحیح میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا: بعثت من خیر قرون بنی آدم قرنا فقرنا حتی بعثت من القرن الذی کنت فیہ۔ "میں ہر زمانہ میں بہترین لوگوں میں مبعوث ہوتا"

ے۵۔ علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ۔ الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۲۱۰ تا ۲۰۲، ملخصاً، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد۔

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat, Gujarat, India.

رہا حتیٰ کہ ان لوگوں میں مبعوث ہوا جن میں ہوں" اور امام بیہقی نے دلائل النبوۃ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا:
ما افترق الناس فرقتین الا جعلنی اللہ فی خیرھما فاخرجت من بین ابوی فلم یصبنی شئ من عھد الجاھلیۃ وخرجت من نکاح ولم اخرج من سفاح من لدن آدم حتی انتھیت الی ابی وامی فانا خیرکم نفسا وخیرکم ابا۔ " جب بھی لوگ دو گروہوں میں منقسم ہوئے اللہ تعالیٰ نے مجھے (یا میرے نور کو) ان میں سے بہتر گروہ میں رکھا پھر میں اپنے ماں باپ سے ظاہر ہوا در آں حالیکہ کبھی بھی زمانہ جاہلیت کی چیزوں نے مجھے نہیں چھوا، اور آدم سے لے کر میرے باپ تک میں ہمیشہ نکاح سے پیدا ہوا اور کبھی بھی بدکاری سے پیدا نہیں ہوا میں اپنی شخصیت اور نسب کے اعتبار سے تم سے افضل ہوں۔" اور امام ابو نعیم نے دلائل النبوۃ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یزل اللہ ینقلنی من الاصلاب الطیبۃ الی الارحام الطاھرۃ مصفی مھذبا لا ینشعب شعبتان الا کنت فی خیرھما۔ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ مجھے ہمیشہ پاک پشتوں سے پاک رحموں میں منتقل کرتا رہا در آں حالیکہ میں طیب و طاہر تھا اور جب بھی دو شاخیں بنی ہوئی میں بہترین شاخوں میں تھا۔" اور امام مسلم نے اپنی صحیح میں اور امام ترمذی نے اپنی جامع میں واثلہ بن اسقع سے روایت کیا: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ اصطفی من ولد ابراھیم اسماعیل واصطفی من ولد اسمعیل بنی کنانۃ واصطفی من بنی کنانۃ قریشا واصطفی من قریش بنی ھاشم واصطفانی من بنی ھاشم۔ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اولاد ابراہیم سے حضرت اسماعیل کو پسند فرمالیا اور اولاد اسماعیل سے بنو کنانہ کو پسند فرمالیا اور بنو کنانہ سے قریش کو پسند فرمالیا اور قریش سے بنو ہاشم کو پسند فرمالیا اور بنو ہاشم سے مجھے پسند فرمالیا۔"

امام ترمذی نے سند حسن کے ساتھ اور امام بیہقی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ حین خلقنی جعلنی من خیر خلقہ ثم حین خلق القبائل جعلنی من خیرھم قبیلۃ وحین خلق الانفس جعلنی من خیر انفسھم ثم حین خلق البیوت جعلنی من خیر بیوتھم فانا خیرھم بیتا وخیرھم نفسا ---- "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا فرمایا تو بہترین مخلوق سے پیدا فرمایا پھر جب اللہ تعالیٰ نے قبیلوں کو پیدا فرمایا تو مجھے بہترین قبیلہ میں رکھا، پھر جب لوگوں کو پیدا فرمایا تو مجھے بہترین لوگوں میں رکھا اور جب گھروں کو پیدا فرمایا تو مجھے بہترین گھر میں رکھا پس میں بحیثیت شخص کے بھی تم سب سے بہتر ہوں اور بحیثیت گھر کے بھی تم سب سے بہتر ہوں۔" [1]

ان تمام صحیح، مستند اور معتمد احادیث سے ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم سے لے کر حضرت عبد اللہ تک خیر القرون میں رکھا ہے اور خیر بہرحال مومن ہے اس لیے آپ کے سلسلہ نسب کے تمام والدین مومن تھے۔

[1] علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ، الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۲۱۳ تا ۲۱۰ ملخصاً مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat,Gujarat,India.

آزر حضرت ابراہیم کے چچا تھے

ایک سوال یہ کیا جاتا ہے کہ آپ کے سلسلہ نسب کے تمام والدین مومن تھے تو حضرت ابراہیم جو آپ کے آباء سے ہیں ان کے والد کو بھی مومن ہونا چاہیے حالانکہ حضرت ابراہیم کے والد آزر نص قرآن سے کافر ہیں اس کا جواب یہ ہے کہ لغت عرب اور قرآن و حدیث میں اب کا اطلاق چچا پر ہوتا ہے اور اہل تاریخ کی تصریحات سے ثابت ہے کہ حضرت ابراہیم کے والد تارخ تھے اور آزر آپ کے چچا تھے اس پر مزید دلیل یہ ہے کہ پہلے حضرت ابراہیم اپنے چچا آزر کے لیے استغفار کرتے رہے لیکن جب وہ کفر پر فوت ہو گئے تو حضرت ابراہیم ان سے بیزار ہو گئے اور پھر ان کے لیے استغفار نہیں کیا قرآن مجید میں ہے:

وما کان استغفار ابراھیم لابیہ الا عن موعدۃ وعدھا ایاہ فلما تبین لہ انہ عدو للہ تبرأ منہ۔ (توبۃ ١١٤)

ابراہیم کا اپنے چچا کے لیے استغفار کرنا صرف اس وعدہ کی وجہ سے تھا جو چچا نے ان سے کیا تھا، جب انھیں معلوم ہو گیا کہ ان کا چچا اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے۔

علامہ سیوطی لکھتے ہیں کہ محمد بن کعب، قتادہ، مجاہد اور حسن وغیرہ سے روایت ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام آزر کی حیات میں اس کے ایمان کی توقع رکھتے تھے اور جب وہ شرک پر فوت ہو گیا تو حضرت ابراہیم اس سے بیزار ہو گئے اس کے بعد نار نمرود کا واقعہ پیش آیا اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام نے شام کی طرف ہجرت کی اور وہاں حضرت سارہ کی وجہ سے ظالم بادشاہ کا واقعہ پیش آیا جس کے نتیجہ میں حضرت ہاجرہ آپ کو بطور باندی ملیں پھر آپ شام کو لوٹ گئے اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے حضرت ہاجرہ اور ان کے فرزند حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام کو مکہ کی وادی غیر ذی زرع میں ٹھہرایا جہاں حسب قرآن آپ نے یہ دعا کی: ربنا انی اسکنت من ذریتی بواد غیر ذی زرع ۔ اے اللہ! میں نے اپنی اولاد کو ایک بنجر وادی میں ٹھہرایا ہے۔ اور اس کے بعد یہ دعا مانگی:

ربنا اغفر لی ولوالدی وللمومنین یوم یقوم الحساب۔

اے ہمارے رب! میری مغفرت کر اور میرے والدین کی اور قیامت کے دن تمام مسلمانوں کی۔

اس طرح حضرت ابراہیم نے اپنے چچا کے ہلاک ہونے کے کافی عرصہ بعد اپنے والدین کے لیے مغفرت کی دعا کی جس سے ثابت ہوا کہ قرآن کریم میں جس کے کفر اور جس کے استغفار سے بیزاری کا ذکر کیا گیا ہے وہ حضرت ابراہیم کے چچا تھے والد نہ تھے کیونکہ اگر والد ہوتے تو بعد میں ان کے لیے استغفار نہ کرتے، اس سے ثابت ہوا کہ قرآن کریم میں جس کا آزر کے نام اور "اب" کے عنوان سے ذکر کیا گیا ہے وہ آپ کے چچا ہیں[1]

ایک اشکال کا جواب

ایک اشکال یہ کیا جاتا ہے کہ صحیح مسلم میں یہ حدیث ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ این ابی؟ میرا باپ کہاں ہے؟ آپ نے فرمایا: فی النار "جہنم میں" جب وہ چلا گیا تو آپ نے اس کو بلایا اور فرمایا کہ ان ابی واباک فی النار ۔ "تیرا باپ اور میرا باپ جہنم میں ہیں" اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں بھی باپ سے مراد چچا ہے۔

---

[1] علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ٩١١ھ، الحاوی للفتاوی ج ٢ ص ٢١٥ - ٢١٣ ملخصاً مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد۔

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat, Gujarat, India.

علامہ سیوطی نے ایک جامع اور کلی جواب یہ دیا ہے کہ جو احادیث بظاہر والدین کریمین کے ایمان اور ان کی مغفرت کے خلاف ہیں ان سب کا حکم قرآن مجید کی اس آیت سے منسوخ ہے "وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا" (اسراء: ۱۵)

تیسرا مسلک علماء اہلسنت میں سے ابن شاہین، حافظ ابوبکر خطیب بغدادی، سہیلی، قرطبی، محب طبری اور ناصر الدین ابن منیر وغیرہم کا نظریہ یہ ہے کہ قبر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کریمین کو زندہ کیا گیا اور وہ آپ پر ایمان لائے، علامہ سہیلی نے الروض الانف میں سند ضعیف کے ساتھ یہ روایت ذکر کی ہے:

عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سأل ربہ ان یحیی ابویہ فاحیاھما لہ فامنا بہ ثم اماتھما۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب سے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کے والدین کو زندہ کر دے اللہ تعالیٰ نے ان کو زندہ کر دیا وہ آپ پر ایمان لائے اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان پر پھر موت طاری کر دی۔

علامہ سیوطی لکھتے ہیں کہ علامہ سہیلی نے اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد فرمایا اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے حضرت ابراہیم اور حضرت عزیر کے لیے اللہ تعالیٰ نے مردوں کو زندہ کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے جن بے اندازہ اور کثیر خصوصیات کے ساتھ نوازا ہے ان کے پیش نظر کیا بعید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دل جوئی کے لیے آپ کے ابوین کو زندہ کر کے شرف اسلام سے مشرف فرمایا ہو۔ [۱]

علامہ سیوطی نے اس مضمون کی بہت سی احادیث پیش کی ہیں ہم نے اختصار کے پیش نظر ایک حدیث کو ذکر کر دیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ابوین شریفین کے ایمان کا مسئلہ ہر چند کہ اصولی اور اعتقادی نہیں ہے تاہم حسن عقیدت اور آپ سے محبت کا تقاضہ یہ ہے کہ ان کے ایمان کا قول کیا جائے کیونکہ ہمارے آباء اور امہات مومن ہوں اور سرکار کے ابوین مومن نہ ہوں اور ہمیں اپنے اباء کے ایمان اور اسلام کا شرف حاصل ہو اور آپ کو یہ شرف حاصل نہ ہو اس بات کو ایک مومن کی محبت اور غیرت ایمان گوارہ نہیں کرتی۔ اس باب میں کم سے کم بات یہ ہے کہ خاموشی اختیار کی جائے اور ابوین کریمین کے بارے میں کوئی ایسا کلمہ نہ کہا جائے جو ابوین کریمین کے استخفاف اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دل آزاری کا موجب ہو اللہ تعالیٰ ملا علی قاری کی مغفرت فرمائے انھوں نے اس باب میں محبت اور ادب کے تقاضوں کو ملحوظ نہیں رکھا۔

عورتوں کا قبروں کی زیارت کرنا حدیث نمبر ۲۱۵۶ میں ہے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم کو زیارت قبور سے منع کرتا تھا اب تم قبروں کی زیارت کیا کرو۔

یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ ایک حدیث دوسری حدیث کی ناسخ ہوتی ہے اور حدیث میں نسخ جاری تھا اس حدیث میں زیارت قبور کے جواز کا ثبوت ہے۔ مردوں کے لیے زیارت بالاتفاق جائز ہے۔ عورتوں کے لیے زیارت قبور میں اختلاف ہے۔ علامہ شامی نے لکھا کہ بزرگان دین کی قبروں پر بوڑھی عورتیں ان اوقات میں جا سکتی ہیں جن اوقات میں انھیں نماز پڑھنے کیلئے

---

[۱] علامہ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ۔ الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۲۳۰، مطبوعہ نوریہ رضویہ سکھر فیصل آباد

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

وَمَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا
اور رسول تم کو جو (احکام) دیں ان کو قبول کرو اور جن کاموں سے تم کو منع کریں ان سے باز رہو

شرح صحیح مسلم

جلد ثالث

صِیام، اعتکاف، حج، نِکاح، رِضاع، طَلاق، لِعان

تصنیف

علّامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی ۳۸

ناشر:
فرید بُک سٹال ۳۸۔اردو بازار، لاہور ۲

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَتْرُكُوْنَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى خَيْرِ مَا كَانَتْ لَا يَغْشَاهَا إِلَّا الْعَوَافِيْ يُرِيْدُ عَوَافِي السِّبَاعِ وَالطَّيْرِ ثُمَّ يَخْرُجُ رَاعِيَانِ مِنْ مُّزَيْنَةَ يُرِيْدَانِ الْمَدِيْنَةَ يَنْعِقَانِ بِغَنَمِهِمَا فَيَجِدَانِهَا وَحْشًا حَتّٰى إِذَا بَلَغَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ خَرَّا عَلٰى وُجُوْهِهِمَا۔

اپنی بکریوں کو ہانکتے ہوئے آئیں گے اور مدینہ میں وحشی جانور دیکھیں گے، جب ثنیۃ الوداع کے پاس پہنچیں گے تو منہ کے بل گر پڑیں گے۔

ف: علامہ نووی لکھتے ہیں کہ ظاہر یہ ہے کہ مدینہ منورہ چھوڑنے کا یہ واقعہ قرب قیامت میں ہوگا اور اس کی وضاحت مزینہ کے ان دو چرواہوں سے ہوتی ہے جو قیامت آنے پر منہ کے بل گر پڑیں گے، قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ یہ واقعہ عصر اول میں گزر چکا ہے اور یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے ہے کہ جب مسلمان دین اور دنیا کے لحاظ سے بہت بہتر تھے، ان میں علماء، صلحاء اور زہاد موجود تھے اور فتوحات کی کثرت تھی اور مال و دولت کی فراوانی تھی اس وقت انہوں نے مدینہ کو چھوڑ کر کوفہ اور دمشق کو دار الخلافت بنا لیا۔

بَابُ ۴۳۲ فَضْلِ مَا بَيْنَ قَبْرِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْبَرِهٖ وَفَضْلِ مَوْضِعِ مِنْبَرِهٖ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر اور منبر کی فضیلت

۳۲۶۴۔ وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ فِيْمَا قُرِئَ عَلَيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ الْمَازِنِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا بَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ۔

حضرت عبد اللہ بن زید مازنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بیت (گھر) اور منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

۳۲۶۵۔ وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ أَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَدَنِيُّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا بَيْنَ مِنْبَرِيْ وَبَيْتِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ۔

حضرت عبد اللہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بیت (گھر) اور منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

۲۲۶۶ - وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُثَنّٰى قَالَا نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ح قَالَ وَحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ نَا اَبِيْ قَالَ نَا عُبَيْدُ اللهِ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا بَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَمِنْبَرِيْ عَلٰى حَوْضِيْ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بیت (گھر) اور منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور میرا منبر میرے حوض پر ہے۔

قبر انور کی فضیلت کے متعلق روایات

حدیث نمبر ۲۲۶۶ میں ہے: ما بين بيتي ومنبري روضة من رياض الجنة حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں کہ فقط ابن عساکر کی روایات میں یہ حدیث ما بين قبري ومنبري روضة من رياض الجنة کے الفاظ سے ہے۔ حافظ ابن حجر لکھتے ہیں کہ بیت کی جگہ قبر کا لفظ خطاء ہے، تاہم حافظ ابن حجر عسقلانی نے یہ بھی لکھا ہے کہ امام بزار نے ثقہ راویوں کے ساتھ روایت کیا ہے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ما بين بيتي ومنبري روضة من رياض الجنة۔ اور امام طبرانی نے اوسط میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے مابین بیتی و منبری روضة من رياض الجنة[1] ہوسکتا ہے حافظ ابن حجر کی مراد یہ ہو کہ حضرت ابوہریرہ کی روایت میں بیت کی جگہ قبر کا ذکر کرنا خطاء ہے۔ بہرحال علامہ عینی نے حافظ ابن حجر کا رد کیا ہے اور لکھا ہے کہ قبر کے لفظ کو خطاء قرار دینا خود خطاء ہے کیونکہ امام بزار نے سند صحیح کے ساتھ قبر کا لفظ روایت کیا ہے اور امام طبرانی نے معجم اوسط میں رجال ثقات کے ساتھ اس لفظ کو روایت کیا ہے۔ اور بیت اور قبر کے لفظ میں کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ بیت سے مراد بیت عائشہ ہے اور اسی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر ہے[2]
ہر چند کہ بیت اور قبر کے لفظوں میں کوئی تعارض نہیں ہے، تاہم قبر کے لفظ کے ساتھ اس روایت کو ہم باحوالہ پیش کر رہے ہیں۔

حافظ نور الدین الہیثمی امام بزار کی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

عن عائشة بنت سعد عن ابيها ان النبي صلى الله عليه وسلم قال: ما بين بيتي و منبري، او قبري و منبري روضة من رياض الجنة۔[3]

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بیت اور منبر کے درمیان، یا میری قبر اور منبر کے درمیان جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔

[1] - حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۴ ص ۱۰۰، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور، ۱۴۰۱ھ
[2] - حافظ بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ عمدۃ القاری ج ۱۰ ص ۲۴۹، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ
[3] - حافظ نور الدین الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، کشف الاستار عن زوائد البزار ج ۲ ص ۵۶، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت ۱۴۰۴ھ

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat,Gujarat,India.

علامہ علی متقی ہندی فرماتے ہیں کہ امام احمد بن حنبل اور امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے اور خطیب اور امام ابن عساکر نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے:

مابین قبری و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ۔ [1]

میری قبر اور منبر کی درمیانی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

نیز علامہ علی متقی ہندی لکھتے ہیں امام ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔

مابین قبری و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ۔ [2]

میری قبر اور منبر کے درمیان جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔

امام بیہقی اپنی سنن میں روایت کرتے ہیں:

عن ابی هریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال مابین قبری و منبری و فی روایۃ ابن عبید قال مابین منبری و بیتی روضۃ من ریاض الجنۃ۔ [3]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری قبر اور منبر کی درمیانی جگہ اور ابن عبید کی روایت میں ہے میرے منبر اور بیت کی درمیانی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

کیا قبر انور حقیقۃً جنت کا باغ ہے؟

اس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بیت (یا میری قبر) اور منبر کے درمیانی جگہ جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے، چونکہ اس جگہ کو جنت پر محمول کرنا خلاف ظاہر تھا اس لیے فقہاء اسلام نے اس حدیث کی متعدد تاویلات کی ہیں: علامہ عینی نے فرمایا کہ یہ جگہ نزول رحمت اور حصول سعادات میں جنت کی مثل ہے اور ایک قول یہ ہے کہ اس جگہ عبادت کرنا دخول جنت کا سبب ہے یا یہ جگہ جنت میں منتقل کر دی جائے گی۔ [4]

علامہ ابو عبد اللہ وشتانی مالکی نے ان تمام تاویلات کا رد کیا ہے اور اس حدیث کو اس کے ظاہر پر محمول کیا ہے، علامہ وشتانی لکھتے ہیں: ہمارے شیخ ابو عبد اللہ فرماتے ہیں کہ اس میں کوئی امتناع یا استبعاد نہیں ہے کہ یہ جگہ بنفسہ جنت کا ایک ٹکڑا ہو، یہ امر ممکن ہے اور شارع علیہ السلام نے اس کے وقوع کی خبر دی ہے (اس لیے اس پر ایمان لانا ضروری ہے) شیخ پر اعتراض کیا گیا کہ اس جگہ کے جنت ہونے سے مانع یہ چیز ہے کہ حدیث میں جنت کی جو صفات ذکر کی گئی ہیں وہ اس جگہ نہیں پائی جاتیں۔ شیخ نے فرمایا یہ ہو سکتا ہے کہ یہاں پر وہ صفات ہوں اور ہمیں نظر نہ آتی ہوں، شیخ پر اعتراض کیا گیا کہ حکماء نے بیان کیا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ ہمارے سامنے بڑے بڑے دریا اور پہاڑ ہیں جو ہمیں نظر نہیں آ رہے تو اس کا یہ قول فاسد ہے۔ شیخ نے فرمایا اگر نبی علیہ السلام یہ فرمائیں کہ ہمارے سامنے بڑے بڑے پہاڑ اور دریا ہیں جو ہمیں نظر نہیں آ رہے تو ہمیں اس پر ایمان لانا واجب ہے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

---

[1] علامہ علاء الدین علی متقی بن حسام الدین ہندی متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۱۲ ص ۲۶۰، مؤسسۃ الرسالہ بیروت، ۱۴۰۵ھ

[2] " " " " کنز العمال ج ۱۲ ص ۲۶۱

[3] حافظ ابو بکر احمد بن حسین بن علی بیہقی متوفی ۴۵۸ھ، السنن الکبریٰ ج ۵ ص ۲۴۶، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان۔

[4] علامہ بدر الدین عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۱۰ ص ۲۴۱، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر ۱۳۴۸ھ۔

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat, Gujarat, India.

مجھے اس دیوار کے عرض میں جنت اور دوزخ دکھائی گئی اور آپ کا یہ فرمانا حقیقت پر محمول ہے۔ [۵]

علامہ ابو عبداللہ وشتانی مالکی نے اپنے شیخ رحمہ اللہ کی جو یہ تقریر نقل کی ہے یہی حق اور صواب ہے۔

قبر انور کعبہ اور عرش سے افضل ہے

اس مقام پر ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کی افضلیت کا مسئلہ بیان کرنا چاہتے ہیں۔ شیخ ابن تیمیہ اور ان کے موافقین کے سوا تمام متقدمین اور متاخرین علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کائنات کی ہر جگہ سے افضل ہے حتیٰ کہ کعبہ اور عرش سے بھی افضل ہے۔

قاضی عیاض مالکی متوفی ۵۴۴ھ لکھتے ہیں:

ولا خلاف ان موضع قبره افضل بقاع الارض۔ [۶]

اس بات میں علماء کے درمیان کسی قسم کا اختلاف نہیں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی جگہ تمام روئے زمین سے افضل ہے۔

تمام علماء تسلسل اور تواتر کے ساتھ قبر انور کی تمام روئے زمین پر فضیلت کا اظہار کرتے رہے۔ [۷] تا آنکہ آٹھویں صدی میں شیخ ابن تیمیہ حنبلی نے اس کا سب سے پہلے انکار کیا، شیخ ابن تیمیہ لکھتے ہیں:

جس مٹی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدفون ہیں اس کے بارے میں مجھے یہ علم نہیں کہ کسی نے اس کو مسجد حرام (کعبہ) مسجد نبوی یا مسجد اقصیٰ سے افضل کہا ہو۔ البتہ قاضی عیاض نے ذکر کیا ہے کہ اس پر اجماع ہے اور ہماری معلومات کے مطابق ان سے پہلے یہ کسی نے نہیں کہا ہے اور اس اجماع پر کوئی دلیل نہیں ہے، ہاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بدن تمام مساجد سے افضل ہے۔ جس جگہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے یا جس جگہ مدفون ہوئے اس کا افضل ہونا لازم نہیں ہے، نہ اس کا افضل ہونا لازم نہیں سے آپ پیدا ہوئے، کیونکہ کوئی شخص بھی اس کا قائل نہیں ہے کہ (حضرت) عبداللہ کا بدن انبیاء (علیہم السلام) کے ابدان سے افضل ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ زندہ سے مردہ نکالتا ہے اور مردہ سے زندہ، نوح نبی کریم ہیں اور ان کا بیٹا کافر تھا جو غرق کیا گیا اور ابراہیم خلیل الرحمن ہیں اور ان کا باپ آزر کافر تھا (حضرت ابراہیم کے باپ تارخ تھے) اور جن عبارات کی ان تین مسجدوں پر دلالت ہے وہ مطلق ہیں اور ان میں کوئی استثناء نہیں ہے، نہ انبیاء کی قبروں کا استثناء ہے نہ صالحین کی قبروں کا، اور اگر قاضی عیاض کی بات حق ہو تو ہر نبی بلکہ ہر نیک آدمی کا مدفن ان مساجد سے افضل ہو جو اللہ کے گھر ہیں اور اس طرح مخلوقین کے گھر خالق کے ان گھروں سے افضل قرار پائیں گے جنہیں بلند کرنے اور ان میں اللہ کا نام لینے کی اجازت دی گئی ہے اور یہ قول دین میں بدعت ہے اور اصول اسلام کے خلاف ہے۔ [۸]

۵۔ علامہ ابو عبداللہ وشتانی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۳ ص ۴۷۲، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۶۔ قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی اندلسی متوفی ۵۴۴ھ، شفاء ج ۲ ص ۷۵، مطبوعہ عبدالتواب اکیڈمی ملتان۔
۷۔ قاضی عیاض سے پہلے علامہ ابن عقیل حنبلی اور علامہ ابوالولید باجی مالکی نے بھی اس اجماع کا ذکر کیا ہے جس کا ذکر آئندہ آرہا ہے۔
۸۔ شیخ ابوالعباس تقی الدین احمد بن تیمیہ الحرانی المتوفی ۷۲۸ھ، فتاویٰ ابن تیمیہ ج ۲۷ ص ۳۸-۳۷ مطبوعہ بامر فہد بن عبدالعزیز آل السعود۔

شیخ ابن تیمیہ نے اپنے اس نظریہ پر جو دلائل قائم کیے ہیں یہ ان کی اس مشہور بدعت پر مبنی ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے لیے جسمیت کے قائل ہیں۔ علامہ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں کہ ابن تیمیہ نے اللہ تعالیٰ کے (آسمان سے) نازل ہونے کی حدیث بیان کی پھر منبر کی دو سیڑھیوں سے اتر کر بیان کیا کہ میرے اس اترنے کی طرح (اللہ تعالیٰ اترتا ہے) اس وجہ سے یہ کہا گیا کہ ابن تیمیہ اللہ تعالیٰ کے لیے جسمیت کا قائل ہے[1]

شیخ ابن تیمیہ نے قاضی عیاض رحمہ اللہ کا رد کرتے ہوئے جس طرح انبیاء علیہم السلام کی قبروں اور مساجد میں تقابل بیان کیا ہے اور کہا ہے کہ انبیاء کی قبریں افضل ہوں اور اللہ کے گھر مفضول ہوں اس سے اسی عقیدۂ تجسیم کی بو آتی ہے۔

شیخ ابن تیمیہ کے فاسد عقائد

شیخ ابن تیمیہ کو جن بدعات اور بدعقیدگیوں کی وجہ سے بار بار قید خانہ میں ڈالا گیا اور تادم مرگ وہ قید خانہ میں ہی رہے ان بدعات اور بدعقیدگیوں کا ذکر کرتے ہوئے حافظ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں شیخ ابن تیمیہ نے عقیدہ حمویہ اور واسطیہ میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہاتھ، پیر، چہرہ اور پنڈلی کا جو ذکر آیا ہے وہ اس کی صفات حقیقیہ ہیں اور اللہ تعالیٰ عرش پر بذاتہ مستوی ہے، اس سے کہا گیا کہ اس سے تحیز اور انقسام لازم آئے گا تو اس نے کہا میں یہ نہیں مانتا کہ تحیز اور انقسام اجسام کے خواص میں سے ہے اسی وجہ سے ابن تیمیہ کے بارے میں کہا گیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے لیے تحیز اور انقسام کا قائل ہے۔ بعض لوگوں نے ابن تیمیہ کو زندقہ (بے دینی اور گمراہی) کی طرف منسوب کیا کیونکہ وہ کہتا تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مدد نہیں مانگی جا سکتی۔ اس قول میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تنقیص ہے اور آپ کی تعظیم کا انکار ہے۔ بعض لوگوں نے کہا کہ ابن تیمیہ منافق ہے کیونکہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں کہتا تھا کہ آپ نے سترہ مقامات پر خطا کی اور کتاب اللہ کی مخالفت کی وہ جہاں بھی گئے انہوں نے شکست کھائی، انہوں نے بار بار خلافت حاصل کرنے کی کوشش کی اور ناکام رہے، اور ان کی جنگ حکومت کے لیے تھی دین کے لیے نہیں تھی اور ابن تیمیہ نے کہا کہ عثمان مال سے محبت کرتے تھے حضرت ابوبکر کے بارے میں کہا وہ بوڑھے تھے وہ نہیں جانتے تھے کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں۔ حضرت علی کے بارے میں کہا کہ وہ بچپن میں اسلام لائے تھے اور بچپن کا اسلام لانا ایک قول کے مطابق صحیح نہیں ہوتا[2] اور حضرت علی سے بغض رکھنا نفاق کی علامت ہے۔

ہم نے شیخ ابن تیمیہ کی ان بدعات اور فاسد عقائد کا ذکر اس لیے کیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کی تعظیم میں قاضی عیاض رحمہ اللہ نے جس اجماعی عقیدہ کا ذکر کیا ہے اس کو بدعت اور خلاف اسلام کہنے والے شخص کی اپنی شرعی حیثیت کا تعین کیا جا سکے اور اس پر غور کیا جا سکے کہ آیا شیخ ابن تیمیہ کو اسلام کی نمائندگی کرنے کا حق ہے یا نہیں؛ اس درمیانی بحث کے بعد ہم پھر اصل مبحث کی طرف لوٹتے ہیں۔

---

[1] حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ: الدرر الکامنہ ج ۱ ص ۱۵۴، مطبوعہ دار الجیل بیروت

[2] " " الدرر الکامنہ ج ۱ ص ۱۵۵، " "

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e. Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat,Gujarat,India.

کعبہ اور عرش پر قبر انور کی فضیلت کے بارے میں فقہاء اسلام کی تصریحات

قاضی عیاض رحمہ اللہ نے جو تحریر فرمایا ہے کہ تمام علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر تمام روئے زمین سے افضل ہے اس کی شرح کرتے ہوئے علامہ خفاجی لکھتے ہیں:

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور صرف تمام روئے زمین سے ہی افضل نہیں، بلکہ تمام آسمانوں سے، عرش سے اور کعبہ سے بھی افضل ہے جیسا کہ علامہ سبکی رحمہ اللہ نے نقل کیا ہے، اس کی وجہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا شرف اور آپ کی عالی قدر ہے۔ علامہ قرافی نے قواعد میں لکھا ہے کہ فضیلت کے کئی اسباب ہوتے ہیں، کبھی کسی چیز کی ذات میں فضیلت ہوتی ہے جیسا کہ علم میں ہے کبھی کثرت عبادت کی وجہ سے فضیلت ہوتی ہے۔ کبھی ظرف کی وجہ سے فضیلت ہوتی ہے کبھی مجاورت (قرب اور اتصال) کی وجہ سے فضیلت ہوتی ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید کی جلد کی قرآن مجید کی وجہ سے فضیلت ہے اور کبھی کسی جگہ مقام کرنے کی وجہ سے اس مقام کی فضیلت ہوتی ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی فضیلت تمام روئے زمین پر ہے لہٰذا شفاء میں جو لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر سب سے افضل ہے اس کے انکار کی کوئی وجہ نہیں ہے اور یہ کہنا غلط ہے کہ افضلیت کا مدار اعمال ہیں اور قبر پر کوئی عمل نہیں ہے، اس سے تو یہ لازم آئے گا کہ صرف قرآن مجید افضل ہو اور اس کی جلد افضل نہ ہو اور اس بات کا باطل ہونا بالکل بدیہی ہے۔ علامہ سبکی نے اس کی موافقت میں فرمایا اس پر اجماع ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر روئے زمین میں سب سے افضل ہے اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ مکہ مدینہ سے افضل ہے تو اس سے قبر انور مستثنیٰ ہے۔ جیسا کہ یہ اشعار ہیں:

جزم الجميع بان خير الارض ما ——— قد احاط ذات المصطفى وحواها

تمام مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ روئے زمین میں سب سے افضل جگہ وہ ہے جہاں مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم فروکش ہوں

ونعم لقد صدقوا بساكنها علت ——— كالنفس حين زكت زكى ماواها

اور انھوں نے کیا ہی سچی بات کہی ہے کیونکہ جب کوئی شخص عظیم ہو تو اس کے رہنے کی جگہ بھی عظیم ہوتی ہے۔

اور علامہ ابن عبدالسلام نے فرمایا کہ عمل کے علاوہ اور وجوہات سے بھی فضیلت ہوتی ہے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر تمام جگہوں سے افضل ہے کیونکہ آپ کی قبر پر اللہ تعالیٰ کی رحمت، رضوان اور فرشتوں کا نزول ہوتا رہتا ہے اس لیے یہ دلیل دینے کی ضرورت نہیں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اور آپ وہاں اعمال کر رہے ہیں اور آپ کے اعمال کا بہت زیادہ ثواب ہوتا ہے ہرچند کہ یہ بات صحیح ہے، اور اگر ہم یہ مان لیں کہ قبر میں فی نفسہٖ کوئی فضیلت نہیں ہے تب بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قبر میں رہنے کی وجہ سے اس کی فضیلت ہے اور احناف میں سے علامہ سروجی نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی فضیلت کے سبب یہ کافی ہے کہ ہر شخص اس جگہ دفن کیا جاتا ہے جہاں کی مٹی سے اس کی پیدائش ہوتی ہے (علامہ خفاجی فرماتے ہیں) میں کہتا ہوں کہ اس سے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کی فضیلت بھی ثابت ہوتی ہے جن کی قبریں آپ کی قبر کے ساتھ ہیں، عوارف المعارف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اجزاء بدنی زمین کی ناف سے لیے گئے ہیں جو کعبہ کی جگہ ہے اور وہی جگہ تکوین کی اصل

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat, Gujarat, India.

ہے اور تمام کائنات اس کے تابع ہے اور جب طوفان نوح آیا تو وہ مٹی بہہ کر مدینہ میں اس جگہ آگئی جہاں آپ کی قبر ہے، لیکن یہ بات عجیب خیز ہے اور بغیر نقل کے ثابت نہیں ہوگی، اور اس بات کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ بعض روایات میں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی جگہ کی زیارت کی اور یہ خبر دی کہ عنقریب آپ کو اس جگہ دفن کیا جائے گا پھر بنی اسرائیل کے چار سو خبر دینے والے آپ کی بعثت کا انتظار کرتے رہے اور جب آپ مبعوث ہوگئے تو انھوں نے نہیں پہچانا فلعنۃ اللہ علی الکافرین، اور اس مقام پر یہ بحث کی جاتی ہے کہ قبر کی جو جگہ آپ کے جسد اطہر سے متصل ہے جب وہ تمام روئے زمین سے افضل ہے تو اس سے یہ لازم آئے گا کہ بغیر کسی اختلاف کے مدینہ، مکہ سے افضل ہو کیونکہ اسی زمین کے ٹکڑے کا کچھ زیادتی کے ساتھ نام مدینہ ہے اور خبر کی زیادتی بھی خیر ہوتی ہے۔ پھر فقہاء اسلام نے مدینہ کی افضلیت میں کیوں اختلاف کیا؟، علاوہ ازیں ہم یہ کہیں گے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے مدینہ ہجرت کی اور وہاں رہائش اختیار کی تو مدینہ مکہ سے افضل ہوگیا کیونکہ مکان کا شرف مکین سے ہوتا ہے، اور ہمارے شیخ علامہ قاسم کے کلام کا تقاضا یہ ہے کہ زمین کے جس ٹکڑے کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم متصل ہے اس جگہ کی فضیلت آپ کے دفن، بلکہ آپ کے وصال بلکہ آپ کی ہجرت سے بھی پہلے ثابت ہے، اس جگہ کی کعبہ، عرش، اور کرسی پر فضیلت آپ کے دفن کے بعد ہوئی ہے۔ پھر ایک بحث یہ ہے کہ جنت میں جو آپ کا مقام ہوگا کیا یہ جگہ اس سے بھی افضل ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جب تک آپ اس جگہ پر ہیں یہ جگہ افضل ہے اور جب آپ جنت میں تشریف لے جائیں گے تو جنت افضل ہوگی اور ایک قول یہ ہے کہ یہ جگہ جنت سے نقل کی گئی ہے یا جنت اس جگہ منتقل کردی جائے گی۔[1]

علامہ قسطلانی لکھتے ہیں کہ اس بات پر اجماع ہے کہ زمین کے جس ٹکڑے کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم متصل ہے وہ تمام روئے زمین حتی کہ کعبہ سے بھی افضل ہے جیسا کہ امام ابن عساکر، علامہ باجی اور قاضی عیاض نے فرمایا ہے (یاد رہے کہ قاضی عیاض کی وفات ۵۴۴ھ میں ہے۔ امام ابن عساکر کی وفات ۵۷۱ھ میں ہے اور علامہ ابو الولید باجی کی وفات ۴۹۴ھ میں ہے، اس لیے شیخ ابن تیمیہ متوفی ۷۲۸ھ کا یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ قاضی عیاض سے پہلے یہ اجماع کسی نے ذکر نہیں کیا، لگتا ہے کہ امام ابن عساکر اور علامہ ابو الولید باجی کی تصریحات شیخ ابن تیمیہ کی نظر سے نہیں گذریں، سعیدی) بلکہ تاج الدین سبکی نے بھی یہ اجماع نقل کیا ہے جیسا کہ سید سمہودی نے فضائل مدینہ میں ابن عقیل حنبلی سے نقل کیا ہے کہ یہ جگہ عرش سے بھی افضل ہے اور علامہ فاکہانی نے تصریح کی ہے کہ "یہ جگہ آسمانوں سے افضل ہے اور ان کی عبارت یہ ہے کہ ہر چند کہ کسی نے اس کا صراحت سے ذکر نہیں کیا تاہم علماء امت پر یہ بات پیش کی جاتی تو ان کا اس میں اختلاف نہ ہوتا کہ یہ جگہ آسمانوں سے افضل ہے، جبکہ احادیث میں وارد ہے کہ آسمانوں کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں کے ساتھ مشرف کیا گیا، بلکہ اگر یہ بھی کہا جائے کہ تمام زمین کے حصے تمام آسمانوں سے افضل ہیں، تو مستبعد نہیں ہے کیونکہ زمین کو یہ شرف حاصل ہے کہ اس میں آپ فروکش ہیں بلکہ میرے نزدیک یہی متعین ہے"۔ اور بعض علماء نے یہ حکایت کی ہے کہ زمین کی مٹی سے انبیاء علیہم السلام پیدا کیے گئے اور اسی میں دفن ہوئے اس

[1] علامہ شہاب الدین خفاجی متوفی ۱۰۶۹ھ، نسیم الریاض ج ۳ ص ۵۳۱-۵۳۲، مطبوعہ دار الفکر بیروت

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

لیے زمین آسمانوں سے افضل ہے. لیکن علامہ نووی نے یہ لکھا ہے کہ جمہور کا یہ نظریہ ہے کہ آسمان زمین سے افضل ہیں یعنی زمین کے ان حصوں کے ماسوا سے جن میں انبیاء علیہم السلام مدفون ہیں۔ ہم نے جو یہ بیان کیا ہے کہ جس جگہ کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بدن متصل ہے وہ تمام روئے زمین سے افضل ہے. اس پر یہ سوال ہوتا ہے کہ زمان و مکان کے تمام حصص اور افراد فی ذاتہ متساوی ہیں اور ان کی فضیلت ان میں کیے جانے والے اعمال سے ہوتی ہے۔ علامہ تقی الدین سبکی نے اس کے جواب میں فرمایا ہے کہ اعمال کے علاوہ بھی زمان اور مکان کو فضیلت حاصل ہوتی ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر اللہ تعالیٰ کی رحمت، رضوان اور فرشتے نازل ہوتے ہیں اور اس جگہ اور اس میں رہنے والے کو جو اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل ہے اس کا ادراک کرنے سے عقول عاجز ہیں، علاوہ ازیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اور وہاں آپ کے اعمال دو گنے چوگنے ہو رہے ہیں اور قاضی عیاض نے فرمایا ہے کہ جس جگہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم فروکش ہیں اس کی فضیلت دو اعتبار سے ہے ایک اس لحاظ سے کہ آپ اس جگہ کی مٹی سے پیدا ہوئے ہیں اور دوسرے اس لحاظ سے کہ اس جگہ فرشتوں کا اور اللہ تعالیٰ کی برکتوں کا نزول ہوتا ہے. اور ہم یہ نہیں مانتے کہ اس جگہ کی فی نفسہٖ کوئی فضیلت ہے. بلکہ اس جگہ کی فضیلت اس وجہ سے ہے کہ آپ اس جگہ آرام فرما ہیں[۵۱]

حضرت ملا علی قاری فرماتے ہیں: قاضی عیاض اور دوسرے علماء نے اس پر اجماع نقل کیا ہے کہ جس جگہ کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم مبارک متصل ہے وہ کعبہ سے بھی افضل ہے، اور اختلاف قبر مبارک کے ماسوا میں ہے، اور ابن عقیل حنبلی نے نقل کیا ہے کہ یہ جگہ عرش سے بھی افضل ہے اور فاکہانی نے تصریح کی ہے کہ یہ جگہ آسمانوں سے افضل ہے، اور کہا ہے کہ ظاہر اور متعین یہ ہے کہ تمام روئے زمین تمام آسمانوں سے افضل ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم زمین پر آرام فرما ہیں اور اس لیے بھی کہ انبیاء علیہم السلام زمین سے پیدا ہوئے اور زمین میں دفن ہوئے. علامہ نووی نے کہا ہے کہ جمہور کا موقف یہ ہے آسمان زمین سے افضل ہے یعنی اس جگہ کے ماسوا جس کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جسم متصل ہے[۵۲]

علامہ علائی لکھتے ہیں کہ جو جگہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم کے ساتھ متصل ہے وہ مطلقاً افضل ہے حتیٰ کہ کعبہ اور عرش سے بھی افضل ہے[۵۳]

علامہ شامی لکھتے ہیں کہ صاحب لباب نے کہا ہے کہ جو جگہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک سے متصل ہے وہ جگہ تمام روئے زمین سے افضل ہے[۵۴]

علامہ محمد بن یوسف صالحی شامی لکھتے ہیں: علامہ ابو الولید باجی اور قاضی عیاض وغیرہ نے لکھا ہے کہ جو جگہ نبی صلی

۵۱۔ علامہ احمد بن محمد قسطلانی متوفی ۹۱۱ھ، المواہب اللدنیہ ج ۲ ص ۳۹۶ - ۳۹۵، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔
۵۲۔ علامہ علی بن سلطان محمد القاری متوفی ۱۰۱۴ھ مرقات ج ۲ ص ۱۹۰، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان۔ ۱۳۹۰ھ
۵۳۔ علامہ علاؤ الدین حصکفی متوفی ۱۰۸۸ھ، در مختار علی ہامش الرد ج ۲ ص ۲۵۲، مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۸ھ
۵۴۔ علامہ محمد امین ابن عابدین شامی متوفی ۱۲۵۲ھ، رد المحتار ج ۲ ص ۲۵۲ مطبوعہ مطبعہ عثمانیہ استنبول ۱۳۲۸ھ۔

SHAIKH
MOHAMMED SHAKIL
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

اللہ علیہ وسلم کے ساتھ متصل ہے وہ کعبہ سے افضل ہے۔ اسی طرح علامہ ابوالیمن بن عساکر نے تحفہ میں لکھا ہے اور ابو محمد عبداللہ بن ابی عمر بسکری نے بھی اس پر یقین کیا ہے بلکہ قاضی تاج الدین سبکی نے ابن عقیل حنبلی سے نقل کیا ہے کہ یہ جگہ عرش سے بھی افضل ہے۔[1]

نوٹ: یاد رہے کہ علامہ ابوالولید باجی کا سن وفات ۴۹۴ھ ہے اور ابن عقیل حنبلی کا سن وفات ۵۱۳ھ ہے، ان دونوں نے تصریح کی ہے کہ یہ جگہ کعبہ اور عرش سے افضل ہے اور یہ دونوں قاضی عیاض متوفی ۵۴۴ھ سے مقدم ہیں، اس طرح واضح ہو جاتا ہے کہ شیخ ابن تیمیہ کا یہ لکھنا کہ قاضی عیاض سے پہلے کسی نے یہ قول نہیں کیا، خلاف واقع کذب اور غلط بیانی ہے۔

نیز علامہ محمد بن یوسف صالحی شامی لکھتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی فضیلت کا باعث ہیں، یہ امت خیر امت آپ ہی کی وجہ سے ہے تو پھر آپ کی قبر انور تمام روئے زمین سے افضل کیوں نہیں ہوگی جبکہ آپ منبع فیض و خیرات ہیں اور آپ کی قبر شریف پر آنا اور آپ کی زیارت کرنا، آپ کی شفاعت اور آپ کے وسیلہ کا سوال کرنا تمام عبادات سے افضل ہے اور آپ کی قبر کے پاس دعائیں قبول ہوتی ہیں پھر آپ کی قبر افضل کیوں نہ ہوگی جبکہ وہ ان خیرات کا سبب ہے اور وہ روضۃ من ریاض الجنۃ ہے بلکہ افضل ریاض الجنۃ ہے اور حدیث شریف میں ہے کہ جنت میں ایک کمان جتنی جگہ بھی مل جائے تو دنیا و ما فیہا سے افضل ہے۔[2]

قبر انور کے افضل از عرش ہونے پر دلائل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کی افضلیت پر میرے شیخ علامہ سید سید احمد کاظمی قدس سرہ نے یہ دلیل دی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام چوتھے آسمان پر ہیں، اور وہ اللہ کے شکر گزار بندے ہیں کیونکہ تمام انبیاء شاکرین ہیں اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:
لئن شکرتم لازیدنکم (ابراھیم: ۷) "اگر تم شکر کرو تو میں تمہاری نعمتوں میں زیادتی کر دوں گا" اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ کو زمین سے چوتھے آسمان کی بلندی پر رکھا اگر اس سے زیادہ بلندی اور عظمت عرش پر ہوتی تو اللہ تعالیٰ آپ کو عرش پر لے جاتا کیونکہ شکر سے نعمت میں اضافہ ہوتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ آپ کو زمین پر لاکر قرب قیامت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جوار میں دفن کرائے گا، معلوم ہوا کہ عظمت اور بلندی عرش پر نہیں آپ کے قرب اور جوار میں ہے اور اس جگہ ہے جہاں آپ مدفون ہیں اس سے معلوم ہوا کہ آپ کی قبر انور عرش معلیٰ سے افضل ہے۔

میرے استاذ علامہ عطا محمد بندیالوی مدظلہ نے فرمایا قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے لا اقسم بھذا البلد ○ وانت حل بھذا البلد (البلد: ۲-۱) "میں اس شہر کی قسم صرف اس وجہ سے کھاتا ہوں کہ آپ اس شہر میں چلتے ہیں" مکہ مکرمہ کو اللہ تعالیٰ کی وجہ قسم بننے کی عزت اور کرامت صرف اس وجہ سے ملی ہے کہ آپ اس شہر میں ہیں اور جب آپ مدینہ منورہ گئے تو وہ فضیلت مدینہ کو حاصل ہوئی، جب آسمانوں پر گئے تو آسمانوں کو عزت ملی، عرش پر پہنچے تو عرش کو کرامت ملی اور اب جس جگہ آرام فرما ہیں وہ جگہ سب سے افضل ہے۔

---

[1] علامہ محمد بن یوسف صالحی شامی متوفی ۹۴۲ھ، سبل الہدیٰ والرشاد ج ۳، ص ۵۱۴، مطبوعہ المجلس الاعلیٰ للشئون الاسلامیہ قاہرہ، ۱۳۹۵ھ
[2] " " " ، سبل الہدیٰ والرشاد ج ۳، ص ۴۵۵-۴۵۴ " "

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

مجھے یہ وجہ سمجھ آتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس جگہ مدفون ہیں (خواہ اس کو بیت قرار دیں یا قبر) اس کے متعلق آپ نے فرمایا یہ جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے (اس حدیث کے حوالے اس باب کی شرح میں آ چکے ہیں) اور جنت کے بارے میں حضرت سہل بن سعد ساعدی کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا موضع سوط فی الجنۃ خیر من الدنیا وما فیھا۔ [1] ایک چابک کے برابر بھی جنت کی جگہ دنیا اور ما فیہا سے بہتر ہے؛ اس سے واضح ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس جگہ آرام فرما ہیں وہ جگہ دنیا اور ما فیہا سے بہتر ہے پس کعبہ، بیت المقدس، وغیرہ ہر جگہ ——— سے افضل وہ جگہ ہے جہاں آپ آرام فرما ہیں۔

مواجہ اقدس میں سلام کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب زائر منہ کرے یا پیٹھ؟

جس وقت زائرین سلام کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مواجہ اقدس میں حاضر ہوتے ہیں تو اگر آپ کی طرف زائرین منہ کریں تو قبلہ کی جانب پیٹھ ہوتی ہے۔ اہل اسلام کا یہ نظریہ ہے کہ زائر کا منہ آپ کی جانب ہونا چاہیے، خواہ قبلہ کی طرف پیٹھ ہو کیونکہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں ایسا مسئلہ ہوتا تو آپ ہی کی طرف منہ کیا جاتا خواہ قبلہ کو پیٹھ ہوتی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اب بھی قبر انور میں زندہ ہیں، اس لیے اب بھی آپ، ہی کی طرف منہ کرنا چاہیے اور جب مسجد میں علماء کرام خطبہ دیتے ہیں یا تقریریں کرتے ہیں یا دعا کرتے ہیں تو ان کا منہ لوگوں کی جانب ہوتا ہے اور قبلہ کی طرف پیٹھ ہوتی ہے تو جب عام لوگوں کی رعایت سے ان کی طرف منہ کیا جاتا ہے خواہ قبلہ کی طرف پیٹھ ہو تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رعایت اور آپ کے ادب کے پیش نظر آپ کی طرف منہ کیوں نہیں کیا جائیگا اور آپ کی طرف پیٹھ کرنا کیونکر جائز ہوگا۔

شیخ ابن تیمیہ اور ان کے موافقین کے سوا تمام اہل اسلام کا یہی نظریہ ہے، شیخ ابن تیمیہ یہ کہتے ہیں کہ زائر آپ کی طرف پیٹھ کر کے آپ کو سلام کرے اور منہ کعبہ کی طرف کرے، لکھتے ہیں:

وتنازعوا فی السلام علیہ فقال الاکثرون کمالک واحمد وغیرھما: یسلم علیہ مستقبل القبر وھو الذی ذکرہ اصحاب الشافعی اظنہ منقول عنہ وقال ابو حنیفۃ واصحابہ بل یسلم علیہ مستقبل القبلۃ بل نص ائمۃ السلف علی انہ لا یوقف عندہ للدعاء مطلقاً۔ [2]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام عرض کرنے کی کیفیت میں اختلاف ہے۔ امام مالک، امام احمد اور جمہور کا نظریہ یہ ہے کہ آپ کی قبر کی طرف منہ کرے، امام شافعی اور ان کے اصحاب سے بھی یہی منقول ہے اور امام ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب نے یہ کہا ہے کہ قبلہ کی طرف منہ کرے بلکہ ائمہ متقدمین نے اس کی تصریح کی ہے کہ دعا کے لیے قبر پر مطلقاً نہ ٹھہرے۔

شیخ ابن تیمیہ نے امام ابو حنیفہ کی طرف جو یہ منسوب کیا ہے کہ وہ قبر کو پیٹھ اور قبلہ کی طرف منہ کرنے کو کہتے ہیں۔ یہ کذب اور خلاف واقع ہے۔ امام ابو حنیفہ نے اپنی مسند میں قبر انور کی طرف منہ کرنے کی روایت بیان کی ہے اور

[1] امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ، صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۱۲ - ۲۶۰، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، الطبعۃ الاولی ۱۳۸۱ھ
[2] شیخ ابو العباس احمد بن تیمیہ متوفی ۷۲۸ھ، مجموع الفتاوی ج ۲۷ ص ۱۱۷، مطبوعہ بامر فہد بن عبد العزیز آل السعود سعودی عربیہ

SHAIKH
MOHAMMED SHAKIL
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

تمام احناف کا یہی مسلک ہے۔ امام ابو حنیفہ روایت کرتے ہیں:

عن نافع عن ابن عمر قال من السنة (ای بسنة الصحابة ومن تبعهم من الامة۔ علی قاری) ان تاتی قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم من قبل القبلة وتجعل ظهرك الی القبلة وتستقبل القبر بوجهك ثم تقول السلام علیك ایها النبی ورحمة اللہ وبرکاته۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ صحابہ اور تابعین کا طریقہ یہ ہے کہ جب تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر آؤ تو اپنی پیٹھ قبلہ کی طرف کرو اور منہ قبر انور کی طرف کرو پھر کہو السلام علیك ایها النبی ورحمة اللہ وبرکاته۔

"پھر قبر شریف پر آئے اور اس کی دیواروں کی طرف منہ کرے اور قبلہ کو پیٹھ کرے اور قبر کے سر کی جانب سے آئے، چار ہاتھ کے فاصلہ پر کھڑا ہو اور ابو اللیث سے جو یہ منقول ہے کہ قبلہ کی طرف منہ کرے یہ اس لیے مردود ہے کہ امام ابو حنیفہ نے اپنی مسند میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ سنت یہ ہے کہ جب تم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر جاؤ تو قبر کی طرف منہ اور قبلہ کی طرف پیٹھ کرو پھر کہو السلام علیك ایها النبی ورحمة اللہ وبرکاته۔[٢]

ملا علی قاری فرماتے ہیں:

پھر ہاتھ باندھ کر ادب سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر حاضر ہو اور آپ کے چہرۂ اقدس کی طرف منہ کرے خواہ اس سے قبلہ کی طرف پیٹھ ہو۔[٣]

قاضی عیاض مالکی لکھتے ہیں کہ ابن وہب بیان کرتے ہیں کہ امام مالک نے فرمایا کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام کرے اور دعا مانگے تو قبلہ کی بجائے آپ کی قبر کی طرف منہ کرے۔[٤]

علامہ ابن الحاج مالکی لکھتے ہیں کہ ابن وہب کی روایت ہے کہ امام مالک نے فرمایا کہ جب زائر آپ کو سلام کرے اور دعا مانگے تو قبلہ کی بجائے قبر کی طرف منہ کرے۔[٥]

علامہ ابن قدامہ حنبلی فرماتے ہیں:

پھر قبر پر آؤ اور کعبہ کی طرف پیٹھ پھیر لو اور قبر کے وسط کی طرف منہ کر کے کہو السلام علیك ایها النبی ورحمة اللہ وبرکاته۔[٦]

علامہ نووی لکھتے ہیں: پھر قبر کریم پر آئے اور قبلہ کو پیٹھ کرے اور قبر کی دیوار کی طرف منہ کرے۔[٧]

١۔ امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت متوفی ۱۵۰ھ، مسند امام اعظم مع شرحہ للقاری ص ۱۰۳، مطبوعہ مطبع محمدی لاہور۔
٢۔ علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی ۸۶۱ھ، فتح القدیر ج ۳ ص ۹۵، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر۔
٣۔ علامہ علی بن سلطان محمد القاری متوفی ۱۰۱۴ھ، المسلک المتقسط ص ۳۳۶، مطبوعہ دار الفکر بیروت۔
٤۔ قاضی عیاض بن موسیٰ مالکی متوفی ۵۴۴ھ، شفاء ج ۲ ص ۷۰، مطبوعہ عبد التواب اکیڈمی ملتان۔
٥۔ علامہ محمد بن محمد ابن الحاج مالکی متوفی ۷۳۰ھ، المدخل ج ۱ ص ۲۶۱، مطبوعہ قاہرہ مصر۔
٦۔ علامہ عبد اللہ بن احمد بن محمد بن قدامہ حنبلی متوفی ۶۲۰ھ، المغنی ج ۳ ص ۲۹۸، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ۱۴۰۵ھ۔
٧۔ علامہ یحییٰ بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، شرح المہذب ج ۸ ص ۲۷۳، مطبوعہ دار الفکر بیروت۔

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

علامہ قسطلانی آداب زیارت کے سلسلہ میں بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:
• زائر کو چاہیے کہ دعا اور عاجزی اور استغاثت اور تشفع اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ توسل کرنے میں کثرت کرے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جو شفاعت طلب کرتا ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو اس کے حق میں شفیع بنا دیتا ہے۔[1]

بَابُ ۲۳۳ فَضْلِ اُحُدٍ

اُحد پہاڑ کی فضیلت

۳۲۶۷ - وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ قَالَ نَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ السَّاعِدِيِّ عَنْ اَبِيْ حُمَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَسَاقَ الْحَدِيْثَ وَ فِيْهِ ثُمَّ اَقْبَلْنَا حَتّٰى قَدِمْنَا وَادِيَ الْقُرٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ مُسْرِعٌ فَمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ فَلْيُسْرِعْ مَعِيَ وَمَنْ شَاءَ فَلْيَمْكُثْ فَخَرَجْنَا حَتّٰى اَشْرَفْنَا عَلَى الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ هٰذِهٖ طَابَةُ وَهٰذَا اُحُدٌ وَّهُوَ جَبَلٌ يُّحِبُّنَا وَنُحِبُّهٗ۔

حضرت ابو حمید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ تبوک میں گئے جب ہم واپس آئے اور وادی قُریٰ میں پہنچے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے جلدی ہے تم میں سے جو شخص چاہے وہ میرے ساتھ جلد چلے اور جو ٹھہرنا چاہے وہ ٹھہر جائے، ہم آپ کے ساتھ چل دیے، جب ہم مدینے کے قریب پہنچے تو آپ نے فرمایا یہ طابہ ہے اور یہ احد ہے، یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔

۳۲۶۸ - وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ نَا اَبِيْ قَالَ نَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ نَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُحُدًا جَبَلٌ يُّحِبُّنَا وَ نُحِبُّهٗ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: احد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔

۳۲۶۹ - وَحَدَّثَنِيْهِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ نَا قُرَّةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ نَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُحُدٍ فَقَالَ اِنَّ اُحُدًا جَبَلٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احد پہاڑ کی طرف دیکھ کر فرمایا: احد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔

[1] علامہ احمد بن محمد قسطلانی متوفی ۹۱۱ھ، المواہب اللدنیہ ج ۲ ص ۳۹۲، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

صالحین کی قبروں کی زیارت کے احکام اردو ترجمہ جمع و شائع کیا : شیخ محمد شکیل احمد

آخر المساجد پر قادیانیوں کے ایک اشکال کا جواب

حدیث نمبر ۳۲۷۱ میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں آخر الانبیاء ہوں اور میری مسجد آخر المساجد ہے، مرزائی حضرات اس حدیث سے اجراء نبوت پر استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جب مسجد نبوی کے بعد اور مساجد کا بننا مسجد نبوی کے آخر المساجد ہونے کے خلاف نہیں ہے تو آپ کے بعد دیگر انبیاء کی بعثت آپ کے آخر الانبیاء ہونے کے منافی نہیں ہونی چاہیے، اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث کا مطلب ہے: د مسجدی آخر مساجد الانبیاء میری مسجد نبیوں کی آخری مسجد ہے، اس جواب کی تائید میں مسند بزار کی یہ حدیث ہے: "حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انا خاتم الانبیاء ومسجدی خاتم مساجد الانبیاء" میں خاتم النبیین ہوں اور میری مسجد، مساجد انبیاء کی خاتم ہے۔ (کشف الاستار عن زوائد البزار ج ۲ ص ۵۶، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت، ۱۴۰۴ھ)

حدیث نمبر ۳۲۷۹ کی سند پر محدثین نے بحث کی ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث حضرت ابن عباس سے نہیں بلکہ معبد بن ابن عباس سے مروی ہے، اگر کوئی شخص مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کی نذر مان لے تو وہیں نماز پڑھنا ضروری ہے، البتہ اگر مسجد اقصیٰ میں نماز پڑھنے کی نذر مانے تو مسجد نبوی میں نماز پڑھنے سے بھی نذر پوری ہو جائے گی[1]

بَابُ ۳۵ فَضْلِ الْمَسَاجِدِ الثَّلَاثَةِ

تین مسجدوں کی فضیلت

۳۲۸۰ - وَحَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ عَمْرٌو حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِي هٰذَا وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْمَسْجِدِ الْأَقْصَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین مسجدوں کے علاوہ اور کسی مسجد کی طرف کجاوے نہ کسے جائیں، میری یہ مسجد، مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ۔

۳۲۸۱ - وَحَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ نَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ تُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ

ایک اور سند سے یہ روایت ہے اس میں ہے کہ ان تین مساجد کے لیے کجاوے کسے جائیں۔ (سامان سفر باندھا جائے)۔

۳۲۸۲ - وَحَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ قَالَ نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ أَنَّ عِمْرَانَ بْنَ أَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صرف ان تین مسجدوں کے لیے سفر کیا جائے۔ مسجد الکعبہ میری

[1] علامہ یحیٰی بن شرف نواوی متوفی ۶۷۶ھ، شرح صحیح مسلم ج ۲ ص ۴۴۷، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ۔

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

اَنَسٍ حَدَّثَنَا اَنَّ سُلَيْمَانَ الْاَغَرَّ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يُخْبِرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا يُسَافَرُ اِلٰى ثَلٰثَةِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِ الْكَعْبَةِ وَ مَسْجِدِيْ وَ مَسْجِدِ اِيْلِيَا۔

مسجد اور مسجد ایلیاء (یعنی بیت المقدس)۔

گنبد خضراء کی زیارت کے لیے سفر کا حکم

اس باب کی احادیث میں ہے کہ ان تین مسجدوں کے سوا سامانِ سفر نہ باندھا جائے، شیخ ابن تیمیہ نے ان احادیث کے پیش نظر یہ لکھا ہے کہ قبر انور کی زیارت کے لیے سفر کرنا ناجائز ہے۔ میری نظر سے شیخ ابن تیمیہ کے بعض رسائل گذرے ہیں جن میں یہ تصریح ہے کہ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کی زیارت کے لیے سفر کرتا ہے اس کا یہ سفر معصیت اور حرام ہے اور اس سفر میں نمازوں کی قصر کرنا جائز نہیں ہے۔

شیخ ابن تیمیہ لکھتے ہیں: جب کسی شخص کا سفر کرنے سے یہ ارادہ ہو کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت کرے گا اور اس سفر میں آپ کی مسجد میں نماز پڑھنے کی نیت نہ کی ہو تو یہ اکثر ائمہ اور علماء کے نزدیک ناجائز ہے اور نہ اس کا حکم کیا گیا ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے صرف تین مسجدوں کے لیے سامان سفر باندھا جائے مسجد حرام، میری یہ مسجد اور مسجد اقصیٰ۔[۱]

حافظ ابن حجر عسقلانی اس مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ان تین مساجد کے علاوہ سفر کرنے میں اختلاف ہے، جیسے زندہ اور فوت شدہ صالحین کی زیارت کے لیے سفر کرنا، یا متبرک مقامات سے برکت حاصل کرنے کے لیے سفر کرنا اور وہاں نماز پڑھنے کے ارادے سے سفر کرنا۔ شیخ ابو محمد جوینی نے اس حدیث کے پیش نظر کہا کہ ان مساجد کے علاوہ شد رحال (سفر) کرنا حرام ہے، قاضی حسین، قاضی عیاض اور ایک جماعت کا یہی مختار ہے۔ اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ بصرہ غفاری نے حضرت ابوہریرہ کے کوہ طور پر جانے کو برا جانا اور کہا اگر جانے سے پہلے آپ مجھے مل جاتے تو میں آپ کو نہ جانے دیتا، امام الحرمین اور دیگر ائمہ شافعیہ کے نزدیک یہ سفر حرام نہیں ہے اور انھوں نے اس حدیث کے متعدد جوابات دیے ہیں اول یہ کہ: مکمل فضیلت ان مساجد کے لیے شد رحال میں ہے اور ان مساجد کے غیر کے لیے شد رحال ہر چند کہ جائز ہے لیکن اس میں کامل فضیلت نہیں ہے اور اس کی تائید مسند احمد کی اس روایت سے ہوتی ہے "ان مساجد کے علاوہ سواری نہیں لے جانی چاہیے"۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ ان تین مسجدوں کے علاوہ اور کسی مسجد کی زیارت کے لیے نذر نہ مانے اگر اس نے نذر مان لی تو اس کا پورا کرنا واجب نہیں ہے۔ تیسرا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں ان تین مساجد کے علاوہ دوسری مساجد کے لیے شد رحال (سفر) سے منع کیا ہے مطلقاً سفر سے منع نہیں کیا اور اس کی تائید اس حدیث سے ہے جس کو امام احمد نے شہر بن حوشب کی سند سے روایت کیا

---

[۱] شیخ ابوالعباس تقی الدین احمد بن تیمیہ متوفی ۷۲۸ھ، مجموع الفتاویٰ ج ۲۷، ص ۲۷-۲۶ مطبوعہ بامر فہد بن عبدالعزیز آل السعود۔

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

ہے: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینبغی للمصلی ان یشد رحالہ الی مسجد تبتغی فیہ الصلوۃ غیر المسجد الحرام و المسجد الاقصی و مسجدی ۔ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز پڑھنے کے ارادے سے نمازی کو مسجد حرام، مسجد اقصیٰ اور میری مسجد کے علاوہ کسی مسجد کے لیے شد رحال نہیں کرنا چاہیے" اور شہر بن حوشب میں اگرچہ کچھ ضعف بھی ہے لیکن ان کی یہ حدیث حسن ہے، چوتھا جواب یہ ہے کہ ان تین مساجد کے علاوہ اور کسی مسجد میں اعتکاف کے لیے شد رحال نہ کرے، امام مالک، امام احمد، امام شافعی اور بویطی یہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ان تین مساجد میں سے کسی مسجد میں جانے کی نذر مان لے تو اس کو پورا کرنا واجب ہے اور امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں کہ مطلق واجب نہیں ہے، اس کے بعد فرماتے ہیں: علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ ہمارے زمانے میں شام کے شہروں میں اس مسئلہ میں بہت مناظرے ہوئے ہیں اور جانبین سے رسالے لکھے گئے ہیں (حافظ ابن حجر فرماتے ہیں) میں کہتا ہوں کہ علامہ کرمانی کا اشارہ ان کتابوں کی طرف ہے جو شیخ تقی الدین سبکی وغیرہ نے شیخ تقی الدین ابن تیمیہ کے رد میں لکھی ہیں اور ابن تیمیہ کی موافقت میں شمس الدین بن عبد الہادی نے لکھی ہیں، ہمارے شہروں میں یہ کتابیں مشہور ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ ان علماء نے ابن تیمیہ پر یہ لازم کیا ہے کہ وہ حدیث شد رحال کی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کی زیارت کے لیے سفر کو حرام قرار دیتے ہیں، ہمارے نزدیک یہ ناگوار صورت حال ہے، دونوں جانب سے اس کے دلائل کے ذکر کرنے میں طوالت ہے اور ابن تیمیہ سے جو انتہائی مکروہ مسائل منقول ہیں یہ مسئلہ ان مسائل میں سے ہے[1]

شیخ ابن تیمیہ کی تکفیر

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے اس حدیث کے متعدد جوابات دیے ہیں لیکن عقل اور نقل کے مطابق یہی جواب ہے کہ اس حدیث میں ان تین مساجد کے علاوہ مطلقاً سفر سے نہیں منع کیا گیا ورنہ طلب علم، ماں باپ اور رشتہ داروں کی زیارت اور تجارت وغیرہ کے لیے تمام سفر ممنوع ہو جائیں گے اس لیے صحیح بات یہی ہے کہ اس حدیث میں ان تین مساجد کے علاوہ دیگر مساجد کی طرف سفر کرنے کی ممانعت ہے مطلقاً سفر کی نہیں ہے۔ اور امام احمد بن حنبل نے جو شہر بن حوشب سے روایت بیان کی ہے اس میں بھی اسی کی تائید ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے شیخ ابن تیمیہ کے اس نظریہ کو (من ابشع المسائل) انتہائی مکروہ قرار دیا ہے اور ملا علی قاری رحمہ اللہ نے اس بناء پر شیخ ابن تیمیہ کی تکفیر کو صحیح قرار دیا ہے۔

ملا علی قاری لکھتے ہیں:

وقد فرط ابن تیمیۃ من الحنابلۃ حیث حرم السفر لزیارۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کما افرط غیرہ حیث قال کون الزیارۃ قربۃ معلومۃ بالضرورۃ وجاحدہ محکوم علیہ بالکفر ولعل الثانی اقرب الی الصواب لان

ابن تیمیہ حنبلی نے اس مسئلہ میں بہت تفریط کی ہے کیونکہ اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے سفر کو حرام قرار دیا ہے، جیسا کہ اس مسئلہ میں بعض لوگوں نے افراط کیا ہے کیونکہ انہوں نے کہا کہ زیارت کا عبادت ہونا ضروریات دین سے ہے۔ اور اس کا منکر کافر

[1] حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ ھ، فتح الباری ج ۳، ص ۶۶-۶۵، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ ھ۔

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat,Gujarat,India.

تحریمہا اجمع العلماء فیہ بالاستحباب یکون کفرا لانہ فوق تحریم المباح المتفق علیہ فی ھذا الباب۔[1]

ہے اور دوسرا قول (یعنی ابن تیمیہ کی تکفیر کا) صحت اور صواب کے زیادہ قریب ہے کیونکہ جس چیز کی اباحت پر اتفاق ہو اس کا انکار کفر ہے تو جس چیز کے استحباب پر علماء کا اتفاق ہو اس کو حرام قرار دینا بطریق اولیٰ کفر ہوگا۔

یاد رہے کہ ملا علی قاری رحمہ الباری کی کتاب مرقاۃ شرح المشکوٰۃ، شرح الشفاء سے پہلے لکھی گئی ہے کیونکہ شرح الشفاء میں وہ مرقاۃ کے حوالے دیتے ہیں اس لیے مرقاۃ میں جو انہوں نے ابن تیمیہ کو اس امت کے اولیاء سے لکھا ہے وہ ان کی پہلی رائے تھی۔

علامہ ابن حجر ہیتمی مکی لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے ابن تیمیہ کو نامراد کیا، اس کو گمراہ کیا، اس کو اندھا اور بہرا کیا اور ذلیل و رسوا کیا، اس کی تصریح ان ائمہ کی ہے جنہوں نے ابن تیمیہ کے احوال کا فساد دکھا اور اس کے اقوال کا کذب بیان کیا، اور جو شخص یہ جاننا چاہے اس کو چاہیے کہ وہ شیخ ابوالحسن سبکی کی ان کتابوں کا مطالعہ کرے جو اس موضوع پر لکھی گئی ہیں ان کی جلالت علمی پر سب کا اتفاق ہے اور وہ مرتبہ اجتہاد کے بزرگ ہیں اسی طرح ان کے بیٹے علامہ تاج الدین سبکی، امام عز بن جماعۃ اور دیگر شافعی مالکی، اور حنفی علماء جو ان کے معاصر تھے ان سب نے ابن تیمیہ کی خرابیوں کو بیان کیا ہے۔ ابن تیمیہ نے صرف متاخرین صوفیہ پر اعتراضات کرنے پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ اس نے حضرت عمر بن الخطاب اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما پر بھی اعتراضات کیے ہیں خلاصہ یہ ہے کہ ابن تیمیہ کا کلام بے وزن ہے اور پھینک دیے جانے کے لائق ہے اس کے بارے میں یہ اعتقاد رکھنا چاہیے کہ وہ بدعتی، گمراہ، گمراہ کرنے والا، جاہل اور دین میں غلو کرنے والا تھا، اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ عدل کرے اور ہمیں اس کے عقیدہ، طریقہ اور فعل سے محفوظ رکھے۔[2] (آمین)

نیز علامہ ابن حجر ہیتمی مکی لکھتے ہیں:

ابن تیمیہ اور اس کے شاگرد ابن قیم اور ان جیسے لوگوں کی کتابوں سے اپنے آپ کو بچانا، یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی خواہشات کو اپنا معبود بنا لیا، اللہ تعالیٰ نے ابن تیمیہ کو باوجود اس کے علم کے گمراہ کر دیا، اس کے دل اور کانوں پر مہر لگا دی اور اس کی آنکھوں پر پردے ڈال دیے، اور اللہ کے بعد اسے کون ہدایت دے سکتا تھا۔ ان بے دینوں نے کس طرح حدود کو پھلانگا، شریعت سے تجاوز کیا اور طریقت اور حقیقت کے لباس کو تار تار کر دیا اور یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہدایت پر ہیں، نہیں! بلکہ وہ انتہائی گمراہی پر ہیں اور غضب الٰہی اور آخرت کی رسوائی ان کا انجام ہے۔[3]

قبر انور کی زیارت کے ثبوت میں روایات

حدیث شد رحال کے ضمن میں چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

[1] ملا علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ، شرح الشفاء علی ہامش نسیم الریاض ج ۳ ص ۵۱۴، مطبوعہ دارالفکر بیروت۔

[2] علامہ شہاب الدین ابن حجر مکی شافعی متوفی ۹۷۴ھ، الفتاوی الحدیثیہ ص ۹۹، مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی مصر الطبعۃ الثالثۃ، ۱۳۵۶ھ،

[3] " " " " ، الفتاوی الحدیثیہ ص ۱۷۳ ،

تبلنر

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

کی قبر مبارک کی زیارت کی بحث آگئی ہے اس سے اور ملا علی قاری کی عبارت سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ زیارت قبر نبوی کے لیے سفر جائز ہے اس سے ہم وہ احادیث بیان کر رہے ہیں جن میں قبر انور کی زیارت کے استحباب کا بیان ہے۔

عن ابن عمر قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حج فزار قبری بعد وفاتی کانما زارنی فی حیاتی۔[۱]

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے حج کیا اور میری وفات کے بعد میری قبر کی زیارت کی گویا کہ اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی ہے۔

اس حدیث کو امام بیہقی نے بھی ذکر کیا ہے[۲] حافظ الہیثمی نے اسے معجم اوسط اور معجم صغیر کے حوالے سے بیان کیا ہے[۳] اور علامہ علی متقی ہندی نے بھی طبرانی اور دارقطنی کے حوالے سے بیان کیا ہے[۴] حافظ دیلمی نے بھی اس کو ذکر کیا ہے[۵]

عن حاطب قال، قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من زارنی بعد موتی فکانما زارنی فی حیاتی ومن مات باحد الحرمین بعث من الآمنین یوم القیامۃ۔[۶]

حاطب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے میرے وصال کے بعد میری زیارت کی اس نے گویا کہ میری زندگی میں میری زیارت کی اور جو شخص حرمین میں سے کسی ایک جگہ فوت ہوا، وہ قیامت کے دن امن والوں میں سے اٹھے گا۔

اس حدیث کو علامہ علی متقی ہندی نے بھی ذکر کیا ہے[۷]

عن ابن عمر قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من زار قبری وجبت لہ شفاعتی۔[۸]

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو گئی۔

۱۔ امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ ھ، سنن دارقطنی ج ۲ ص ۲۷۸، مطبوعہ دار نشر السنۃ ملتان۔

۲۔ حافظ ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی متوفی ۴۵۸ ھ، السنن الکبریٰ ج ۵ ص ۲۴۶، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

۳۔ حافظ نور الدین علی بن ابی بکر الہیثمی متوفی ۸۰۷ ھ، مجمع الزوائد ج ۴ ص ۲، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، الطبعۃ الثالثۃ، ۱۴۰۲ ھ

۴۔ علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی متوفی ۹۷۵ ھ، کنز العمال ج ۵ ص ۱۳۵، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، الطبعۃ الخامسۃ ۱۴۰۵ ھ

۵۔ حافظ شیرویہ بن شہردار الدیلمی متوفی ۵۰۹ ھ، فردوس الاخبار ج ۴ ص ۷، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۷ ھ

۶۔ امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ ھ، سنن دارقطنی ج ۲ ص ۲۷۸ مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

۷۔ علامہ علی متقی بن حسام الدین ہندی متوفی ۹۷۵ ھ، کنز العمال ج ۵ ص ۱۳۵۔۱۳۶، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت الطبعۃ الخامسۃ ۱۴۰۵ ھ

۸۔ امام علی بن عمر دارقطنی متوفی ۳۸۵ ھ، سنن دارقطنی ج ۲ ص ۲۷۸، مطبوعہ نشر السنۃ ملتان۔

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e. Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

حافظ الہیثمی نے اس کو امام بزار کے حوالہ سے ذکر کیا ہے[1] حافظ الہیثمی نے لکھا ہے کہ اس حدیث کی سند میں عبداللہ بن ابراہیم غفاری ضعیف راوی ہے[2]

عن ابن عمر قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حج البیت ولم یزرنی فقد جفانی۔[3]

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص نے بیت اللہ کا حج کیا اور میری زیارت کے لیے نہیں آیا اس نے مجھ سے بے وفائی کی۔

علامہ علی متقی ہندی نے بھی اس حدیث کا بیان کیا ہے[4]

بَابٌ بَيَانِ الْمَسْجِدِ الَّذِي أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَى

اس مسجد کا بیان جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے

۳۲۸۳- وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ حُمَيْدٍ الْخَرَّاطِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ مَرَّ بِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ قَالَ قُلْتُ لَهُ كَيْفَ سَمِعْتَ أَبَاكَ يَذْكُرُ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَى قَالَ قَالَ لِي أَبِي رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ بَعْضِ نِسَائِهِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ الْمَسْجِدَيْنِ الَّذِي أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَى قَالَ فَأَخَذَ كَفًّا مِنْ حَصْبَاءَ فَضَرَبَ بِهِ الْأَرْضَ ثُمَّ قَالَ هُوَ مَسْجِدُكُمْ هٰذَا مَسْجِدُ الْمَدِيْنَةِ قَالَ فَقُلْتُ أَشْهَدُ أَنِّي سَمِعْتُ أَبَاكَ

ابو سلمہ بن عبدالرحمان بیان کرتے ہیں کہ عبدالرحمان بن ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے تو میں نے ان سے پوچھا جس مسجد کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی آپ نے اس کے متعلق اپنے والد سے کیا سنا ہے؟ انھوں نے کہا کہ میرے والد نے فرمایا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے کسی کے گھر گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: یا رسول اللہ! ان دو میں سے وہ کونسی مسجد ہے جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے؟ آپ نے کنکریوں کی ایک مٹھی لے کر زمین پر ماری اور فرمایا: وہ تمہاری یہی مسجد ہے، مدینہ منورہ کی مسجد! میں نے کہا میں بھی گواہی دیتا ہوں کہ میں نے تمہارے والد سے اسی طرح سنا ہے۔

---

[1] حافظ نور الدین الہیثمی متوفی ۸۰۷ھ، کشف الاستار عن زوائد البزار ج ۲ ص ۵۰، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت الطبعۃ الثانیۃ، ۱۴۰۴ھ

[2] 〃 〃 〃 ، مجمع الزوائد ج ۴ ص ۲ مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت الطبعۃ الثالثۃ، ۱۴۰۲ھ

[3] حافظ شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ الدیلمی متوفی ۵۰۹ھ، فردوس الاخبار ج ۴ ص ۱، مطبوعہ دار الکتاب العربی بیروت، ۱۴۰۷ھ

[4] علامہ علی متقی ہندی متوفی ۹۷۵ھ، کنز العمال ج ۵ ص ۱۳۵، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ الطبعۃ الخامسۃ، ۱۴۰۵ھ

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat, Gujarat, India.

صالحین کی قبروں کی زیارت کے احکام اردو ترجمہ جمع و شائع کیا : شیخ محمد شکیل احمد



SHAIKH
MOHAMMED SHAKIL
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India

وَإِن تَعُدُّوا نِعْمَتَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا
اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرو تو شمار نہ کرسکو گے (ابراہیم ۳۴)

نِعمۃُ الباری
فی
شرح صحیح البخاری

جلد سوم

الاحادیث: ۱۲۰۶ــــــ ۹۴۲

کتاب الخوف، کتاب العیدین، کتاب الوتر، کتاب الاستسقاء، کتاب الکسوف، کتاب سجود القرآن، کتاب تقصیر الصلوٰۃ، کتاب التہجد، کتاب فضل الصلوٰۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ، کتاب العمل فی الصلوٰۃ، کتاب السہو، کتاب الجنائز، کتاب الزکوٰۃ، کتاب الحج

تصنیف

علامہ غلام رسول سعیدی
شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ، کراچی-۳۸

ارشد برادرس
۱۵۶۱-گلی کوتانا-سوئیوالان-نئی دہلی ۲

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

اور کعب احبار نے کہا: اس دخول سے مراد پل صراط سے گزرنا ہے۔

حضرت ابن عباس سے ایک روایت ہے کہ اس آیت میں کفار سے خطاب ہے کیونکہ اس سے پہلے یہ آیات ہیں:

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا○ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا○ ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا○ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا○ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا○ (مریم:۷۲-۶۸)

سو آپ کے رب کی قسم! ہم ضرور ان سب کو اور شیطانوں کو جمع کریں گے' پھر ہم انہیں ضرور جہنم کے گرد گھٹنوں کے بل گرے ہوئے حاضر کریں گے○ پھر ہم ہر گروہ سے اس کو ضرور باہر نکالیں گے جو رحمٰن پر سب سے زیادہ اکڑنے والا ہو گا○ پھر بے شک ہم ان لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو جہنم میں داخل ہونے کے زیادہ لائق ہیں○ اور بے شک تم میں سے ہر شخص ضرور دوزخ پر وارد ہو گا' یہ آپ کے رب کے نزدیک قطعی فیصلہ کیا ہوا ہے○ پھر ہم متقین کو دوزخ سے نکال لیں گے اور ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل چھوڑ دیں گے○

ایک جماعت نے کہا ہے کہ مؤمن کو دوزخ سے دور کر دیا جائے گا' وہ اس کو دیکھے گا نہ اس پر وارد ہو گا اور دنیا میں جو اس کو بخار آیا تھا وہی اس کے حق میں دوزخ پر ورود ہو گا' عثمان بن اسود نے کہا: دوزخ کی آگ سے مؤمن کا حصہ دنیا میں بخار آتا ہے' سو وہ آخرت میں دوزخ پر وارد نہیں ہو گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بخار والے مریض کی عیادت کی' میں بھی آپ کے ساتھ تھا' آپ نے اس سے فرمایا: تمہیں خوش خبری ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یہ میری آگ ہے جس کو میں بندۂ مؤمن کے اوپر مسلط کرتا ہوں تاکہ یہ اس کے لیے آخرت کی آگ کا حصہ ہو جائے۔ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

(سنن ترمذی: ۲۰۸۸' مصنف ابن ابی شیبہ ج ۳ ص ۲۲۹' مسند احمد ج ۲ ص ۴۴۰' المستدرک ج ۱ ص ۳۴۵)

خلاصہ یہ ہے کہ اس مسئلہ میں متعدد اقوال ہیں: ایک قول یہ ہے کہ صرف کفار دوزخ میں داخل ہوں گے' مسلمان داخل نہیں ہوں گے' دوسرا قول یہ ہے کہ مؤمن اور کافر سب دوزخ میں داخل ہوں گے' تیسرا قول یہ ہے کہ دوزخ میں دخول سے مراد سب کا پل صراط سے گزرنا ہے' چوتھا قول یہ ہے کہ سب دوزخ کے قریب سے دوزخ کو دیکھیں گے اور پانچواں قول یہ ہے کہ مسلمانوں پر جو دنیا میں بخار آتا ہے یا دیگر مصائب آتے ہیں' وہ ان کے دوزخ میں داخل ہونے کے عوض ہیں۔

(شرح ابن بطال ج ۳ ص ۲۴۸-۲۴۷' مع زیادۃ' دار الکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۲۴ھ)

* اس آیت کی زیادہ تفصیل اور تحقیق ہماری تفسیر تبیان القرآن ج ۷ ص ۳۰۷' سورۂ مریم: ۷۱ میں ملاحظہ فرمائیں۔

۷ - بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلْمَرْاَةِ عِنْدَ الْقَبْرِ اِصْبِرِیْ

مرد کا قبر کے پاس کسی عورت سے یہ کہنا: صبر کرو

۱۲۵۲ - حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ' عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِامْرَاَةٍ عِنْدَ قَبْرٍ وَهِيَ

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی' انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی' انہوں نے کہا: ہمیں ثابت نے حدیث بیان کی از حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہ

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

تَبْكِيْ، فَقَالَ اِتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِيْ. نبی ﷺ قبر کے نزدیک ایک عورت کے پاس سے گزرے، وہ اس وقت رو رہی تھی، آپ نے فرمایا: اللہ سے ڈرو اور صبر کرو۔

[اطراف الحدیث: ۱۲۸۳-۱۳۰۲-۷۱۵۴]

(صحیح مسلم: ۹۲۶، الرقم المسلسل: ۲۱۰۵، سنن ابوداؤد: ۳۱۲۴، سنن ترمذی: ۹۸۸، سنن نسائی: ۱۸۷۰-۱۸۶۹، مسند ابویعلیٰ: ۳۴۵۸، عمل الیوم واللیلۃ: ۱۰۶۸، مسند ابوداؤد الطیالسی: ۲۰۴۰، شرح السنۃ: ۱۵۱۱، صحیح ابن حبان: ۲۸۹۵، سنن بیہقی ج ۱ ص ۵۳۹، شعب الایمان: ۹۷۰۲، المعجم الاوسط: ۶۲۴۰، مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱ ص ۱۷۱، سنن دارمی: ۶۸۲، مسند احمد ج ۳ ص ۱۴۳ طبع قدیم، مسند احمد: ۱۲۴۵۸-ج ۱۹ ص ۳۴۳، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت)

خواتین کے لیے زیارتِ قبور کا ثبوت

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زیارتِ قبور جائز ہے اور خواتین کے لیے بھی زیارتِ قبور جائز ہے لیکن پردے کی پابندی بہرحال ضروری ہوگی، ورنہ آپ نے جس طرح اس عورت کو آواز سے رونے سے منع فرمایا، آپ اس کو قبر کی زیارت سے بھی منع فرماتے، نیز اس حدیث میں نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کا ثبوت ہے اور نبی ﷺ کی تواضع کا ثبوت ہے کیونکہ آپ نے اس کو ڈانٹا نہیں اور اس میں کسی کے مرنے پر آواز سے رونے کی ممانعت کا ثبوت ہے اور اس رونے والی کو صبر کرنے کی نصیحت کا ثبوت ہے۔

* باب مذکور کی حدیث، شرح صحیح مسلم: ۲۰۳۶-ج ۲ ص ۶۲۸ پر مذکور ہے، وہاں اس کی شرح نہیں کی گئی

۸ - بَابُ غُسْلِ الْمَيِّتِ وَوُضُوْئِهِ بِالْمَاءِ وَالسِّدْرِ

میت کو بیری کے پانی سے غسل دینا اور وضوء کرانا

وَحَنَّطَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا ابْنًا لِسَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، وَحَمَلَهٗ وَصَلّٰى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت سعید بن زید کے بیٹے کو خوشبو لگائی، ان کے جنازہ کو اٹھایا، نماز پڑھی اور وضوء نہیں کیا۔

اس تعلیق کی اصل یہ حدیث ہے:

نافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت سعید بن زید کے بیٹے کو خوشبو لگائی، اور ان کا جنازہ اٹھایا، پھر مسجد میں داخل ہوئے، پس نماز پڑھی اور وضوء نہیں کیا۔ (موطا امام مالک: ۱۸۰- باب: ۴-ج ۱ ص ۱۹، المکتبۃ التوفیقیۃ، بیروت)

ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک میت کو کفن دیا اور اس کو خوشبو لگائی، پھر وضوء نہیں کیا۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۱۲۵۶، مجلس علمی، بیروت، مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۱۱۴۳، دارالکتب العلمیہ، بیروت)

آیا میت کو غسل دینے سے وضوء واجب ہوتا ہے یا نہیں؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: میت کو غسل دینے سے غسل واجب ہوتا ہے اور میت کا جنازہ اٹھانے سے وضوء واجب ہوتا ہے۔ (سنن ترمذی: ۹۹۳، سنن ابن ماجہ: ۱۴۵۸، مسند احمد ج ۲ ص ۲۷۲)

امام ترمذی فرماتے ہیں: حضرت ابوہریرہ کی حدیث حسن ہے، اہل علم کا میت کو غسل دینے والے پر غسل کے وجوب میں اختلاف ہے، نبی ﷺ کے اصحاب میں سے بعض اہل علم نے کہا ہے کہ جب کوئی شخص میت کو غسل دے تو اس پر غسل ہے اور بعض نے کہا: اس پر وضوء ہے، امام مالک بن انس نے کہا: میرے نزدیک غسل میت کی وجہ سے غسل کرنا مستحب ہے، واجب نہیں ہے، اور اسی طرح امام شافعی نے کہا ہے، امام احمد بن حنبل نے کہا: جس نے میت کو غسل دیا مجھے امید ہے اس پر غسل واجب نہیں ہے، رہا وضوء تو اس کے متعلق بہت کم کہا گیا ہے اور عبداللہ بن المبارک سے مروی ہے: غسل میت سے غسل واجب ہوتا ہے نہ وضوء۔

(سنن ترمذی ص ۲۲۰، دارالمعرفۃ، بیروت، ۱۴۲۳ھ)

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat,Gujarat,India.



SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا

اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرو تو شمار نہ کر سکو گے (ابراہیم: ۳۴)

نعمۃ الباری

في

شرح صحیح البخاري

جلد سوم

الاحادیث: ۱۶۰۶ — ۹۴۲

کتاب الخوف، کتاب العیدین، کتاب الوتر، کتاب الاستسقاء، کتاب الکسوف، کتاب سجود القرآن، کتاب تقصیر الصلوٰۃ، کتاب التہجد، کتاب فضل الصلوٰۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ، کتاب العمل فی الصلوٰۃ، کتاب السہو، کتاب الجنائز، کتاب الزکوٰۃ، کتاب الحج

تصنیف

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ، کراچی-۳۸

ارشد برادرس

۱۵۶۱، گلی کوتانا، سوئیوالان، نئی دہلی-۲

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

وقت سمجھ دار ہوں' اور یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ ان کے وہ بھائی ابو احمد ہوں کیونکہ حضرت زینب بنت جحش ان سے پہلے فوت ہو گئی تھیں' پس زیادہ قریب احتمال یہ ہے کہ ان کے وہ بھائی عبید اللہ ہوں جو نصرانی ہونے کی حالت میں فوت ہوئے تھے' اس پر یہ اعتراض ہے کہ کافر کی موت پر تو اہل بیت نبوت کو افسوس نہیں کرنا چاہیے تھا' اس کا جواب یہ ہے کہ ان کا یہ رنج اور افسوس بشری تقاضے سے طبعی طور پر تھا۔

اس حدیث سے فقہاء احناف نے اس پر استدلال کیا ہے کہ شوہر کی وفات پر سوگ کرنا واجب ہے۔

۳۱ - بَابُ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ

قبروں کی زیارت کا بیان

۱۲۸۳ - حَدَّثَنَا اٰدَمُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ' عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِامْرَاَةٍ تَبْكِيْ عِنْدَ قَبْرٍ' فَقَالَ اتَّقِي اللّٰهَ وَاصْبِرِيْ. قَالَتْ اِلَيْكَ عَنِّيْ' فَاِنَّكَ لَمْ تُصَبْ بِمُصِيْبَتِيْ' وَلَمْ تَعْرِفْهُ' فَقِيْلَ لَهَا اِنَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ' فَاَتَتْ بَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ' فَلَمْ تَجِدْ عِنْدَهُ بَوَّابِيْنَ' فَقَالَتْ لَمْ اَعْرِفْكَ' فَقَالَ اِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰى.

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں آدم نے حدیث بیان کی' انہوں نے کہا: ہمیں شعبہ نے حدیث بیان کی' انہوں نے کہا: ہمیں ثابت نے حدیث بیان کی از حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک عورت کے پاس سے گزرے جو قبر کے پاس بیٹھی ہوئی رو رہی تھی' آپ نے اس سے فرمایا: تم اللہ سے ڈرو اور صبر کرو' اس نے کہا: تم مجھ سے ایک طرف ہٹو' تم پر وہ مصیبت نہیں آئی جو مجھ پر آئی ہے' اور اس نے آپ کو پہچانا نہیں تھا' اس کو بتایا گیا کہ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے' تب وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازہ پر آئی' اس نے وہاں دربان نہیں دیکھے' اس نے کہا: میں نے آپ کو پہچانا نہیں تھا' آپ نے فرمایا: صبر اس وقت شمار ہوتا ہے جب پہلی بار صدمہ پہنچے۔

اس حدیث کی شرح' صحیح البخاری: ۱۲۵۲ میں گزر چکی ہے تاہم "زیارۃ القبور" کی تفصیل لکھی جا رہی ہے۔

زیارت قبور کی تحقیق

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

علماء کا زیارت القبور میں اختلاف ہے' المازری نے کہا ہے کہ تمام اہل علم اس پر متفق ہیں کہ مردوں کے لیے زیارت قبور جائز ہے' علامہ ابن عبد البر نے کہا ہے کہ زیارت القبور بالعموم مباح ہے' جیسا کہ پہلے بالعموم زیارت القبور سے منع کیا گیا تھا' پس مردوں اور عورتوں دونوں کے لیے قبروں کی زیارت کرنا جائز ہے اور اس کی اباحت میں بہ کثرت احادیث مروی ہیں۔

(عمدۃ القاری ج ۸ ص ۹۹' دار الکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۲۱ھ)

علامہ ابن بطال نے کہا ہے کہ ابتداء اسلام میں زیارت قبور سے اس لیے منع کیا گیا تھا کہ وہ زمانہ بت پرستی اور قبروں کو سجدہ گاہ بنانے کے قریب تھا' پھر جب اسلام مستحکم ہو گیا اور لوگوں کے دلوں میں قوی ہو گیا اور قبروں کی عبادت اور ان کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے سے مسلمان مامون ہو گئے تو قبروں کی زیارت کی ممانعت کو منسوخ کر دیا' کیونکہ قبریں آخرت کی یاد دلاتی ہیں اور دنیا سے بے رغبت کرتی ہیں۔ (شرح ابن بطال ج ۳ ص ۲۷۳' دار الکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۲۴ھ)

زیارت قبور کے متعلق احادیث' آثار اور فقہاء تابعین کے اقوال

عبد اللہ بن بریدہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو (پہلے) زیارت قبور سے منع

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

کرتا تھا' سو اب تم قبروں کی زیارت کیا کرو۔ (صحیح مسلم: ٩٧٧' سنن ترمذی: ١٠٥٤' سنن نسائی: ٢٠٣٢' سنن ابن ماجہ: ١٥٧١' سنن بیہقی ج ۴ ص ٧٦' المستدرک ج ١ ص ٣٧٦' مشکوٰۃ: ١٧٦٩' کنز العمال: ٤٢٥٥٥' موطأ امام مالک۔ کتاب الضحایا: ٨)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے اپنی ماں کے لیے استغفار کی اجازت طلب کی تو مجھے اجازت نہیں دی' پھر میں نے ان کی قبر کی زیارت کی اجازت طلب کی تو مجھے اجازت دے دی۔

(صحیح مسلم: ٩٧٦' سنن ابوداؤد: ٣٢٣٤' سنن نسائی: ٢٠٣٤' سنن ابن ماجہ: ١٥٧٢)

سلیمان بن بریدہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسلمانوں کو یہ تعلیم دیتے تھے کہ جب وہ قبرستان کی طرف جائیں تو ان میں سے ایک کہنے والا یہ کہے: "السلام علیکم یا اهل الدیار من المؤمنین والمسلمین وانا ان شاء اللّٰه بکم للاحقون انتم لنا فرط ونحن لکم تبع ونسال اللّٰه لنا ولکم العافیة" (ترجمہ:) السلام علیکم! اے مؤمنین اور مسلمین کے گھر والو! ہم ان شاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں' تم ہمارے پیش رو ہو اور ہم تمہارے پیچھے ہیں اور ہم اللہ سے اپنے لیے اور تمہارے لیے معافی کا سوال کرتے ہیں۔ (مسند احمد ج ۵ ص ٣٥٣' سنن ابوداؤد: ٣٢٣٠' صحیح ابن حبان: ٣١٧٣' سنن ابن ماجہ: ١٥٤٧' سنن نسائی: ٢٠٤٠-٢١٦٧' مصنف ابن ابی شیبہ: ١١٩٠٩' مجلس علمی' بیروت' مصنف ابن ابی شیبہ: ١١٧٨٧' دار الکتب العلمیہ' بیروت)

زاذان بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جب قبرستان میں داخل ہوتے تو فرماتے: "السلام علی من فی هذه الدیار من المؤمنین والمسلمین انتم لنا فرط ونحن لکم تبع وانا بکم للاحقون فانا للّٰه وانا الیه راجعون"۔

(مصنف ابن ابی شیبہ: ١١٩٠٣' مجلس علمی' بیروت' مصنف ابن ابی شیبہ: ١١٧٨٣' دار الکتب العلمیہ' بیروت)

عامر بن سعد بیان کرتے ہیں کہ ان کے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جب اپنی زمین سے واپس آتے اور شہداء کی قبروں کے پاس سے گزرتے تو کہتے: "السلام علیکم وانا بکم للاحقون" پھر اپنے اصحاب سے کہتے: کیا تم شہداء پر سلام نہیں کرتے کہ وہ بھی تم کو سلام کا جواب دیں۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: ١١٩١٠' مجلس علمی' بیروت' مصنف ابن ابی شیبہ: ١١٧٨٨' دار الکتب العلمیہ' بیروت)

عبد اللہ بن سعد جاری بیان کرتے ہیں کہ مجھ سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے عبد اللہ! جب تم ان قبروں کے پاس سے گزرو جن کو تم پہچانتے ہو تو کہو: "السلام علیکم اصحاب القبور" اور جب تم ان قبروں کے پاس سے گزرو جن کو تم نہیں پہچانتے تو کہو: "السلام علی المسلمین"۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: ١١٩١١' مجلس علمی' بیروت' مصنف ابن ابی شیبہ: ١١٧٨٩' دار الکتب العلمیہ' بیروت)

ابو موبھبہ مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ جب آپ البقیع کی طرف جائیں تو ان پر صلوٰۃ پڑھیں یا ان کو سلام کریں۔ (المعجم الکبیر: ٨٧٢۔ ج ٢٢' مسند احمد ج ٣ ص ٤٨٩' سنن دارمی: ٧٨' مسند البزار: ٨٦٣' المستدرک ج ٣ ص ٥٥-٥٦' مصنف ابن ابی شیبہ: ١١٩١٢' مجلس علمی' بیروت' مصنف ابن ابی شیبہ: ١١٧٩٠' دار الکتب العلمیہ' بیروت)

محمد بن ابراہیم التیمی بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سال کی ابتداء میں شہداء (احد) کی قبروں پر جاتے تھے' پس فرماتے تھے: تم پر سلام ہو کیونکہ تم نے صبر کیا اور حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم بھی اسی طرح کرتے تھے' ایک روایت میں ہے: آپ اور حضرت ابوبکر وغیرہ ہر سال اسی طرح کرتے تھے۔

(مصنف عبد الرزاق: (١٨٢٨)۔ ٦٧٤٥' کتاب المغازی للواقدی ج ١ ص ٣١٣' عالم الکتب' دلائل النبوۃ ج ٣ ص ٣٠٨' شرح الصدور ص ٢١٠)

نافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب کہیں جانے کا ارادہ کرتے تو مسجد (نبوی) میں داخل ہوتے' پس نماز پڑھتے' پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر (مبارک) پر آتے' پس کہتے: "السلام علیك یا رسول اللّٰه! السلام علیك یا ابابکر! السلام علیك یا

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.

ابتاہ!" (اے ابا جان!) پھر جہاں جانا ہوتا جاتے اور جب سفر سے واپس آتے تب بھی مسجد میں آ کر اسی طرح کرتے اور وہ اپنے گھر جانے سے پہلے اس طرح کرتے تھے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۱۹۱۵' مجلس علمی' بیروت' مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۱۷۹۳' دار الکتب العلمیہ' بیروت)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے ماں باپ کی قبر کی ہر جمعہ زیارت کی یا ان میں سے کسی ایک کی زیارت کی تو اس کی مغفرت کر دی جائے گی اور یہ لکھ دیا جائے گا کہ یہ نیکی ہے۔ (المعجم الصغیر: ۹۵۵' الہیثمی نے کہا: اس کی سند میں عبد الکریم ابو امیہ ضعیف راوی ہے' مجمع الزوائد ج ۳ ص ۶۰' مگر فضائل اعمال میں احادیث ضعیف السند معتبر ہوتی ہیں)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم احد سے لوٹے تو حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ (کی قبر) اور دیگر اصحاب (کی قبروں) پر کھڑے ہو گئے اور فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ تم اللہ کے نزدیک زندہ ہو' پس تم ان کی زیارت کرو اور ان کو سلام کرو' پس اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے! تم قیامت تک ان میں سے جس پر بھی سلام کرو گے وہ تمہارے سلام کا جواب دیں گے۔ (مجمع الزوائد ج ۳ ص ۶۰' حلیۃ الاولیاء ج ۱ ص ۱۰۸)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ بھی کسی ایسے مسلمان کی قبر کے پاس سے گزرتا ہے جس کو وہ دنیا میں پہچانتا تھا' پھر اس کو سلام کرتا ہے تو وہ قبر والا اس کو پہچانتا ہے اور اس کے سلام کا جواب دیتا ہے۔

(تاریخ دمشق الکبیر: ۲۵۴۴-۲۵۴۳- ج ۱۰ ص ۲۹۴' دار احیاء التراث العربی' بیروت' ۱۴۲۱ھ)

اسماعیل بن عبد الاعلیٰ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کرتا تھا' ایک دن وہ اس کی قبر کی زیارت کے لیے گیا تو اس کو نیند آ گئی' خواب میں اس کی والدہ نے کہا: اس قبرستان میں اس قبر والے سے زیادہ عظیم اجر کسی کو نہیں ملا' اس نے پوچھا: اس کا کیا عمل تھا؟ اس کی والدہ نے کہا: اس پر بہت مصائب آئے اور اس نے ان پر صبر کیا۔

(موسوعہ امام ابن ابی الدنیا: ۳۶- ج ۶ ص ۸۵' المکتبۃ العصریہ' بیروت)

عبد اللہ بن نافع المدنی بیان کرتے ہیں کہ اہل مدینہ میں سے ایک شخص فوت ہو گیا' اس کو دفن کر دیا گیا' ایک شخص نے خواب میں اس کو دیکھا کہ وہ اہل دوزخ میں سے ہے' وہ بہت مغموم ہوا' سات آٹھ دن بعد اس کو دکھایا گیا کہ وہ اہل جنت میں سے ہے' اس نے کہا: کیا تم نے یہ نہیں کہا تھا کہ یہ اہل دوزخ میں سے ہے' اس نے کہا: یہ اہل دوزخ میں سے تھا مگر ہمارے ساتھ ایک صالح شخص دفن کیا گیا' اس نے اپنے چالیس پڑوسیوں کے لیے شفاعت کی اور یہ بھی ان میں سے تھا۔

(موسوعہ امام ابن ابی الدنیا: ۳۹- ج ۶ ص ۸۶' المکتبۃ العصریہ' بیروت)

سلیمان بن بریدہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تم کو قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا تھا' پس تحقیق (سیدنا) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو اپنی والدہ کی قبر کی اجازت دی گئی ہے' پس تم قبروں کی زیارت کیا کرو' کیونکہ قبریں آخرت کی یاد دلاتی ہیں۔ (سنن ترمذی: ۱۰۵۴' صحیح مسلم: ۹۷۷' سنن نسائی: ۵۶۹۴' سنن ابن ماجہ: ۳۴۰۵' مسند احمد ج ۵ ص ۳۵۶)

امام ترمذی نے کہا: یہ حدیث صحیح ہے' اہل علم کا اس پر عمل ہے' عبد اللہ بن المبارک' امام شافعی اور امام احمد کا بھی یہی قول ہے۔

عورتوں کے لیے قبروں کی زیارت کی اجازت

بعض علماء نے عورتوں کو قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا ہے' ان کا استدلال اس حدیث سے ہے:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں کی بہت زیادہ زیارت کرنے والیوں پر لعنت فرمائی۔

(سنن ترمذی: ۱۰۵۶' سنن ابن ماجہ: ۱۵۷۶' مسند احمد ج ۲ ص ۳۳۷)

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

امام ترمذی نے کہا: یہ حدیث صحیح ہے' آپ نے یہ لعنت قبروں کی زیارت کی اجازت دینے سے پہلے فرمائی تھی' جب آپ نے قبروں کی زیارت کی اجازت دے دی تو اس اجازت میں مردوں کے ساتھ عورتیں بھی داخل ہو گئیں۔

(سنن ترمذی ص ٢٣٥' دارالمعرفۃ' بیروت' ٢٣ ١٤ھ)

جمہور علماء جو عورتوں کو قبروں کی زیارت کی اجازت دیتے ہیں' ان کا استدلال درج ذیل احادیث سے ہے:

عبداللہ بن ابی ملیکہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ حبشی میں فوت ہو گئے' ان کی میت کو مکہ لا کر وہاں دفن کر دیا گیا' پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت عبدالرحمٰن کی قبر پر آئیں اور یہ اشعار پڑھے:

وکنا کندمانی جذیمۃ حقبۃ　　من الدھر حتی قیل لن یتصدعا

"ہم بادشاہ جذیمہ کے دو مصاحبوں کی طرح ہمیشہ اکٹھے رہے' یہاں تک کہ کہا گیا: یہ کبھی جدا نہیں ہوں گے"۔

فلما تفرقنا کان ومالکا　　لطول اجتماع لم نبت لیلۃ معا

"پس جب ہم جدا ہو گئے تو گویا مدت دراز تک اکٹھا رہنے کے باوجود' میں نے اور مالک نے ایک رات بھی اکٹھے نہیں گزاری"۔

پھر حضرت عائشہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر میں تمہاری وفات کے وقت حاضر ہوتی تو تم کو وہیں دفن کیا جاتا جہاں تم فوت ہو گئے تھے' اور اگر میں وہاں حاضر ہوتی تو اب تمہاری زیارت کے لیے نہ آتی۔ (سنن ترمذی: ١٠٥٥)

وجہ استدلال یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے بھائی کی قبر کی زیارت کے لیے مدینہ سے مکہ گئیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں اپنے اس حجرے میں داخل ہوتی تھی جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور میرے والد مدفون تھے' پس میں اپنے (زائد) کپڑے اتار دیتی تھی اور کہتی تھی کہ یہ میرے خاوند اور میرے والد ہی تو ہیں' جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بھی ان کے ساتھ دفن کر دیا تو اللہ کی قسم! میں اس حال میں داخل ہوتی تھی کہ میں نے اپنے کپڑوں کو باندھا ہوا ہوتا تھا اور یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے حیاء کی وجہ سے تھا۔ (سنن ابوداؤد: ٣٠٠٣' موطأ امام مالک ج ١ ص ١٣٤' سنن بیہقی ج ۵ ص ١٦٢' مسند احمد ج ٦ ص ٢٠٢ طبع قدیم' مسند احمد: ٢٥٦٦٠۔ ج ٢٢ ص ٣٤٣' مشکوٰۃ: ١٧٧١)

حافظ یوسف بن عبداللہ ابن عبدالبر مالکی متوفی ٤٦٣ھ روایت کرتے ہیں:

عبداللہ بن ابی ملیکہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا قبرستان سے آئیں' میں نے ان سے کہا: اے ام المؤمنین! آپ کہاں سے آ رہی ہیں؟ انہوں نے کہا: میں اپنے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی قبر سے آ رہی ہوں' میں نے کہا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زیارت قبور سے منع نہیں فرمایا؟ حضرت عائشہ نے کہا: ہاں! آپ نے قبروں کی زیارت سے منع فرمایا تھا' پھر آپ نے قبروں کی زیارت کا حکم دیا۔ (مصنف عبدالرزاق: ٦٧٤٠)

جعفر بن محمد بیان کرتے ہیں کہ حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' سیدنا حمزہ بن عبدالمطلب کی قبر کی ہر جمعہ کو زیارت کرتی تھیں اور آپ نے ایک پتھر کو اس کی علامت کے طور پر رکھ دیا تھا۔ (مصنف عبدالرزاق: ٦٧٤٢) (تمہید ج ٢ ص ٣٤٣' دارالکتب العلمیہ' بیروت)

عورتوں کے مزارات پر جانے کے متعلق مذاہب فقہاء

امام احمد بن حنبل سے پوچھا گیا: کیا عورتیں قبر کی زیارت کر سکتی ہیں؟ انہوں نے کہا: ہاں! ان شاء اللہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بھائی کی قبر کی زیارت کی ہے' لیکن حضرت ابن عباس کی حدیث ہے کہ قبر کی بہت زیادہ زیارت کرنے والوں پر لعنت کی گئی ہے' امام احمد نے فرمایا: یہ ابو صالح کی روایت ہے' وہ کیا چیز ہے! گویا انہوں نے اس حدیث کو ضعیف قرار

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat,Gujarat,India.

دیا۔(تمہید ج ۲ ص ۱۳۵-۱۳۴ 'دارالکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۱۹ھ)

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

عورتوں کے زیارت قبر میں اختلاف ہے' ایک قول یہ ہے کہ اجازت کے عموم میں عورتیں بھی داخل ہیں اور یہ اکثر کا قول ہے' اور یہ اس وقت ہے جب عورتیں فتنہ سے مامون ہوں' اور جواز کی تائید اس باب کی حدیث سے ہوتی ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کو قبر کے پاس بیٹھے ہوئے دیکھا اور اس کو منع نہیں فرمایا اور آپ کا کسی کام کو مقرر رکھنا حجت ہے اور جنہوں نے زیارت قبور کی اجازت کو مردوں اور عورتوں دونوں کے لیے عام قرار دیا ہے' ان میں سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہیں' وہ اپنے بھائی عبد الرحمان کی قبر کی زیارت کے لیے گئیں اور جب ان سے کہا گیا: کیا اس سے منع نہیں کیا گیا تھا تو حضرت عائشہ نے فرمایا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے اس سے منع فرمایا تھا' پھر آپ نے قبر کی زیارت کا حکم دیا۔(فتح الباری ج ۲ ص ۱۳۱-۷ 'دارالمعرفہ بیروت' ۱۴۲۶ھ)

علامہ بدر الدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

علامہ قرطبی مالکی نے لکھا ہے کہ جوان عورتوں کے لیے قبرستان کے لیے نکلنا حرام ہے اور بوڑھی عورتوں کے لیے مباح ہے' نیز کہا ہے کہ ان سب کے لیے مباح ہے جب یہ مردوں کے بغیر اکیلی جائیں' انہوں نے کہا: اس میں ان شاء اللہ اختلاف نہیں ہوگا' نیز علامہ قرطبی نے کہا ہے کہ حدیث ترمذی میں زوّرات پر لعنت کی گئی ہے یعنی جو قبروں کی زیارت کے لیے بہت زیادہ جاتی ہوں' یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ عورتوں کو زیادہ جانے سے اس لیے منع فرمایا ہے کہ اس سے مردوں کے حقوق ضائع ہوں گے' اور وہ بناؤ سنگھار کر کے نکلیں گی اور یہ اس کے مشابہ ہوگا جو قبروں کی تعظیم کے لیے قبروں کے پاس لازم رہتا ہے' نیز اس میں یہ بھی احتمال ہے کہ عورتیں قبروں پر چیخ و پکار کر کے روئیں گی اور اس میں اور بھی مفاسد ہیں' یہ اس صورت میں ہے جب عورتیں قبروں پر بہت زیادہ جائیں اور جو عورتیں کبھی کبھی جائیں' اس میں حرج نہیں ہے' یہی وجہ ہے کہ زوّرات پر لعنت کی گئی ہے نہ کہ زائرات پر۔

(عمدۃ القاری ج ۸ ص ۱۰۱ 'دارالکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۲۱ھ)

ہماری اس تحریر میں چاروں فقہ کے ائمہ اور علماء کے اس مسئلہ میں نظریات کی تفصیل آ گئی ہے۔

* شرح صحیح مسلم میں مذاہب فقہاء کو زیادہ تفصیل سے لکھا گیا ہے' اس کے عنوانات حسب ذیل ہیں:

① زیارت قبور کا بیان ② عورتوں کی زیارت قبور کے متعلق احادیث ③ فقہاء احناف کے نزدیک عورتوں کے لیے زیارت قبور کا حکم ④ فقہاء حنبلیہ کے نزدیک عورتوں کے لیے زیارت قبور کا حکم ⑤ فقہاء شافعیہ کے نزدیک عورتوں کے لیے زیارت قبور کا حکم ⑥ فقہاء مالکیہ کے نزدیک عورتوں کے لیے زیارت قبور کا حکم ⑦ خلاصہ بحث۔

* یہ بحث شرح صحیح مسلم ج ۷ ص ۷۴۲-۷۳۴ پر مذکور ہے۔

۳۲ - بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَذَّبُ الْمَيِّتُ بِبَعْضِ بُكَاءِ اَهْلِهِ عَلَيْهِ اِذَا كَانَ النَّوْحُ مِنْ سُنَّتِهٖ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد: میت کے بعض گھر والوں کے رونے سے میت کو عذاب دیا جاتا ہے' جب کہ میت پر نوحہ کرنا' اس کا طریقہ ہو

لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى ﴿قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا﴾ (التحریم:٦) وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔(التحریم:٦) اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat,Gujarat,India.



SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

وَإِنْ تَعُدُّوا نِعْمَتَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا

اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرو تو شمار نہ کر سکو گے (ابراہیم ۳۴)

نِعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری

جلد سوم

الاحادیث: ۱۶۰۶ —— ۹۴۲

کتاب الخوف، کتاب العیدین، کتاب الوتر، کتاب الاستسقاء، کتاب الکسوف، کتاب سجود القرآن، کتاب تقصیر الصلوٰۃ، کتاب التہجد، کتاب فضل الصلوٰۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ، کتاب العمل فی الصلوٰۃ، کتاب السہو، کتاب الجنائز، کتاب الزکوٰۃ، کتاب الحج

تصنیف

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ، کراچی-۳۸

ارشد برادرس

۱۵۶۱، گلی کوتانہ، سوئیوالان، نئی دہلی-۲

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat,Gujarat,India.

میں کہتا ہوں: یہ غلط نقل ہے' صحیح حدیث میں ہے کہ تمام شہداء احد پر ایک ایک بار نماز جنازہ پڑھی گئی اور حضرت سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ پر ان کی تکریم اور تعظیم کی وجہ سے ستر مرتبہ نماز جنازہ پڑھی گئی جیسا کہ امام ابن الاثیر' امام محمد بن سعد' امام طحاوی' امام ابن ماجہ' امام طبرانی' حاکم اور بیہقی نے اپنی اپنی اسانید کے ساتھ روایت کیا ہے۔

نیز علامہ ابن بطال مالکی لکھتے ہیں: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۚ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ○ (آل عمران:۱۶۹)

اور جو مسلمان اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے ان کو مردہ گمان مت کرو بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں ان کو رزق دیا جا رہا ہے ○

اللہ تعالیٰ نے ان سے موت کی نفی کی ہے اور ان کے لیے حیات کو واجب کیا ہے' پس ان پر نماز جنازہ واجب نہیں ہوگی کیونکہ زندہ کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جاتی۔ (شرح ابن بطال ج ۳ ص ۳۲۹' دار الکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۲۴ھ)

میں کہتا ہوں کہ یہ دلیل بہت کم زور ہے' اگر شہید کی نماز جنازہ پڑھنا اس لیے ناجائز ہے کہ وہ زندہ ہے اور نماز جنازہ مردہ کی پڑھی جاتی ہے تو پھر شہید کو دفن بھی نہیں کرنا چاہیے کیونکہ زندہ کو دفن نہیں کیا جاتا' اور اس کی میراث بھی تقسیم نہیں کرنی چاہیے کیونکہ زندہ کا ترکہ تقسیم نہیں کیا جاتا' اور اس کی بیوہ کا کہیں نکاح بھی نہیں کرنا چاہیے کیونکہ زندہ شخص کی بیوی کا دوسری جگہ نکاح کرنا جائز نہیں ہے' یہ لوگ فقہی تعصب میں اپنی عقل سے فارغ ہو گئے ہیں' ان کو یہ خبر نہیں کہ شہید کے زندہ ہونے کا یہ معنی نہیں ہے کہ وہ دنیاوی احکام کے اعتبار سے زندہ ہے حتیٰ کہ اس کی نماز جنازہ ناجائز ہو بلکہ شہید برزخی حیات کے ساتھ زندہ ہوتا ہے' اس لیے اس کی نماز جنازہ پڑھنا اس کی حیات کے منافی نہیں ہے' اور شہید کی نماز جنازہ پڑھنا اس کے حق میں دعا کرنا ہے اور اس کی تکریم ہے' سو یہ لوگ شہید کو اس کے حق سے کیوں محروم کرتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑا اور کون شہید ہے اور تمام صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ پڑھی ہے۔

۱۳۴۴ - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا، فَصَلّٰى عَلٰى اَهْلِ اُحُدٍ صَلٰوتَهٗ عَلَى الْمَيِّتِ، ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ اِنِّيْ فَرَطٌ لَّكُمْ، وَاَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ، وَاِنِّيْ وَاللّٰهِ لَاَنْظُرُ اِلٰى حَوْضِيَ الْاٰنَ، وَاِنِّيْ اُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ، اَوْ مَفَاتِيْحَ الْاَرْضِ، وَاِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِيْ، وَلٰكِنْ اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا.

[اطراف الحدیث: ۳۵۹۶-۴۰۴۲-۴۰۸۵-۶۴۲۶-۶۵۹۰]

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبد اللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی' انہوں نے کہا: ہمیں لیث نے حدیث بیان کی' انہوں نے کہا: مجھے یزید بن ابی حبیب نے حدیث بیان کی از ابو الخیر از حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن گھر سے نکلے اور آپ نے اہل احد پر اس طرح نماز پڑھی' جس طرح میت پر نماز پڑھی جاتی ہے' پھر آپ منبر کی طرف مڑے' پس فرمایا: میں تمہارا پیش رو ہوں اور میں تم پر گواہ ہوں اور بے شک اللہ کی قسم! میں اب بھی اپنے حوض کی طرف ضرور دیکھ رہا ہوں اور بے شک مجھے روئے زمین کے خزانوں کی چابیاں عطا کی گئی ہیں' یا فرمایا: روئے زمین کی چابیاں عطا کی گئی ہیں' اور اللہ کی قسم! بے شک مجھے یہ خطرہ نہیں ہے کہ تم (سب) میرے بعد مشرک ہو جاؤ گے لیکن مجھے تم پر یہ خطرہ ہے کہ تم دنیا میں رغبت کرو گے۔

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat, Gujarat, India.

(صحیح مسلم:۲۲۹۶ الرقم المسلسل:۵۸۶۴ سنن ابوداؤد:۳۲۲۳ سنن نسائی:۱۹۵۴ شرح مشکل الآثار:۳۹۰۸ صحیح ابن حبان:۳۱۹۸ المعجم الکبیر:۷۶۷ ج ۱۷ سنن بیہقی ج ۴ ص ۱۴ شرح السنہ:۳۸۲۳ الآحاد والمثانی:۲۵۸۳ مسند ابویعلیٰ:۱۷۴۸ البعث والنشور ص ۱۶۷ مسند احمد ج ۴ ص ۱۴۹ طبع قدیم مسند احمد:۱۷۳۴۴ ج ۲۸ ص ۵۷۸ مسند الطحاوی:۵۵۸۰ جامع المسانید لابن جوزی:۷۹ ص ۵۳ مکتبۃ الرشد ریاض ۱۴۲۶ھ)

اس حدیث کے رجال کا تذکرہ پہلے کئی بار ہو چکا ہے۔

بالعموم شہید کی نماز جنازہ اور بالخصوص سیدنا حمزہ کی نماز جنازہ پر حافظ ابن حجر کا اعتراض

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

امام شافعی نے "الام" میں لکھا ہے کہ احادیث متواترہ سے ثابت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد پر نماز جنازہ نہیں پڑھی' اور وہ جو حدیث ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ستر بار حضرت حمزہ کی نماز جنازہ پڑھی ہے اور جو ان احادیث صحیحہ سے ان کا معارضہ کرتا ہے' اس کو اپنے نفس سے حیاء کرنی چاہیے۔ (فتح الباری ج ۳ ص ۷۸۰ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۲۶ھ)

میں کہتا ہوں کہ صحیح البخاری: ۱۳۴۴ میں یہ تصریح ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل احد پر اس طرح نماز پڑھی' جس طرح میت پر نماز پڑھی جاتی ہے اور یہ حدیث صحیح بخاری کے علاوہ دیگر کتب صحاح میں بھی مذکور ہے' جس کے حوالے ہم نے تخریج میں ذکر کیے ہیں' سو اب ہم بھی کہہ سکتے ہیں کہ جو اس صحیح اور صریح حدیث کا انکار کرتے' اس کو اپنے نفس سے حیاء کرنی چاہیے' رہا حضرت سیدنا حمزہ پر ستر مرتبہ نماز جنازہ پڑھنے پر حافظ ابن حجر کا یہ اعتراض کہ یہ حدیث صحیح نہیں ہے' اس کے علامہ عینی نے متعدد جوابات ذکر کیے ہیں:

حافظ ابن حجر کے اعتراض کے جوابات

علامہ بدرالدین محمود بن احمد عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے جنازہ کی ستر بار نماز پڑھانے کی حدیث اس سند سے مروی ہے:

از یزید بن ابی زیاد از مقسم از حضرت ابن عباس۔

(سنن ابن ماجہ:۱۵۱۳ شرح معانی الآثار:۲۸۱۲ المعجم الکبیر:۲۹۳۵ المستدرک ج ۳ ص ۱۹۸ سنن بیہقی ج ۴ ص ۱۲)

یزید بن ابی زیاد اُن رجال میں سے ہیں جن کے ضعف کے باوجود ان کی حدیث لکھی جاتی ہے' امام مسلم اور اصحاب السنن (امام ابوداؤد' امام ترمذی اور امام ابن ماجہ) نے ان کی حدیث روایت کی ہے' امام ابوداؤد نے کہا: میں ایسے کسی شخص کو نہیں جانتا جس نے ان کی حدیث کو ترک کیا ہو۔ (عمدۃ القاری ج ۸ ص ۲۲۴)

میں کہتا ہوں کہ حافظ مزی متوفی ۷۴۲ھ نے ان کے متعلق لکھا ہے:

العجلی نے کہا: یہ جائز الحدیث ہیں' اپنے بھائی یزید سے ان کا حافظہ زیادہ قوی تھا' جریر نے کہا: عطاء بن السائب سے ان کا حافظہ زیادہ اچھا تھا۔

عبداللہ بن المبارک نے کہا: یہ کیا خوب کریم تھے۔

ابوعبید الآجری نے امام ابوداؤد سے روایت کی ہے کہ میرے علم میں کسی نے ان کی حدیث کو ترک نہیں کیا۔

امام بخاری نے اپنی صحیح (بخاری) کی "کتاب اللباس" میں یزید بن ابی زیاد سے القسیہ کے متعلق روایت ذکر کی ہے' اور اپنی کتاب "رفع الیدین" اور "الادب المفرد" میں ان سے روایت کی ہے اور امام مسلم نے بھی ان سے روایت کی ہے۔

(تہذیب الکمال ج ۲۰ ص ۳۱۶-۳۱۷ دارالفکر بیروت ۱۴۱۴ھ)

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

نیز علامہ عینی لکھتے ہیں:

یزید بن ابی زیاد کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ امام ابن ہشام متوفی ۲۱۸ھ نے یزید بن ابی زیاد کی حدیث کو اس عبارت کے ساتھ لکھا ہے:

امام ابن اسحاق نے کہا: مجھے اس نے حدیث بیان کی جس پر میں کوئی تہمت نہیں لگاتا' از مقسم مولی عبد اللہ بن الحارث از حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ کو لانے کا حکم دیا' پھر ان کو چادر سے ڈھانپ دیا' پھر آپ نے ان پر نماز پڑھائی' پس سات تکبیرات پڑھیں' پھر دیگر شہیدوں کو لایا گیا اور ان کو حضرت حمزہ کے پاس رکھا' پھر ان پر اور حضرت حمزہ پر ایک ساتھ نماز پڑھائی حتیٰ کہ آپ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ پر بہتر مرتبہ نماز پڑھائی۔

(السیرۃ النبویہ لابن ہشام ج ۳ ص ۱۰۸' دار احیاء التراث العربی' بیروت' ۱۴۱۵ھ)

نیز اس حدیث کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ امام طحاوی نے یہ حدیث بھی روایت کی ہے:

حضرت عبد اللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ احد کے دن حضرت حمزہ کو لانے کا حکم دیا' پس ان کو ایک چادر سے ڈھانپ دیا' پھر ان پر نمازِ جنازہ پڑھی' پس نو تکبیرات پڑھیں' پھر دوسرے شہداء کی صفیں بنائیں اور ان کی نماز جنازہ پڑھی اور ان کے ساتھ حضرت حمزہ کی بھی نماز جنازہ پڑھی۔ (شرح معانی الآثار: ۲۸۱۶)

اس حدیث کی مثل حضرت ابو مالک الغفاری سے بھی مروی ہے' وہ بیان کرتے ہیں کہ تو شہداء احد کو لایا جاتا اور ان کے ساتھ دسویں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ ہوتے' پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سب کی نماز جنازہ پڑھتے' پھر ان کو اٹھایا جاتا' پھر دوسرے نو شہداء لائے جاتے اور حضرت حمزہ اسی جگہ ہوتے حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سب کی نماز جنازہ پڑھتے۔

(شرح معانی الآثار: ۲۸۱۵' مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۱۵۸۱' مجلس علمی' بیروت' مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۱۳۶۲' دار الکتب العلمیہ' بیروت' مصنف ابن ابی شیبہ ج ۳ ص ۳۰۴' ادارۃ القرآن' کراچی' سنن دارقطنی: ۱۸۲۴۔ ج ۲ ص ۲۳۳' دار المعرفۃ' بیروت' اس حدیث کو امام ابوداؤد نے اپنی مراسیل میں بھی روایت کیا ہے' حدیث: ۴۳۵۔۴۲۷)

ان احادیث سے آفتاب سے زیادہ روشن ہو گیا کہ ہر چند کہ نماز جنازہ مکرر نہیں پڑھائی جاتی مگر سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ کی تکریم کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نماز جنازہ ستر یا بہتر مرتبہ پڑھی اور حضرت ابن عباس اور حضرت ابن الزبیر کی سند صحیح ہے' ہم نے کثیر طرق اور اسانید سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث کی صحت کو واضح کیا ہے اور ان دلائل کے سامنے اس حدیث پر حافظ ابن حجر کا اعتراض کچھ وقعت نہیں رکھتا اور امام بخاری نے اس باب کی حدیث: ۱۳۴۴ میں حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد پر اس طرح نماز پڑھی جس طرح میت پر نماز پڑھی جاتی ہے اور یہ ہم احناف کے موقف پر صحیح اور صریح حدیث ہے۔

شہید کی نماز جنازہ پڑھنے کی حضرت عقبہ کی حدیث پر حافظ ابن حجر کے اعتراضات

حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ' حضرت عقبہ کی حدیث: ۱۳۴۴ کی شرح میں لکھتے ہیں:

حضرت جابر کی حدیث: ۱۳۴۳' میں شہید پر نماز جنازہ کی نفی ہے اور حضرت عقبہ کی حدیث: ۱۳۴۴ میں شہید کی نماز جنازہ کا اثبات ہے (الی قولہ) رہی حضرت عقبہ کی حدیث تو صحیح البخاری: ۴۰۴۲ میں خود حضرت عقبہ نے یہ تصریح کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹھ سال بعد شہداء احد پر نماز جنازہ پڑھی' اور مخالف خود یہ کہتا ہے کہ جب زیادہ مدت گزر جائے تو قبر پر نماز نہیں پڑھی جاتی تو گویا

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat, Gujarat, India.

نماز سے مراد یہ ہے کہ آپ نے ان کے لیے دعا کی تھی اور استغفار کیا تھا اور اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ شہید کی نماز جنازہ نہ پڑھنے کا حکم منسوخ ہو گیا' پھر امام شافعی کا اس مسئلہ میں اختلاف استحباب میں ہے یعنی ان کے نزدیک مستحب یہ ہے کہ شہید کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے اور فقہاء حنبلیہ سے بھی اسی طرح منقول ہے الماوردی نے امام احمد سے نقل کیا ہے کہ شہید پر نماز جنازہ پڑھنا عمدہ ہے اور اگر نماز نہ پڑھیں تب بھی کافی ہے۔ (فتح الباری ج ۲ ص ۲۸۰' دار المعرفہ بیروت' ۱۴۲۶ھ)

حافظ ابن حجر کے اعتراضات کے علامہ عینی کی طرف سے جوابات

حضرت جابر کی حدیث: ۱۳۴۳ میں شہید کی نماز جنازہ پڑھنے کی نفی ہے اور حضرت عقبہ کی حدیث: ۱۳۴۴ میں شہید کی نماز جنازہ پڑھنے کا اثبات ہے۔

حافظ بدر الدین محمود بن احمد عینی نے حسب ذیل وجوہ سے حضرت عقبہ کی حدیث کو حضرت جابر کی حدیث پر ترجیح دی ہے:

(۱) حضرت جابر کی حدیث میں نفی ہے اور حضرت عقبہ کی حدیث میں اثبات ہے اور اثبات کی حدیث نفی کی حدیث پر راجح ہوتی ہے۔

(۲) حضرت جابر اپنے والد اور اپنے چچا کی تجہیز و تکفین کے کاموں میں مشغول تھے اور اس سلسلے میں مدینہ بھی گئے تھے' پھر جب انہوں نے یہ اعلان سنا کہ شہداء کو وہیں دفن کیا جائے جہاں ان کی لاشیں گری ہیں تو انہوں نے ان کی تدفین میں جلدی کی' اس سے معلوم ہوا کہ وہ شہداء کی تدفین کے وقت حاضر نہیں تھے' علاوہ ازیں الاکلیل میں یہ حدیث مذکور ہے:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھی' پھر دیگر شہداء کو لایا گیا اور ان کو حضرت حمزہ کے پہلو میں رکھ دیا گیا تو آپ نے ان سب کی نماز جنازہ پڑھی۔

(مصنف ابن ابی شیبہ: ۳۷۴۹۶' مجلس علمی بیروت' المستدرک ج ۳ ص ۱۹۹)

(۳) ہمارے اصحاب نے جن روایات سے شہید کی نماز جنازہ پر استدلال کیا ہے' ان کی تعداد شہید پر نماز کی نفی کی روایات سے بہت زیادہ ہے۔

(۴) فوت شدہ مسلمانوں کی نماز جنازہ پڑھنا دین میں اصل ہے اور فرض کفایہ ہے اور یہ کسی کے فعل کے تعارض کی وجہ سے ساقط نہیں ہوگی۔

(۵) اگر شہید کی نماز جنازہ پڑھنا ناجائز ہوتا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کو بیان فرما دیتے جس طرح آپ نے شہید کو غسل دینے سے منع فرما دیا۔

(۶) بر تقدیر تنزل' ہم یہ کہتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ غزوۂ احد کے دن آپ نے شہداء کی نماز نہ پڑھی ہو اور دیگر صحابہ نے پڑھی ہو۔

(۷) یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ نے اس دن شہداء احد کی نماز نہ پڑھی ہو کیونکہ آپ کا چہرۂ مبارک زخمی اور خون آلود تھا اور آپ کو حضرت حمزہ کی شہادت کا بہت رنج تھا اور کسی اور دن آپ نے ان کی نماز جنازہ پڑھی ہو' جیسا کہ صحیح البخاری: ۴۰۴۳ میں تصریح ہے کہ آپ نے آٹھ سال بعد شہداء احد کی نماز جنازہ پڑھی۔

(۸) یہ بھی روایت ہے کہ آپ نے شہداء احد کے علاوہ دوسرے شہداء کی نماز جنازہ پڑھی ہے' کیونکہ آپ نے حضرت جعفر' حضرت زید بن حارثہ اور حضرت عبد اللہ بن رواحہ کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھی ہے۔ (کتاب المغازی للواقدی ج ۲ ص ۲۱۱' البدایہ والنہایہ ج ۳ ص ۳۳۵' دار الفکر' ملا علی قاری نے لکھا ہے: یہ غائبانہ نماز ان کی خصوصیت تھی' مرقات ج ۴ ص ۱۴۱' مکتبہ حقانیہ) نیز حضرت ابو بکر نے

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e. Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

حضرت عمرو بن العاص کی قیادت میں ایک لشکر فلسطین بھیجا' وہاں ۱۳۰ مسلمان شہید ہوئے' ان کی نماز جنازہ حضرت عمرو بن العاص نے پڑھائی۔ (نصب الرایہ ج ۲ ص ۳۱۹)

(۹) حافظ ابن حجر کا یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ حضرت عقبہ کی حدیث میں "صلی" کا معنی ہے: آپ نے ان کے لیے دعا کی اور استغفار کیا' کیونکہ حضرت عقبہ نے فرمایا: آپ نے ان کی اس طرح نماز پڑھی جس طرح میت پر نماز پڑھی جاتی ہے۔

(۱۰) شہید کی نماز جنازہ پڑھنے میں زیادہ احتیاط ہے اور مخالفین کے نزدیک بھی اس کو ترک کرنا واجب نہیں ہے' بلکہ مستحب ہے اور پڑھنا جائز ہے اور شہید کی نماز جنازہ پڑھنے میں اجر کے حصول کی توقع ہے' نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز جنازہ پڑھی اس کو ایک قیراط اجر ملے گا۔ (صحیح البخاری: ۱۳۲۳) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم بالعموم دیا ہے اور اس میں شہید کا استثناء نہیں فرمایا۔

اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ شہید اس سے مستغنی ہے کہ اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے کیونکہ اس کی مغفرت کی بشارت ہوتی ہے' اس کا جواب یہ ہے کہ خیر سے کوئی مستغنی نہیں ہوتا' نابالغ بچے بھی مغفور ہیں اور ان کی نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے' حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کی نماز جنازہ پڑھی گئی اور سب کو چھوڑیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ پڑھی گئی تو شہید نماز جنازہ سے کیسے مستغنی ہوسکتا ہے۔

حافظ ابن حجر نے یہ اعتراض کیا ہے کہ فقہاء احناف کے نزدیک دفن کے تین دن بعد قبر پر نماز جنازہ پڑھنا جائز نہیں ہے' تو دفن کے آٹھ سال بعد شہداء احد کی نماز جنازہ کیسے جائز ہوگی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ فقہاء احناف کا مذہب اس طرح نہیں ہے بلکہ جب تک یہ یقین نہ ہو کہ قبر میں میت کا جسم سلامت ہے اور پھولا یا پھٹا نہیں ہے' اس وقت تک قبر پر اس کی نماز پڑھنا جائز ہے اور شہداء کا جسم قبر میں خراب نہیں ہوتا بلکہ سلامت ہوتا ہے' اسی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹھ سال بعد ان کی قبروں پر نماز جنازہ پڑھی۔

(عمدۃ القاری ج ۸ ص ۲۲۵۔۲۲۴' دارالکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۲۱ھ)

حدیث مذکور کے دیگر فوائد

اس حدیث میں مذکور ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارا حوض پر پیش رو ہوں' یعنی میں حوض پر تمہیں پانی پلانے کا انتظام کروں گا۔

آپ نے فرمایا: میں اب بھی اپنے حوض کو دیکھ رہا ہوں یعنی اس وقت میں آپ کے لیے حوض کو منکشف کر دیا گیا تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حوض اب بھی حقیقۃً موجود ہے اور اس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے کہ آپ نے دنیا میں حوض کو دیکھ لیا' اور اس کی خبر دی۔

آپ نے فرمایا: مجھے روئے زمین کے خزانوں کی چابیاں دے دی گئی ہیں یعنی آپ کے بعد آپ کی امت ان خزانوں کی مالک ہوگی اور یہ آپ کا دوسرا معجزہ ہے۔

آپ نے فرمایا: مجھے یہ خوف نہیں ہے کہ تم میرے بعد مشرک ہو جاؤ گے' اس کا معنی یہ ہے کہ مجھے یہ خوف نہیں ہے کہ تم مجموعی طور پر مشرک ہو جاؤ گے اگرچہ بعض مسلمان مشرک ہوگئے۔ العیاذ باللہ

آپ نے فرمایا: مجھے تم سے یہ خوف ہے کہ تم دنیا میں رغبت کرو گے' اسی طرح بعض مسلمان حسد اور بغض میں مبتلا ہوئے۔

(عمدۃ القاری ج ۸ ص ۲۲۷۔۲۲۶' دارالکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۲۱ھ)

۷۳ - بَابُ دَفْنِ الرَّجُلَيْنِ وَالثَّلَاثَةِ فِي قَبْرٍ وَّاحِدٍ

دو یا تین مردوں کو ایک قبر میں دفن کرنا

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat,Gujarat,India.

صالحین کی قبروں کی زیارت کے احکام اردو ترجمہ جمع و شائع کیا : شیخ محمد شکیل احمد



SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا
اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرو تو شمار نہ کرسکو گے (ابراہیم: ۳۴)

نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری

جلد ہفتم

الاحادیث: ۳۶۲۶ —— ۳۸۵۱

کتاب مناقب الانصار، کتاب المغازی، کتاب تفسیر القرآن

تصنیف

علامہ غلام رسول سعیدی
شیخ الحدیث، دارالعلوم نعیمیہ، کراچی-۳۸

ناشر

فرید بک سٹال ۳۸-اردو بازار لاہور

Marfat.com

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza
Narioli Street,
Surat,Gujarat,India

يَوْمَ أُحُدٍ هٰذَا جِبْرِيلُ آخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهٖ عَلَيْهِ أَدَاةُ الْحَرْبِ .

عباس رضی اللہ عنہما وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد کے دن فرمایا: یہ جبریل ہیں جو اپنے گھوڑے کے سر کو پکڑے ہوئے ہیں اور ان پر جنگ کے ہتھیار ہیں۔

اس حدیث کی شرح' صحیح البخاری: ۳۹۹۵ میں گزر چکی ہے' امام بخاری نے اس حدیث کی یہاں اس لیے روایت کی ہے کہ اس حدیث میں اُحد کا ذکر ہے اور اس حدیث میں جنگ میں ہتھیار استعمال کرنے کا ثبوت بھی ہے۔

٤٠٤٢- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ عَدِيٍّ أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حَيْوَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَتْلٰى أُحُدٍ بَعْدَ ثَمَانِ سِنِيْنَ كَالْمُوَدِّعِ لِلْأَحْيَاءِ وَالْأَمْوَاتِ ثُمَّ طَلَعَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ إِنِّيْ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ فَرَطٌ وَّأَنَا عَلَيْكُمْ شَهِيْدٌ وَّإِنَّ مَوْعِدَكُمُ الْحَوْضُ وَإِنِّيْ لَأَنْظُرُ إِلَيْهِ مِنْ مَّقَامِيْ هٰذَا وَإِنِّيْ لَسْتُ أَخْشٰى عَلَيْكُمْ أَنْ تُشْرِكُوْا وَلٰكِنِّيْ أَخْشٰى عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا أَنْ تَنَافَسُوْهَا قَالَ فَكَانَتْ آخِرَ نَظْرَةٍ نَظَرْتُهَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی' انہوں نے کہا کہ ہمیں زکریاء بن عدی نے خبر دی' انہوں نے کہا: ہمیں ابن المبارک نے خبر دی از حیوۃ از یزید بن ابی حبیب از ابی الخیر از عقبہ بن عامر' وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹھ سال بعد شہداءِ اُحد پر نمازِ جنازہ پڑھی جیسے آپ زندوں اور مُردوں (سب) سے رخصت ہو رہے ہوں' پھر آپ منبر پر رونق افروز ہوئے' سو آپ نے فرمایا: میں تمہارا پیش رو ہوں' اور میں تم پر گواہ ہوں اور میرا تم سے حوض پر (ملاقات کا) وعدہ ہے' اور بے شک میں اب بھی اپنی اس جگہ سے ضرور حوض کی طرف دیکھ رہا ہوں اور بے شک مجھے تمہارے متعلق یہ خوف نہیں ہے کہ تم (سب) مشرک ہو جاؤ گے' لیکن مجھے تم پر یہ خوف ہے کہ تم (سب) دنیا میں رغبت کرو گے' حضرت عقبہ نے کہا: پس میں آخری بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھ رہا تھا۔

اس حدیث کی شرح' صحیح البخاری: ۱۳۴۴ میں گزر چکی ہے۔

حدیث مذکور میں شافعی اور مالکی شارحین کی تاویلات

علامہ عمر بن علی ابن الملقن شافعی متوفی ۸۰۴ھ لکھتے ہیں:

یہ حدیث کتاب الجنائز میں شہید پر نمازِ جنازہ کے باب میں گزر چکی ہے۔ (صحیح البخاری: ۱۳۴۴)

موسیٰ بن عقبہ نے کہا: آپ نے ان میں سے کسی پر بھی اس طرح نماز نہیں پڑھی جس طرح مُردوں پر نمازِ جنازہ پڑھی جاتی ہے۔

علامہ ابن عبدالبر مالکی نے کہا ہے کہ اس میں اختلاف ہے کہ آپ نے ان پر نماز پڑھی تھی یا نہیں۔ (تمہید ج ۲۳ ص ۲۴۴)

علامہ ابن التین نے کہا ہے کہ اس میں اختلاف کیا گیا ہے' ایک قول ہے کہ آپ صرف ان سے الوداع ہو رہے تھے' دوسرا قول ہے کہ آپ نے اُن پر نماز (جنازہ) نہیں پڑھی' تیسرا قول ہے کہ آپ نے ان کے لیے صرف دعا کی تھی۔

(التوضیح لشرح الجامع الصحیح ج ۲۱ ص ۱۵۰' وزارۃ الاوقاف قطر ۱۴۲۹ھ)

مصنف کا شافعی اور مالکی شارحین پر تعاقب

میں کہتا ہوں کہ علامہ ابن الملقن نے یہ شرح اس لیے کی ہے کہ وہ شافعی ہیں اور شافعیوں کا مذہب ہے کہ شہید کی نمازِ جنازہ

Marfat.com Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH
MOHAMMED SHAKIL
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

پڑھی جائے گی کیونکہ شہید زندہ ہوتا ہے اور زندہ کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جاتی ہے' لیکن ان کا یہ قول غلط ہے کیونکہ پھر شہید کو دفن بھی نہیں کرنا چاہیے کیونکہ زندہ کو دفن نہیں کیا جاتا' پھر شہید کی وراثت بھی نہیں تقسیم کرنی چاہیے کیونکہ زندہ کی وراثت تقسیم نہیں کی جاتی اور شہید کی بیوہ کو عدت بھی نہیں گزارنی چاہیے اور اس کی بیوہ کا کسی دوسرے سے نکاح بھی نہیں کرنا چاہیے کیونکہ نہ زندہ شوہر کی بیوی کی عدت ہوتی ہے اور نہ وہ کسی اور سے نکاح کر سکتی ہے اور شوافع کے خلاف سب سے قوی دلیل یہ ہے کہ یہ حدیث صحیح البخاری: ۱۳۴۴ میں گزر چکی ہے اور اس میں یہ تصریح ہے کہ آپ نے شہداء اُحد پر ایسی نماز پڑھی جو میت پر نماز پڑھی جاتی ہے اور جب حدیث میں یہ تصریح موجود ہے تو پھر اس کی یہ تاویل کیسے صحیح ہوگی کہ آپ نے ان پر نماز نہیں پڑھی یا یہ کہ یہاں "صلّی" کا معنی "نماز پڑھی" نہیں ہے' بلکہ اس کا معنی ہے: آپ نے ان کے لیے دعا کی' سو یہ تمام تاویلات حدیث کی صراحت کے خلاف ہیں۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں:

فصلّٰی علی اهل أحد صلاته علی المیت ۔ آپ نے شہداءِ اُحد پر ایسی نماز پڑھی جیسی آپ میت پر نماز پڑھتے تھے۔ (صحیح البخاری: ۱۳۴۴-۳۵۹۶-۴۰۸۵-۶۴۲۶-۶۵۹۰)

سو شافعی اور مالکی شارحین کا اپنے مذہب کو ثابت کرنے کے لیے حدیث کی صراحت کے خلاف شرح کرنا انتہائی رکیک' ضعیف اور نامقبول ہے۔

امام بخاری نے اس حدیث کی اپنی صحیح میں چھ ابواب میں روایت کی ہے' پانچ ابواب میں "صلاته علی المیت" (آپ کی نمازِ جنازہ) کے الفاظ ہیں اور صرف ایک باب کی حدیث: ۴۰۴۲ میں یہ الفاظ انہوں نے اختصار کی وجہ سے حذف کر دیئے اور پانچ ابواب میں ان الفاظ کا ذکر' ایک حدیث میں اس کے حذف پر دلیل ہے' تو یہ اُصولی بات ان شافعی اور مالکی شارحین کی سمجھ میں کیوں نہیں آئی!

مُردوں سے الوداع ہونے کی توجیہ

حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی شافعی متوفی ۸۵۲ھ لکھتے ہیں:

اس حدیث میں مذکور ہے: جیسے آپ زندوں اور مُردوں سب سے رخصت ہو رہے ہوں۔ زندوں سے رخصت ہونا تو سمجھ میں آتا ہے' کیونکہ حدیث کا سیاق و سباق یہ خبر دیتا ہے کہ آپ نے یہ ارشاد اپنی حیات کے آخر میں فرمایا تھا' لیکن مُردوں سے رخصت ہونے کی کیا توجیہ ہے؟ ہوسکتا ہے کہ حضرت عقبہ بن عامر کی مراد یہ ہو کہ اب مُردے بھی آپ کے جسم ظاہری کے ساتھ آپ کی زیارت نہیں کر سکیں گے' کیونکہ ہرچند کہ آپ اپنی موت کے بعد بھی زندہ ہیں' لیکن یہ حیات اُخروی ہے' جو دنیاوی حیات کے مشابہ نہیں ہے۔ واللہ اعلم! اور ہوسکتا ہے کہ مُردوں سے الوداع ہونے کا یہ معنی ہو کہ اب آپ مُردوں کے لیے استغفار کریں گے جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں ہے کہ آپ اہل بقیع کے لیے استغفار فرماتے تھے۔

میں کہتا ہوں کہ ہوسکتا ہے کہ حضرت عقبہ بن عامر نے یہ مبالغۃً کہا ہو کہ گویا آپ زندوں اور مُردوں دونوں سے الوداع ہو رہے ہوں۔ (سعیدی غفرلہ) (فتح الباری ج ۵ ص ۲۰۰' دار المعرفۃ' بیروت' ۱۴۲۶ھ)

شہید کی نمازِ جنازہ کے مسئلہ میں شوافع کا رد

علامہ بدر الدین عینی حنفی متوفی ۸۵۵ھ لکھتے ہیں:

علامہ کرمانی نے کہا ہے کہ شوافع شہداء کی نمازِ جنازہ پڑھنے کے قائل نہیں ہیں' وہ اس حدیث کی کیا توجیہ کریں گے؟ پھر انہوں

Marfat.com
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

نے جواب دیا کہ وہ کہیں گے کہ اس حدیث میں "صلّی" کا معنی نمازِ جنازہ پڑھنا نہیں ہے بلکہ اس کا لغوی معنی مراد ہے کہ آپ نے شہداءِ اُحد کے لیے دعا فرمائی۔ (شرح الکرمانی ج ۱۵ص ۲۱۸' داراحیاء التراث العربی' بیروت)

علامہ عینی' علامہ کرمانی کا ردّ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: کتاب الجنائز میں اس حدیث میں مذکور ہے کہ آپ نے اہلِ اُحد پر نمازِ جنازہ پڑھی' پھر واپس چلے گئے اور یہ حدیث حضرت ابن عباس سے' حضرت ابن الزبیر سے اور حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہم سے مروی ہے اور عکرمہ' سعید بن المسیب' الحسن البصری' مکحول' ثوری' اوزاعی' مزنی سے بھی مروی ہے (یعنی ان تمام صحابہ اور فقہاء تابعین کے نزدیک شہداء کی نمازِ جنازہ پڑھنا سنت ہے اور یہ حدیث شافعیہ اور مالکیہ کے موقف کے ردّ پر بہت قوی دلیل ہے)۔ (سعیدی غفرلہ)

(عمدۃ القاری ج ۱۷ص ۱۹۰' دارالکتب العلمیہ' بیروت' ۱۴۲۱ھ)

٤٠٤٣- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ إِسْرَائِيْلَ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ لَقِيْنَا الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَئِذٍ وَّأَجْلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشًا مِّنَ الرُّمَاةِ وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ وَقَالَ لَا تَبْرَحُوْا إِنْ رَأَيْتُمُوْنَا ظَهَرْنَا عَلَيْهِمْ فَلَا تَبْرَحُوْا وَإِنْ رَأَيْتُمُوْهُمْ ظَهَرُوْا عَلَيْنَا فَلَا تُعِيْنُوْنَا فَلَمَّا لَقِيْنَا هَرَبُوْا حَتّٰى رَأَيْتُ النِّسَاءَ يَشْتَدِدْنَ فِي الْجَبَلِ رَفَعْنَ عَنْ سُوْقِهِنَّ قَدْ بَدَتْ خَلَاخِلُهُنَّ فَأَخَذُوْا يَقُوْلُوْنَ الْغَنِيْمَةَ الْغَنِيْمَةَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جُبَيْرٍ عَهِدَ إِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَّا تَبْرَحُوْا فَأَبَوْا فَلَمَّا أَبَوْا صُرِفَ وُجُوْهُهُمْ فَأُصِيْبَ سَبْعُوْنَ قَتِيْلًا وَّأَشْرَفَ أَبُوْ سُفْيَانَ فَقَالَ أَفِي الْقَوْمِ مُحَمَّدٌ فَقَالَ لَا تُجِيْبُوْهُ فَقَالَ أَفِي الْقَوْمِ ابْنُ أَبِيْ قُحَافَةَ قَالَ لَا تُجِيْبُوْهُ فَقَالَ أَفِي الْقَوْمِ ابْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ إِنَّ هٰؤُلَاءِ قُتِلُوْا فَلَوْ كَانُوْا أَحْيَاءً لَأَجَابُوْا فَلَمْ يَمْلِكْ عُمَرُ نَفْسَهُ فَقَالَ كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ أَبْقَى اللّٰهُ عَلَيْكَ مَا يُحْزِنُكَ قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ أُعْلُ هُبَلُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجِيْبُوْهُ قَالُوْا مَا نَقُوْلُ قَالَ قُوْلُوْا اللّٰهُ أَعْلٰى وَأَجَلُّ قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ لَنَا الْعُزّٰى وَلَا عُزّٰى لَكُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجِيْبُوْهُ قَالُوْا مَا نَقُوْلُ قَالَ قُوْلُوْا اللّٰهُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰى لَكُمْ قَالَ أَبُوْ سُفْيَانَ يَوْمٌ بِيَوْمِ بَدْرٍ وَالْحَرْبُ سِجَالٌ وَّتَجِدُوْنَ مُثْلَةً لَّمْ آمُرْ بِهَا وَلَمْ تَسُؤْنِيْ.

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ہمیں عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی از اسرائیل از ابی اسحاق از حضرت البراء رضی اللہ عنہ وہ بیان کرتے ہیں کہ اس دن ہمارا مشرکین سے مقابلہ ہوا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تیراندازوں کا لشکر بٹھا دیا تھا اور ان پر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو امیر بنا دیا تھا' اور آپ نے فرمایا: تم یہاں سے نہ جانا خواہ تم یہ دیکھو کہ ہم ان پر غالب آ چکے ہیں' تب (بھی) تم یہاں سے نہ جانا' اور اگر تم یہ دیکھو کہ وہ ہم پر غلبہ پا چکے ہیں تب بھی تم ہماری مدد کے لیے نہ آنا' پس جب ہمارا مقابلہ ہوا تو مشرکین بھاگ گئے' حتیٰ کہ ہم نے ان کی عورتوں کو اس طرح پہاڑ پر بھاگتے ہوئے دیکھا کہ انہوں نے اپنی پنڈلیوں سے کپڑا اُٹھایا ہوا تھا اور ان کی پازیبیں ظاہر ہو رہی تھیں تو وہ کہنے لگے: غنیمت (لوٹو)' غنیمت (لوٹو)' پس حضرت عبداللہ بن جبیر نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے یہ عہد لیا تھا کہ یہاں سے نہ جانا' تو انہوں نے انکار کر دیا' پس جب انہوں نے انکار کیا تو ان کے چہرے پھیر دیئے گئے' سو ستر (۷۰) مسلمان شہید ہو گئے اور ابوسفیان نے سر اُٹھا کر کہا: کیا ان لوگوں میں (سیّدنا) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں؟ آپ نے فرمایا: اس کو جواب نہ دینا' پھر اس نے پوچھا: کیا ان لوگوں میں ابوقحافہ کا بیٹا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کو جواب نہ دینا' پس اس نے کہا: کیا ان لوگوں میں خطاب کا بیٹا ہے؟ پھر اس نے کہا: یہ سب لوگ قتل ہو چکے ہیں' اگر یہ زندہ ہوتے تو ضرور جواب دیتے' تب حضرت عمر اپنے اوپر ضبط نہ کر سکے' انہوں نے کہا: اے اللہ کے دشمن! تو نے جھوٹ کہا' اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو تیرے خلاف باقی رکھا ہے

Marfat.com

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat, Gujarat, India.



SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e. Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم یتلوا علیھم ایتہ و یزکیھم ویعلمھم الکتاب و الحکمۃ

امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ کی تقریباً تین سو تصانیف سے ماخوذ (۳۶۶۳) احادیث

وآثار اور (۵۵۵) افاداتِ رضویہ پر مشتمل علوم ومعارف کا گنج گرانمایہ

المختارات الرضویہ من الاحادیث النبویہ والآثار المرویہ

المعروف بہ

جامع الاحادیث

مع افادات

مجددِ اعظم **امام احمد رضا** محدث بریلوی قدس سرہ

جلد سوم

تقدیم، ترتیب، تخریج، ترجمہ

مولانا محمد حنیف خاں رضوی بریلوی

صدر المدرسین جامعہ نوریہ رضویہ بریلی شریف

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

(۴) اہل قبور کو سلام کر و وہ جواب دیتے ہیں

۱۱۳۴۔**عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : قال ابورزين يا رسول الله ! إن طريقی علی الموتی فهل من كلام اتكلم به اذا مررت عليهم ؟ قال : قُلْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ الْقُبُورِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَ الْمُؤْمِنِينَ ، أَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ وَ نَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ وَ اِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالیٰ بِكُمْ لَا حِقُوْنَ ، قال ابو رزين : يا رسول الله ! يسمعون ؟ قال : يَسْمَعُوْنَ وَ لٰكِنْ لَّا يَسْتَطِيْعُوْنَ أَنْ يُّجِيْبُوْا۔

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ابورزین رضی اللہ تعالیٰ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرا راستہ مقابر پر ہے۔کوئی کلام ایسا ہے کہ جب ان پر گذروں کہا کروں ؟فرمایا: یوں کہہ، سلام تم پر اے قبر والو! اہل ایمان اور اہل اسلام سے، تم ہمارے آگے ہو اور ہم تمہارے پیچھے اور ہم انشا اللہ تم سے ملنے والے ہیں ابورزین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا مردے سنتے ہیں؟ فرمایا: سنتے ہیں لیکن جواب نہیں دیتے

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

امام جلال الدین سیوطی شرح الصدور میں فرماتے ہیں: ای جوابا يسمعه الحی و الا فهم يردون حيث لا يسمع یعنی حدیث کی مراد یہ ہے کہ مردے ایسا جواب نہیں دیتے جو زندے سن لیں ورنہ وہ ایسا جواب تو دیتے ہیں جو ہمارے سننے میں نہیں آتا۔نیز یہ معنی خود متعدد احادیث سے ثابت وواضح کہ ان میں تصریحا فرمایا: مردے جواب سلام دیتے ہیں۔اسکی نظیر وہ حدیث ہے کہ روح سب کچھ دیکھتی ہے مگر بول نہیں سکتی کہ شور و فریاد سے منع کرے۔اسکے معنی بھی وہی ہیں کہ اپنی بات احیاء کو سنا نہیں سکتے۔ورنہ صحیح حدیثوں میں اسکا کلام کرنا وارد۔

فقیر کہتا ہے: پھر یہ ہمارا نہ سننا بھی دائمی نہیں۔صدہا بندگان خدا نے اموات کا کلام و سلام سنا ہے۔جنکی بکثرت روایات خود شرح الصدور وغیرہ میں مذکور۔

۱۱۳۵۔**عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : جلس رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم علی قبر مصعب بن عمير و رفقائه وقال: وَالَّذِیْ نَفْسِی

۱۱۳٤۔ المسند للعقيلی، ۱۹/٤ ☆

۱۱۳۵۔ الطبقات الكبری لابن سعد، ۸۵/۳ ☆ الدر المنثور للسيوطی ۱۹۱/۵

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat,Gujarat,India.

بِيَدِهٖ لَا يُسَلِّمُ عَلَيْهِ أحَدٌ اِلَّا رَدُّوا عَلَيْهِ اِلىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت مصعب بن عمیر اور انکے ساتھیوں رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی قبور پر ٹھہرے اور فرمایا: قسم اسکی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے! قیامت تک جو ان پر سلام کرے گا جواب دیں گے۔

۱۱۳۶۔ **عن** أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال : جلس رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم علی قبر مصعب بن عمير و رفقائه و قال: وَالَّذِیْ نَفْسِی ، بِيَدِهٖ لَا يُسَلِّمُ عَلَيْهِمْ أحَدٌ اِلَّا رَدُّوا عَلَيْهِ اِلىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم حضرت مصعب بن عمیر اور ان کے ساتھیوں رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی قبور پر ٹھہرے اور فرمایا: قسم اسکی جسکے ہاتھ میں میری جان۔ قیامت تک جو ان پر سلام کریگا جواب دیں گے۔

۱۱۳۷۔ **عن** عبد الله بن فروة رضی الله تعالیٰ عنه قال : زار رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم شهداء احد فقال : أللّٰهُمَّ ! اِنَّ عَبْدَكَ وَ نَبِيَّكَ يَشْهَدُ أنَّ هٰؤُلَاءِ شُهَدَآءٌ وَ أنَّهٗ مَنْ زَارَ هُمْ أوْ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ اِلىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ رَدُّوا عَلَيْهِ۔

حضرت عبداللہ بن فروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم شہدائے احد کی زیارت کیلئے تشریف لے گئے اور عرض کی؛ الٰہی! تیرا بندہ اور تیرا نبی گواہی دیتا ہے کہ یہ شہید ہیں اور قیامت تک جو انکی زیارت کو آئے گا اور ان پر سلام کریگا یہ جواب دیں گے۔

﴿۲﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

عطاف بن خالد مخزومی کہتے ہیں : میری خالہ مجھ سے بیان کرتی تھیں : میں ایک بار زیارت قبور شہداء کو گئی۔ میرے ساتھ دو لڑکوں کے سوا کوئی نہ تھا جو میری سواری کا جانور تھامے تھے۔ میں نے مزارات پر سلام کیا جواب سنا آواز آئی۔ و الله انا نعرفكم كما يعرف بعضنا بعضا۔ خدا کی قسم، ہم تم لوگوں کو ایسا پہچانتے ہیں جیسے آپس میں ایک دوسرے کو۔

۱۱۳۶۔ المستدرك للحاكم، ☆

۱۱۳۷۔ المستدرك للحاكم، ۳/ ۲۹ ☆ كنز العمال للمتقی، ۲۹۸۹۷، ۱۰/ ۳۸۲

جمع الجوامع للسيوطی، ۹۹۷۰ ☆ دلائل النبوة للبيهقی، ۳/ ۳۰۷

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

میرے بدن پر بال کھڑے ہوگئے اور میں واپس چلی آئی۔

امام بیہقی نے ہاشم بن عمری سے روایت کی کہ مجھے میرے باپ مدینہ طیبہ سے زیارت قبور احد کو لے گئے۔ جمعہ کا روز تھا، صبح ہو چکی تھی اور آفتاب نہ نکلا تھا۔ میں اپنے والد کے پیچھے تھا ۔جب مقابر کے پاس پہونچے۔انہوں نے بلند آواز سے کہا:سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار، جواب آیا۔وعلیك السلام یا ابا عبد اللہ! باپ نے میری طرف پھر کر دیکھا اور کہا: اے میرے بیٹے! کیا تو نے جواب دیا؟ میں نے کہا: نہ انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ کر اپنی داہنی طرف کرلیا اور، کلام مذکور کا اعادہ کیا۔دوبارہ ویسا ہی جواب ملا۔سہ بارہ کیا پھر وہی جواب ہوا۔ میرے باپ اللہ کے حضور سجدۂ شکر میں گر پڑے۔ ابن ابی الدنیا اور بیہقی دلائل میں انہیں عطاف مخزومی کی خالہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن میں نے قبر سیدنا حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس نماز پڑھی اس وقت جنگل بھر میں کسی آدمی کا نام ونشان نہ تھا بعد نماز مزار مطہر پر سلام کیا جواب آیا اور اسکے ساتھ یہ فرمایا:من یخرج من تحت القبر اعرفه کما اعرف ان اللہ خلقنی و کما اعرف اللیل و النهار ۔

جو میری قبر کے نیچے سے گزرتا ہے میں اسے ایسا پہچانتا ہوں جیسے اس بات کو کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کیا۔اور جس طرح رات ودن کو پہچانتا ہوں۔

١١٣٨۔ **عن** محمدبن واسع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال : بلغنی ان الموتی یعلمون بزوارهم یوم الجمعة و یوما قبله و یوما بعده ۔

حضرت محمد بن واسع ثقہ تابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے یہ حدیث پہونچی کہ مردے اپنے زائروں کو جانتے ہیں جمعہ کے دن اور ایک دن اس سے قبل اور ایک دن بعد۔

﴿٣﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اس حدیث کے یہ معنی ہیں کہ بوجہ برکت جمعہ ان تین ایام میں انکے علم وادراک کو زیادہ وسعت دیتے ہیں جو معرفت وشناسائی ان دنوں میں ہوتی ہے اور دنوں سے بیش وفزوں ہے۔نہ یہ کہ صرف یہی تین دن علم وادراک کے ہوں۔ابھی سن چکے کہ احادیث کثیرہ مطلق

١١٣٨۔ شعب الایمان للبیهقی، ١٨/٧ ☆

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat,Gujarat,India.

ہیں جن میں بلاتخصیص ایام ان کا علم وادراک ثابت ہے۔ فتاوی رضویہ ۴/۲۶۴

(۵) قبر کی زیارت سے مردہ خوش ہوتا ہے

۱۱۳۹۔ **عن** بعض الصحابة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: أُنسُ مَا يَكُوْنُ لِلْمَيِّتِ فِي قَبْرِهِ اِذَا زَارَهٗ مَنْ كَانَ يُحِبُّهٗ فِي دَارِ الدُّنْيَا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قبر میں مردے کا زیادہ دل بہلنے کا وقت وہ ہوتا ہے جب اسکا کوئی پیارا زیارت کو آتا ہے۔

۱۱٤۰۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضی الله تعالیٰ عنه قالت : قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : مَا مِنْ رَجُلٍ يَزُوْرُ قَبْرَ أَخِيْهِ وَ يَجْلِسُ عَلَيْهِ اِلَّا اسْتَأْنَسَ وَ رَدَّ عَلَيْهِ حَتّٰى يَقُوْمَ۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی قبر کی زیارت کو جاتا ہے اور وہاں بیٹھتا ہے تو میت کا دل اس سے بہلتا ہے اور جب تک وہاں سے اٹھے مردہ جواب دیتا ہے۔

۱۱٤۱۔ **عن** عبد الله بن عمرو بن العاص رضی الله تعالیٰ عنهما قال : قال ابی و هو فی سیاق الموت : اذا انامت فلاتصاحبنی نائحة و لا نارا ،و اذا دفنتمونی فشنوا علی التراب شنا ، ثم اقیموا حول قبری قدر ما ینحر جزور و یقسم لحمها حتی استانس بکم و اعلم ما ذا راجع به رسل ربی۔

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مجھ سے میرے والد گرامی نے وقت نزع فرمایا: جب میرا انتقال ہوجائے تو میرے جنازہ کے ساتھ نہ کوئی نوحہ کرنے والی ہو اور نہ آگ، اور جب مجھے دفن کر چکو تو مجھ پر تھم تھم کر آہستہ آہستہ مٹی ڈالنا ۔پھر میری قبر کے گرد اتنی دیر ٹھہرے رہنا کہ ایک اونٹ ذبح کیا جائے اور اسکا گوشت تقسیم ہو یہاں تک کہ میں تم سے انس حاصل کروں اور جان لوں کہ اپنے رب کے رسولوں کو کیا جواب

۱۱۳۹۔ شرح الصدور للسیوطی، ☆ شفا السقام للسبکی،
۱۱٤۰۔ کتاب القبور لابن ابی الدنیا ☆ اتحاف السادة للزبیدی، ۱۰/۳٦۵
۱۱٤۱۔ الصحیح لمسلم، کتاب الجنائز

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat,Gujarat,India.

دیتاہوں۔ فتاوی رضویہ ۴/۵۹

(٦) اہل قبور سنتے اور دیکھتے ہیں

١١٤٢۔ **عن** أم المؤمنين عائشة الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها قالت : كنت أدخل بيتى الذى فيه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و انى واضع ثوبى و أقول : إنما هو زوجى و أبى ، فلما دفن عمر معهم فوالله ما دخلته الا و انا مشدودة على ثيابى حياء من عمر۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں اس مکان جنت آستان میں جہاں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مزار پاک ہے یونہی بے لحاظ ستر و حجاب چلی جاتی اور جی میں کہتی : وہاں کون ہے۔ یہ ہی میرے شوہر اور میرے باپ، صلی اللہ تعالیٰ علی زوجها ثم ابيها ثم عليها و بارك و سلم، جب سے عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ دفن ہوئے، خدا، کی قسم بغیر سراپا بدن چھپائے نہ گئی۔ عمر سے شرم کے باعث، رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

﴿۴﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

اگر ارباب مزارات کو کچھ نظر نہیں آتا تو اس شرم کے کیا معنی تھے۔ اور دفن فاروق اعظم سے پہلے اس لفظ کا کیا منشا تھا۔ کہ مکان میں میرے شوہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا میرے باپ ہی تو ہیں۔ غیر کون۔ فتاوی رضویہ ۴/۲۵۸

١١٤٣۔ **عن** عقبة بن عامر رضى الله تعالىٰ عنه قال : ماابالى فى القبو ر قضيت حاجتى أم فى السوق بين ظهرانيه و الناس ينظرون ۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں ایک سا جانتا ہوں قبرستان میں قضائے حاجت کو بیٹھوں یا بیچ بازار میں کہ لوگ دیکھتے جائیں۔

فتاوی رضویہ ۴/۲۵۷

١١٤٢۔ المسند لاحمد بن حنبل، ٦/٢٠٢ ☆ مشكوة المصابيح للتبريزى، ١/١٥٤
١١٤٣۔ المصنف لابن ابى شيبة، ☆ المستدرك للحاكم،

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat,Gujarat,India.

واقع ہوتا تو سابقین اولین کے ساتھ جنت میں جانا نہ ملتا بلکہ اس وقت جاتیں جبکہ عبد المطلب داخل بہشت ہوں گے۔ھکذا ینبغی التحقیق و الله تعالیٰ ولی التوفیق ۔

فتاوی رضویہ ۱۱/ ۱۵۸

(۹) قبر پر عورت کی حاضری اور جزع فزع سے ممانعت

١١٤٧۔ **عن** أنس بن مالك رضی الله تعالیٰ عنه قال : مر النبی صلی الله تعالی علیه وسلم بِامرأة عند قبر وهی تبکی فقال لها : اِتَّقِی اللّٰهَ وَ اصْبِرِیْ ۔

جد الممتار ۱/۴۰۴

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک عورت کے پاس سے گزرے جو قبر کے پاس بیٹھی رو رہی تھی۔ تو اس سے ارشاد فرمایا: اللہ سے ڈر اور صبر کر۔ ۱۲م

(۱۰) کافر کی قبر سے گزرو تو کیا کہو

١١٤٨۔ **عن** عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال : جاء اعرابی الی النبی صلی الله تعالی علیه وسلم فقال : یا رسول الله ! ان ابی کان یصل الرحم و کان و کان فاین هو ، قال : فِی النَّارِ ، قال فکانه وجد من ذلك فقال : یا رسول الله ! فاین ابوك قال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم : حَیْثُ مَا مَرَرْتَ بِقَبْرِ مُشْرِكٍ فَبَشِّرْهُ بِالنَّارِ ، قال : فاسلم الاعرابی بعد و قال : لقد کلفنی رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم تعبا ما مررت بقبر کافر الا بشرته بالنار ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر بولا: یا رسول اللہ! میرا باپ صلہ رحمی کرتا تھا اور

١١٤٧۔ الجامع الصحیح للبخاری، باب قول الرجل اصبری ، ١/١٦٧
الصحیح لمسلم ، کتاب الجنائز ، ١/٣٠٢
السنن الکبری للبیهقی، ٤/٦٥ ☆ مشکوة المصابیح للتبریزی، ١٧٢٨
المسند لاحمد بن حنبل ، ٣/١٤٣ ☆ حلیة الاولیاء لابی نعیم ، ٢/٤٠
شرح السنة للبغوی،، ٥/٤٤٧ ☆ مجمع الزوائد للهیثمی، ٣/٢
فتح الباری لابن کثیر ، ١١/٨٠ ☆
١١٤٨۔ السنن لابن ماجه ، باب ما جاء فی زیارة قبور المشرکین ، ١/١١٤

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Navioli Street,
Surat,Gujarat,India.

ایسا ایسا تھا۔تو اس کا انجام کیا ہے؟ فرمایا: دوزخ، اسے اس بات سے کچھ صدمہ لاحق ہوا تو بولا: آپ کے باپ کہاں ہیں؟ آپ نے فرمایا: سنو، جب تو کسی مشرک کی قبر سے گزرے تو اسے دوزخ کی بشارت سنا۔اس کے بعد وہ اعرابی مسلمان ہو گیا اور کہنے لگا: رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے مجھے صدمہ پہونچایا تھا لیکن اب میں جس مشرک کی قبر سے گزرتا ہوں اسے دوزخ کی بشارت سناتا ہوں۔

﴿۸﴾ امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

ہر عاقل جانتا ہے کہ بشارت ومژدہ دینا بے سماع وفہم محال، اور صحابی مخاطب نے ارشاد اقدس کو معنی حقیقی پر محمول کیا۔ولہذا عمر بھر اس پر عمل فرمایا۔ فتبصر۔

فتاوی رضویہ ۴/۱۷۲



Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

رسولِ اکرم صلّی اللّٰہ تعالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسلّم کی مبارک زندگی کے حالات وواقعات پر مشتمل مدنی گلدستہ

سیرتِ رسولِ عربی

مصنف: حضرت علامہ محمد نور بخش تَوَکُّلی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ

پیش کش: مجلس المدینۃ العلمیۃ

ناشِر
مکتبۃ المدینہ فیضانِ مدینہ
باب المدینہ کراچی

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

﴿4﴾ درود شریف و زیارت قبر شریف

مومنوں پر واجب ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر درود بھیجا کریں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ (احزاب، ع ۷)

تحقیق اللہ اور اس کے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے رہتے ہیں اے ایمان والو! تم ان پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو۔ (1)

اس آیت میں تاکید کے لئے جملہ اسمیہ لایا گیا ہے جس کے شروع میں بغرض تاکید مزید حرف تاکید مذکور ہے۔ اس جملہ کی خبر فعل مضارع ہے جو افادۂ استمرار تجددی کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اور میرے تمام فرشتے (جن کی گنتی مجھے ہی معلوم ہے) پیغمبر پر درود بھیجتے رہتے ہیں اے مومنو! تم بھی اس وظیفہ میں میری اور میرے فرشتوں کی اقتداء کرو۔ (2)

واضح رہے کہ خدا کے درود بھیجنے سے مراد رحمت کا نازل کرنا اور فرشتوں اور مومنوں کے درود سے مراد اُن کا بارگاہ رب العزت میں تَضَرُّع و دعاء کرنا ہے کہ وہ اپنے حبیب پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر رحمت و برکت نازل فرمائے۔

مومنوں کی طرف سے درود بھیجنے میں رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی تعظیم ہے اور بھیجنے والوں کا بھی فائدہ ہے۔ چنانچہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم نے فرمایا کہ جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درود بھیجتا ہے۔ (3) مسلمانو! رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی اس شان محبوبیت اور عظمت جاہ کو دیکھئے کہ امت کا ایک بندہ حقیر و ذلیل، حبیب خدا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر درود بھیجتا ہے تو اس کا بدلہ خود رب جلیل جَلَّ شَانُهٗ دیتا ہے اور ایک کے مقابلہ میں دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے طفیل سے یہ شرف صرف اسی امت کو عطاء ہوا ہے کیونکہ اس امت کے سوا کسی اور امت کو اپنے پیغمبر پر درود و سلام بھیجنے کا حکم نہیں دیا گیا۔

---

1 ...... ترجمۂ کنز الایمان: بیشک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔ (پ ۲۲، الاحزاب: ٥٦)۔ علمیه

2 ...... یہاں وظیفہ سے مراد کام ہے۔ عوام میں وظیفہ کے جو معنی مشہور ہیں وہ مراد نہیں۔ علمیه

3 ...... صحیح مسلم، کتاب الصلوٰۃ، باب الصلاۃ علی النبی، الحدیث: ٤٠٨، ص ٢١٦۔ علمیه

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

درود شریف کے فوائد میں سے ایک یہ بھی ہے کہ درود شریف اجابتِ دُعا[1] کا ذریعہ ہے کیونکہ یہ بھی ایک قسم کا تَوَسُّل بِالنَّبی صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ہے۔ دَلَائِلُ الْخَیرات شریف میں ہے کہ حضرت ابوسلیمان عبدالرحمٰن بن عطیہ دارانی (متوفی ۲۱۵ھ)[2] نے فرمایا کہ جب تم خدا تعالیٰ سے کچھ مانگو تو دعا سے پہلے اور پیچھے درود شریف پڑھ لیا کرو کیونکہ اللّٰه تعالیٰ دونوں طرف کے درود شریف کو تو اپنے کرم سے قبول کر ہی لیتا ہے اور یہ اس کے کرم سے بعید ہے کہ درمیان کی چیز کو رد کر دے۔[3] علامہ فاسی رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه شرح دلائل الخیرات میں لکھتے ہیں کہ بعض کے نزدیک امام دارانی کے قولِ مذکور کا تتمہ یوں ہے: ''اور ہر ایک عمل مقبول ہوتا ہے یا مردود سوائے درود شریف کے کہ وہ مقبول ہی ہوتا ہے مردود نہیں ہوتا۔''[4] امام باجی رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه[5] نے بروایت ابن عباس نقل کیا ہے کہ جب تم اللّٰه تعالیٰ سے کچھ مانگو تو اپنی دعا میں درود شریف شامل کرو کیونکہ درود شریف مقبول ہوتا ہے اور اللّٰه تعالیٰ کی شان سے یہ بعید ہے کہ وہ بعض کو قبول کرے اور بعض کو رد کرے۔ شیخ ابوطالب مکی رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه نے یہ حدیث نقل کی ہے کہ جب تم اللّٰه تعالیٰ سے کچھ مانگو تو پہلے درود شریف پڑھو۔ کیونکہ اللّٰه تعالیٰ کی شان سے بعید ہے کہ اس سے دو حاجتیں مانگی جائیں جن میں سے ایک کو پورا کر دے اور دوسری کو رد کر دے۔ اس روایت کو امام غزالی رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه نے ''اِحیاءُ العُلوم'' میں نقل کیا ہے۔[6] امام عراقی رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه نے کہا کہ میں نے اس روایت کو مرفوع نہیں پایا وہ ابو الدرداء رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ پر موقوف ہے۔[7] ''شِفاء شریف'' میں ہے کہ حدیث میں آیا ہے کہ درود شریف کے درمیان کی دعاء رد نہیں کی

---

1 ......دعا کی قبولیت

2 ......سیرتِ رسولِ عربی کے نسخوں میں یہاں " ابوسلمان" ہے جبکہ دلائل الخیرات اور مطالع المسرات میں " ابوسلیمان" ہے لہٰذا کتابت کی غلطی پر محمول کرتے ہوئے ہم نے یہاں " ابوسلمان" کے بجائے " ابوسلیمان" لکھا ہے۔علمیہ

3 ......دلائل الخيرات مع مطالع المسرات (مترجم)،فصل فى فضل الصلاة على البنى...الخ، ص ۱۰۰۔علميه

4 ......مطالع المسرات (مترجم)،فصل فى فضل الصلاة على النبى...الخ، ص ۱۰۲-۱۰۳۔علميه

5 ......سیرتِ رسولِ عربی کے بعض نسخوں میں یہاں " امام خفاجی" اور بعض میں " امام باجی" لکھا ہے، مطالع المسرات کے حوالے سے ہم نے " امام باجی" لکھا ہے۔علمیہ

6 ......احياء علوم الدين، كتاب الاذكار والدعوات، الباب الثانى فى آداب الدعاء...الخ، ج ۱، ص ٤٠٦۔علميه

7 ......المغنى عن حمل الاسفار فى الاسقار فى تخريج ما فى الاحياء من الاخبار على هامش الاحياء، كتاب الاذكار والدعوات، الباب الثانى، ج ۱، ص ٤٠٦ ......علميه

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

جاتی۔[1] ابومحمد جبر نے اس روایت کو کتاب ''شرف المصطفیٰ'' سے منسوب کیا ہے۔کذا فی ''مطالع المسرات''۔[2]

علامہ شامی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے سَلَف کے قول (کہ درود شریف کبھی رد نہیں ہوتا) کی تاویل و تصحیح یوں کی ہے کہ درود شریف (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ) دعا ہے اور دعا کبھی مقبول ہوتی ہے اور کبھی مردود۔مگر درود شریف عموم دعاء سے مستثنیٰ ہے کیونکہ نص قرآنی سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول پر درود بھیجتا رہتا ہے۔اس نے اپنے مومن بندوں پر احسان کیا ہے کہ ان کو بھی درود بھیجنے کا حکم دیا ہے تاکہ ان کو زیادہ فضل و شرف حاصل ہو جائے۔ورنہ رسول اللہ صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو تو اپنے پروردگار کا درود ہی کافی ہے۔پس مومن کا اپنے رب سے طلب دُرود کرنا قطعاً مقبول ہے کیونکہ خدا تعالیٰ خود خبر دے رہا ہے کہ میں اپنے رسول پر درود بھیجتا رہتا ہوں۔باقی تمام دعائیں اور عبادتیں اس کے برعکس ہیں۔لہٰذا درود شریف کے مقبول ہی ہونے کی سند نص قرآنی ہے۔رہا اس پر ثواب کا ملنا، سو وہ چند عوارِض سے مشروط ہے اور وہ عوارِض یہ ہیں: قلب غافل سے پڑھنا، ریا و سُمعہ کے لئے پڑھنا،[3] کسی حرام چیز پر استعمال کرنا، وغیرہ۔کذا فی ردالمحتار۔[4]

آنحضرت صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے روضہ شریف کی زیارت بالا جماع سنت اور فضیلت عظیمہ ہے۔اس بارے میں بہت سی احادیث آئی ہیں جن میں سے چند ''وفاء الوفاء'' سے یہاں پیش کی جاتی ہیں۔[5]

﴿1﴾ مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ. جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت ثابت ہو گئی۔[6] (دار قطنی و بیہقی وغیرہ)

1 ......الشفاء،القسم الثانی فیما یجب علی الانام،الباب الرابع فی حکم الصلوۃ علیه،فصل:فی المواطن التی تستحب فیھا، ج ٢، ص ٦٦۔علمیه

2 ......مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات (مترجم)،ص ١٠٢۔علمیه

3 ......دکھاوے اور شہرت کے لیے پڑھنا۔

4 ......رد المحتار،کتاب الصلوۃ ، مطلب فی ان الصلاۃ علی النبی...الخ،ج ٢، ص ٢٨٣ و ٢٨٥۔علمیه

5 ......وفاء الوفاء، الباب الثامن فی زیارۃ النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم ...الخ،الفصل الاول فی الزیارۃ نصا...الخ، ج ٢، الجزء ٤،ص ١٣٣٩ تا ١٣٦١۔علمیه

6 ......سنن الدارقطنی، کتاب الحج ، باب ماجاء فی زیارۃ قبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ، الحدیث: ٢٦٩٥ ، ج ٣، ص ٣٣٤۔علمیه

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza Narioli Street, Surat, Gujarat, India

﴿2﴾ مَنْ زَارَ قَبْرِیْ حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِی. ''جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے واسطے میری شفاعت ثابت ہوگئی۔''[1] (بزار)

﴿3﴾ مَنْ جَآءَنِیْ زَآئِرًا لَا تَحْمِلُهٗ حَاجَةٌ اِلَّا زِیَارَتِیْ كَانَ حَقًّا عَلَیَّ اَنْ اَكُوْنَ لَهٗ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ. جو میری زیارت کو اس طرح آیا کہ میری زیارت کے سوا کوئی اور چیز اس کو نہ لائی تو مجھ پر حق ہے کہ قیامت کے دن میں اس کا شفیع ہوں گا۔[2] (کبیر و اوسط طبرانی۔امالی دارقطنی وغیرہ۔)

﴿4﴾ مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ وَفَاتِیْ كَانَ كَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ. جس نے حج کیا اور میری وفات کے بعد میری قبر کی زیارت کی وہ مثل اس کے ہے جس نے میری زندگی میں میری زیارت کی۔[3] (دارقطنی وطبرانی وغیرہ)

﴿5﴾ مَنْ حَجَّ الْبَیْتَ وَلَمْ یَزُرْنِیْ فَقَدْ جَفَانِیْ. جس نے بیت اللہ کا حج کیا اور میری زیارت نہ کی اس نے مجھ پر ستم کیا۔[4] (کامل ابن عدی)

﴿6﴾ مَنْ زَارَنِیْ اِلَی الْمَدِیْنَةِ كُنْتُ لَهٗ شَهِیْدًا وَّشَفِیْعًا. جس نے مدینہ آکر میری زیارت کی میں اس کے لئے گواہ اور شفیع ہوں گا۔[5] (سنن دارقطنی)

﴿7﴾ مَنْ زَارَ قَبْرِیْ اَوْمَنْ زَارَنِیْ كُنْتُ لَهٗ شَفِیْعًا اَوْ شَهِیْدًا وَ مَنْ مَاتَ فِیْ اَحَدِ الْحَرَمَیْنِ بَعَثَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فِی الْاٰمِنِیْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ. جس نے میری قبر کی زیارت کی (یا فرمایا) جس نے میری زیارت کی میں اس کے لئے شفیع یا گواہ ہوں گا اور جو شخص حرمین میں سے ایک میں مرگیا اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کو قیامت کے دن امن والوں میں اٹھائے گا۔[6] (ابوداؤد طیالسی)

---

1 ......وفاء الوفاء،الباب الثامن فی زیارة النبی صلی اللّٰه علیه وسلم ...الخ،الفصل الاول فی الزیارة نصا...الخ، ج۲، الجزء ٤،ص۱۳۳۹۔علمیه

2 ......المعجم الاوسط للطبرانی،من اسمه عبدان،الحدیث:٤٥٤٦،ج۳،ص۲٦٦۔علمیه

3 ......المعجم الکبیر للطبرانی، مجاهد عن ابن عمر،الحدیث:۱۳٤۹۷،ج۱۲،ص۳۱۰۔علمیه

4 ......الکامل فی ضعفاء الرجال لابن عدی،۱۹٥٦/۳- النعمان بن شبل الباهلی البصری،ج۸،ص۲٤۸۔علمیه

5 ......شعب الایمان للبیهقی ، الخامس و العشرون باب فی المناسك ، فضل الحج و العمرة ، الحدیث : ٤۱٥۷ ، ج۳ ، ص٤۹۰۔علمیه

6 ......مسند ابی داود الطیالسی،الافراد،ج۱،ص۱۲۔علمیه

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

﴿8﴾ مَنْ زَارَنِیْ مُتَعَمِّدًا کَانَ فِیْ جِوَارِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ. جس نے بالقصد میری زیارت کی وہ قیامت کے دن میری پناہ میں ہوگا۔[1] (ابو جعفر عقیلی)

﴿9﴾ مَنْ زَارَنِیْ بَعْدَ مَمَاتِیْ فَکَاَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ وَمَنْ مَاتَ بِاَحَدِ الْحَرَمَیْنِ بُعِثَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ. جس نے میری وفات کے بعد میری زیارت کی اس نے گویا میری زندگی میں میری زیارت کی اور جو حرمین شریفین میں سے ایک میں مرگیا وہ قیامت کے دن امن والوں کے زمرہ میں اٹھایا جائے گا۔[2] (دار قطنی وغیرہ)

﴿10﴾ مَنْ حَجَّ اِلٰی مَکَّةَ ثُمَّ قَصَدَنِیْ فِیْ مَسْجِدِیْ کُتِبَتْ لَهٗ حَجَّتَانِ مَبْرُوْرَتَانِ. جس نے مکہ میں حج کیا پھر میری مسجد میں میری زیارت کی اس کے لئے دو مقبول حج لکھے گئے۔[3] (مسند فردوس)

اَحادیث مذکورہ بالا کے علاوہ کتاب اللّٰہ سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے۔ چنانچہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ فرماتا ہے:

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا۝ (نساء، ع٩)	اور اگر یہ لوگ جس وقت کہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں تیرے پاس آتے اور خدا سے بخشش مانگتے اور پیغمبر ان کیلئے بخشش مانگتے تو وہ خدا کو معاف کرنے والا مہربان پاتے۔[4]

اس آیت میں آنحضرت صَلَّی اللّٰہ تعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی خدمت شریف میں حاضر ہو کر توبہ کرنے کی ترغیب دی گئی ہے مگر قبول توبہ کے لئے ایک تیسرے امر گناہ گارانِ امت کے لئے اِسْتِغْفارِ رسول کی بھی ضرورت بیان ہوئی ہے۔ آنحضرت صَلَّی اللّٰہ تعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کا تمام مومنوں کے لئے طلب مغفرت فرمانا تو ثابت ہی ہے کیونکہ حضور کو حکم الٰہی یوں ہے:

---

1 ...... کتاب الضعفاء للعقیلی، ۱۹۷۷ ھارون بن قزعة (مدینی)، ج٤، ص١٤٧٧ وشعب الایمان للبیهقی، الخامس والعشرون باب فی المناسك، فضل الحج والعمرة، الحدیث: ٤١٥٢، ج٣، ص٤٨٨ ـ علمیه

2 ......سنن الدارقطنی، کتاب الحج، باب ماجاء فی زیارة قبر... الخ، الحدیث: ٢٦٩٤، ج٣، ص٣٣٤ ـ علمیه

3 ......فردوس الاخبار، باب المیم، فصل مَن حج، الحدیث: ٥٧٠٥، ج٢، ص٢٥٢ ـ علمیه

4 ......ترجمۂ کنز الایمان: اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللّٰہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللّٰہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔ (پ٥، النساء: ٦٤) ـ علمیه

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Navioli Street, Surat, Gujarat, India.

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ اور تو اپنے سبب سے مومنین اور مومنات کیلئے بخشش مانگ۔ (1)

ظاہر بالبداہت ہے کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اس حکم کی تعمیل کی۔ پس اگر باقی دو امر (گنہگاروں کا بغرض توسُّل حاضرِ خدمت ہونا اور طلبِ مغفرت کرنا) پائے جائیں تو وہ مجموعہ مُتحقَّق ہوجائے گا جو موجبِ قبولِ توبہ و رحمتِ الٰہی ہے۔

آیت زیر بحث اسْتَغْفَرَ لَهُمُ کا عطف جاءُ وكَ پر ہے اس لئے اس کا مقتضا یہ نہیں کہ استغفارِ رسول استغفارِ عاصیان کے بعد ہو۔ علاوہ ازیں ہم تسلیم نہیں کرتے کہ حضور عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام وفات شریف کے بعد گنہگارانِ اُمت کیلئے طلبِ مغفرت نہیں فرماتے کیونکہ حضور (بلکہ تمام انبیاء کرام عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) وفات شریف کے بعد زندہ ہیں اور عاصیانِ امت کے لئے طلبِ مغفرت فرماتے ہیں۔ چنانچہ بزّار نے صحیح راویوں کے ساتھ حضرت عبداللّٰہ بن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے نقل کیا ہے کہ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: "حَيَاتِيْ خَيْرٌ لَّكُمْ تُحَدِّثُوْنَ وَ اُحَدِّثُ لَكُمْ وَ وَفَاتِيْ خَيْرٌ لَّكُمْ تُعْرَضُ عَلَيَّ اَعْمَالُكُمْ فَمَا رَاَيْتُ مِنْ خَيْرٍ حَمِدْتُ اللّٰهَ عَلَيْهِ وَ مَا رَاَيْتُ مِنْ شَرٍّ اسْتَغْفَرْتُ اللّٰهَ لَكُمْ." (2)

میری زندگی تمہارے حق میں بہتر ہے۔ تم مجھ سے (حلال وحرام) پوچھتے ہو میں تمہیں (بذریعہ وحی) احکام سناتا ہوں اور میری وفات بھی تمہارے حق میں بہتر ہے۔ تمہارے اعمال میرے سامنے پیش ہوا کریں گے۔ میں اچھے عملوں کو دیکھ کر اللّٰہ کا شکر کروں گا اور برے عملوں کو دیکھ کر تمہارے واسطے مغفرت کی دعا کیا کروں گا۔

پس آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حیات شریف ہی میں عاصیانِ امت کو بشارت دے دی کہ میں وفات شریف کے بعد بھی ان کے لئے استغفار کیا کروں گا اور حضور کے کمالِ رحمت سے معلوم ہے کہ جو شخص اپنے رب سے طلبِ مغفرت کرتا ہوا حضور کی بارگاہ عالی میں حاضر ہوتا ہے آپ اس کے لئے استغفار فرماتے ہیں۔ اسی واسطے علمائے کرام نے تصریح فرمادی ہے کہ حضور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا یہ رتبہ آپ کی وفات شریف سے منقطع نہیں ہوا۔

1 ......ترجمۂ کنز الایمان: اور اے محبوب اپنے خاصوں اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگو۔ (پ٢٦، محمد: ١٩)۔علمیه

2 ......مسند البزّار، زاذان عن عبدالله، الحديث: ١٩٢٥، ج٥، ص٣٠٨۔علمیه

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

جو شخص یہ کہتا ہے کہ اس آیت کا حکم آنحضرت صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی حالت حیات شریف کے ساتھ ہی مختص ہے وہ غلطی پر ہے کیونکہ یہ اصولی قاعدہ ہے کہ عموم الفاظ کا اعتبار ہوتا ہے نہ کہ مورد خاص کا۔ صحابہ کرام اور تابعین عموم الفاظ قرآنی سے حجت پکڑتے رہے باوجود یہ کہ وہ آیتیں خاص موقعوں پر نازل ہوئیں۔ (اتقان للسیوطی) اسی طرح آیت زیر بحث اگرچہ ایک خاص قوم کے حق میں حالت حیاتِ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میں نازل ہوئی لیکن جہاں یہ وصف (عاصیانِ اُمت کا حضور سید الابرار صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں گناہوں کی معافی کے لئے حاضر ہونا) پایا جائے گا عموم حالت کے موافق اس کا حکم بھی عام اور ہر دو حالت حیات و بعد الوفات کو شامل ہوگا۔ چنانچہ علمائے کرام نے عموم سے ہر دو حالتیں سمجھی ہیں اور جو شخص قبر شریف پر حاضر ہو اس کے واسطے مستحب خیال کیا ہے کہ وہ اس آیت کو پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگے۔ امام عُتبی (امام شافعی کے استاد) کی حکایت اس باب میں مشہور ہے اور مذاہب اربعہ کے علماء نے اسے اپنے مناسک میں نقل کیا ہے اور اسے مستحسن سمجھ کر آداب زیارت میں شامل کیا ہے۔[1] ہم اس حکایت کو ان شاء اللہ تعالیٰ بحثِ توسّل میں لائیں گے۔[2]

صحابہ کرام کے زمانہ سے آج تک اہل اسلام حضور اقدس صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے روضہ شریف کی زیارت اور حضور سے توسّل واستغاثہ کرتے رہے ہیں۔ جب حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ نے اہل بیت المقدس سے صلح کی تو کعب احبار رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسلام لائے۔ حضرت فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ ان سے خوش ہوئے اور فرمایا: کیا تم چاہتے ہو کہ میرے ساتھ مدینہ منورہ چلو اور آنحضرت صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی قبر شریف کی زیارت سے فائدہ اٹھاؤ۔ حضرت کعب احبار نے جواب دیا کہ ہاں۔[3] (زرقانی علی المواہب)

حافظ ابو عبد اللہ محمد بن موسیٰ بن نعمان اپنی کتاب "مِصْبَاحُ الظَّلَام" میں لکھتے ہیں کہ حافظ ابو سعید سمعانی نے بروایت علی ابن ابی طالب رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دفن شریف

---

1 ......دیکھو وفاء الوفاء للسمہودی اور شفاء السقام للسبکی۔......وفاء الوفاء، الباب الثامن فی زیارة النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم ... الخ، الفصل الاول فی الزیارة نصا ... الخ، ج۲، الجزء۴، ص۱۳۶۰۔علمیہ

2 ......یہ حکایت صفحہ 717 پر ملاحظہ فرمائیے!

3 ......شرح الزرقانی علی المواهب،المقصد العاشر ... الخ،الفصل الثانی فی زیارة قبره ... الخ،ج۱۲، ص۱۸۳۔علمیہ

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

کے تین دن بعد ایک اعرابی ہمارے پاس آیا اس نے اپنے آپ کو قبر شریف پر گرا دیا اور قبر شریف کی کچھ مٹی اپنے سر پر ڈالی اور عرض کیا: یارسول اللہ! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم آپ نے جو کچھ فرمایا وہ ہم نے سن لیا اللہ تعالیٰ نے آپ پر قرآن نازل کیا جس میں ارشاد فرمایا: وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ الآیہ[1] میں نے ظلم کیا میں آپ کے پاس آیا ہوں تا کہ آپ میرے حق میں طلب مغفرت فرمائیں۔ قبر شریف سے آواز آئی کہ تجھے بخش دیا گیا۔[2]

مسند امام ابی حنیفہ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ میں بروایت امام منقول ہے کہ حضرت ایوب سَختِیانی تابعی رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَیْه آئے جب وہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی قبر شریف کے نزدیک پہنچے تو اپنی پیٹھ قبلہ کی طرف اور منہ حضور اقدس صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کے چہرہ مبارک کی طرف کر لیا اور روئے۔[3] توسل کی دیگر مثالیں عنقریب مذکور ہوں گی۔ اِنْ شَاءَ اللّٰه تَعَالٰی۔

ذیل میں چند آداب زیارت بیان کیے جاتے ہیں۔ زائرین کو چاہیے کہ ان کو ملحوظ رکھیں۔

﴿1﴾...... زائرین کو مناسب ہے کہ زیارت روضہ شریف کے ساتھ مسجد نبوی کی زیارت اور اس میں نماز پڑھنے کی بھی نیت کریں۔ اگر مجرد زیارت کی نیت کریں تو اَولیٰ ہے۔ دوسری بار اگر موقع ملے تو ہر دو کی نیت کریں۔

﴿2﴾...... مدینہ منورہ کے راستہ میں درود و سلام کی کثرت رکھیں۔

﴿3﴾...... راستے میں مساجد اور آثار شریفہ جو رسول اللہ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم سے منسوب ہیں ان کی زیارت کریں اور ان میں نماز پڑھیں۔

﴿4﴾...... جب مدینہ منورہ کے مکانات نظر آنے لگیں تو بپاس ادب پیدل ہو جائیں اور درود و سلام بھیجیں اور شہر میں داخل ہونے سے پہلے یا داخل ہو کر غسل کریں اور تبدیل لباس کر کے خوشبو لگائیں۔

---

1 ......ترجمۂ کنز الایمان: اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں۔ (پ ٥، النساء: ٦٤)۔ علمیه

2 ......وفاء الوفاء، جزء ثانی، ص ۴۱۲۔......(وفاء الوفاء، الباب الثامن فی زیارة النبی صلی اللّٰه علیه وسلم...الخ، الفصل الاول فی الزیارة نصا...الخ، ج ٢، الجزء ٤، ص ١٣٦١۔ علمیه)

3 ......وفاء الوفاء، جزء ثانی، ص ۴۲۴۔......(وفاء الوفاء، الباب الثامن ...الخ، الفصل الثالث فی توسل الزائر...الخ، ج ٢، الجزء ٤، ص ١٣٧٧۔ علمیه)

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

﴿5﴾......پہلے مسجد نبوی میں داخل ہوکر دورکعت تحیۃ المسجد پھر دوگانہ شکر ادا کریں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے دروازے پر پہنچادیا۔

﴿6﴾......دوگانہ شکر کے بعد روضہ شریف پر حاضر ہوں۔ زیارت کے وقت اپنی پیٹھ قبلہ کی طرف اور منہ حضور صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّم کے چہرہ مبارک کی طرف کریں اور جالی مبارک کے قریب کھڑے ہوکر نہایت ادب وخشوع سے سلام عرض کریں اور اگر کسی دوست وغیرہ نے حضرت نبوی میں سلام بھیجا ہو تو اس کی طرف سے سلام پہنچائیں۔

﴿7﴾......حضور اقدس صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے سلام سے فارغ ہوکر ایک ہاتھ اپنی دائیں طرف کوہٹ کر حضرت صدیق اکبر رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ کی خدمت میں سلام عرض کریں۔ پھر ایک ہاتھ اور دائیں طرف کوہٹ کر حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ کی خدمت میں سلام عرض کریں۔

﴿8﴾......بعد ازاں اپنی پہلی جگہ پر رسول اللہ صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے چہرہ مبارک کے سامنے کھڑے ہوکر درود وسلام عرض کریں۔ پھر گناہوں سے توبہ کرکے حضور عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے وسیلہ سے دعا مانگیں۔

﴿9﴾......ایامِ قیام مدینہ منورہ میں نماز فرض ہو یا نفل مسجد نبوی میں پڑھا کریں۔

﴿10﴾......مسجد قُبا میں جاکر نماز پڑھیں اور آنحضرت صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے آثار شریفہ و دیگر مزارات کی زیارت کریں۔

حدیث "لَا تُشَدُّ الرِّحَال" کی بحث

بعض لوگ انبیائے کرام عَلٰی نَبِیِّنَا وَ عَلَیْہِمُ السَّلَام اور اولیاء وشہداء عظام رَحِمَہُمُ اللّٰہ السَّلَام کے مَشَاہِد و مقابر کی طرف سفر کرنے کو ناجائز قرار دیتے ہیں اور حدیث " لا تشد الرحال" کو بطور دلیل پیش کرتے ہیں۔ وہابیہ کے مُورث اعلیٰ ابن تیمیہ نے تو کھلے الفاظ میں فتویٰ دے دیا کہ حضور سید المرسلین صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے روضہ شریف کی زیارت کے قصد سے سفر کرنا سفرِ مَعْصِیت ہے جس میں نماز قصر نہ کرنی چاہیے۔ بنابریں زائرین کے علاوہ فرشتے بھی جو ہر روز صبح وشام آسمان سے اتر کر روضہ شریف پر حاضر ہوتے اور درود شریف پڑھتے ہیں اسی معصیت میں مبتلا ہیں۔ یہ حضور صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی جناب میں کمال درجے کی گستاخی ہے۔

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH
.MOHAMMED.SHAKIL.
ON +91-9825036786 OR
factofislamsms.wordpress.com
Talib.e.ilm :
Madarsa.e.
Gulshan.e. Raza.
Narioli Street,
Surat, Gujarat, India.

ابن تیمیہ کے اس فتوے سے شام و مصر میں بڑا فتنہ برپا ہوا۔ شامیوں نے ابن تیمیہ کے بارے میں استفتاء کیا۔ علامہ برہان بن الفرکاح فزاری نے قریباً چالیس سطر کا مضمون لکھ کر اسے کافر بتایا۔ علامہ شہاب بن جہبل نے اس سے اتفاق کیا۔ مصر میں یہی فتویٰ مذاہب اربعہ کے چاروں قضاۃ پر پیش کیا گیا۔ بدر بن جماعہ شافعی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے لکھ دیا کہ مفتی یعنی ابن تیمیہ کو ایسے فتاویٰ باطلہ سے بزجر و توبیخ منع کیا جائے اگر باز نہ آئے تو قید کیا جائے۔ محمد بن الجریری انصاری حنفی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے لکھا کہ اسی وقت بلا کسی شرط کے قید کیا جائے۔ محمد بن ابی بکر مالکی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے کہا کہ اسے اس قسم کی زجر و توبیخ کی جائے کہ ایسے مفاسد سے باز آجاوے۔ احمد بن عمر مقدسی حنبلی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے بھی ایسا ہی لکھا۔ (1) نتیجہ یہ ہوا کہ ابن تیمیہ شعبان ۷۲۶ھ میں دمشق میں قلعہ میں قید کیا گیا اور قید ہی میں ۲۰ ذیقعدۃ الحرام ۷۲۸ھ کو اس دنیا سے رخصت ہوا۔ (2)

حدیث زیر بحث صحیح بخاری کے باب فضل الصلوۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ میں بروایت ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وارد ہے جس میں مذکور ہے کہ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰی ثُلٰثَۃِ مَسَاجِدَ اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ مَسْجِدِ الرَّسُوْلِ وَ مَسْجِدِ الْاَقْصٰی . کجاوے نہ باندھے جائیں مگر تین مسجدوں یعنی مسجد حرام و مسجد رسول و مسجد اقصی کی طرف۔ (3) اور باب مسجد بیت المقدس میں بروایت ابو سعید خدری بدیں الفاظ مذکور ہے:

لَاتُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلٰی ثَلٰثَۃِ مَسَاجِدَ مَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی وَ مَسْجِدِی . (4)

---

1 ......تکملة السیف الصقیل فی الرد علی ابن زفیل، فصل فی حیاة الانبیاء، ص ۱۲۵۔علمیه

2 ......السیف الصقیل فی الرد علی ابن زفیل تکملہ علامہ کوثری، ص ۱۵۶۔۱۲ منہ......(سیرتِ رسولِ عربی کے نسخوں میں اس رسالے کا نام " السیف الصقیل فی الرد علی ابن زخیل " لکھا ہے جو کہ کتابت کی غلطی ہے، صحیح " السیف الصقیل فی الرد علی ابن زفیل " ہے، یہ امام ابوالحسن تقی الدین السبکی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ (متوفی ۷۵۶ھ) کی تالیف ہے جس پر امام محمد زاہد بن الحسن الکوثری رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ (متوفی ۱۳۷۸ھ) نے "تکملہ" بنام " تبدید الظلام المخیم من نونیة ابن القیم " تحریر فرمایا ہے۔علمیه)

3 ......الصحیح البخاری، کتاب فضل الصلاة فی مسجد مکة والمدینة، باب فضل الصلاة فی مسجد...الخ، الحدیث: ۱۱۸۹، ج ۱، ص ۴۰۱۔علمیه

4 ......صحیح البخاری، کتاب فضل الصلاة فی مسجد مکة والمدینة، باب مسجد بیت المقدس، ج ۱، الحدیث: ۱۱۹۷، ص ۴۰۳۔علمیه

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

SHAIKH .MOHAMMED.SHAKIL. ON +91-9825036786 OR factofislamsms.wordpress.com Talib.e.ilm : Madarsa.e. Gulshan.e. Raza. Narioli Street, Surat, Gujarat, India.

اسی طرح امام مسلم نے حدیث ابو ہریرہ کو باب فضل المساجد الثلثۃ میں اور حدیث ابو سعید خدری کو باب سفر المرأۃ مع محرم الی الحج وغیرہ میں ذکر کیا ہے۔حدیث ابو سعید خدری مشکوٰۃ شریف میں باب المساجد ومواضع الصلوٰۃ میں مذکور ہے۔

مختلف ابواب پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حدیث زیر بحث میں بہ نسبت دیگر مساجد کے مساجد ثلاثہ میں نماز کی فضیلت کا بیان ہے کیونکہ یہ تینوں مساجد ان فضائل سے مختص ہیں جو دوسری مسجدوں میں نہیں پائے جاتے۔لہٰذا اس حدیث کو مَشاہِد ومقابر سے کوئی تعلق نہیں۔اس مُدّعا کے اثبات کے لئے ہم وُجوہ ذیل پیش کرتے ہیں۔

وجہ اَوّل: حدیث زیر بحث میں استثناء مُفَرَّغ ہے۔پس اس کے لئے ایسے عام مستثنیٰ منہ کی تقدیر کی ضرورت ہے جو مستثنیٰ اور غیر کو شامل ہو اور مستثنیٰ سے مناسبت قریبہ رکھتا ہو۔جیسا کہ نوع فرد سے اور جنس نوع سے۔اسی واسطے مَا جَاءَنِیْ اِلَّا زَیْدٌ میں شی یاجسم یاحَیوان کو مقدر نہیں کرتے بلکہ رَجُل یااَحَد کو مقدر کرتے ہیں اور ما کسوتہ الا جبّۃ میں کسوت کو اور ما صلیت الا فی المسجد میں فی مکان یافی موضع کو مقدر کیا جاتا ہے۔(مُطَوَّل وحواشی) پس صورت زیر بحث میں مستثنیٰ منہ ایسا ہونا چاہیے جو مساجد ثلاثہ اور دیگر مساجد کو شامل اور مساجد کے ساتھ نسبت قریبہ رکھتا ہو اور وہ سوائے لفظ مسجد کے اور کوئی نہیں۔

وجہ دُوُم: حدیث زیر بحث کی ترجمہ باب بخاری سے مطابقت اور اسی باب کی دوسری حدیث سے مناسبت ہے۔یہ مناسبت ومطابقت صاف بتارہی ہے کہ مستثنیٰ منہ مسجد ہے کیونکہ امام بخاری عَلَیْہِ الرَّحْمَۃ نے یہ باب مکہ ومدینہ میں نماز کی فضیلت کے بارے میں باندھا ہے۔اس باب کی پہلی حدیث (لا تشد الرحال) میں مقصود مساجد ثلاثہ میں نماز کی فضیلت بہ نسبت دیگر مساجد کے ہے تاکہ ترجمہ باب کے مطابق ہو۔یہ نہ کہا جائے کہ پہلی حدیث میں لفظ صلوٰۃ نہیں ہے کیونکہ مساجد ثلاثہ کی طرف رحلت سے مراد ان میں نماز کا قصد ہے۔اسی باب کی دوسری حدیث جو حضرت ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْہُ سے مروی ہے کہ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ تعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: صَلٰوۃٌ فِیْ مَسْجِدِیْ ھٰذَا خَیْرٌ مِنْ اَلْفِ صَلٰوۃٍ فِیْ مَا سِوَاہُ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ .[1] (میری اس مسجد میں نماز بہتر ہے ہزار نمازوں سے دوسری مسجدوں میں سوائے مسجد

[1] ......الصحیح البخاری،کتاب فضل الصلاۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ،باب فضل الصلاۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ، الحدیث: ۱۱۹۰،ج۱، ص۴۰۱۔علمیہ

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

حرام کے) ترجمہ باب کے مطابق ہے اور پہلی حدیث کے معنی کو ظاہر کرتی ہے اور نص ہے اس امر پر کہ ادائے نماز پر تضاعف ثواب میں (1) مساجد ثلاثہ کو دیگر تمام مساجد پر فضیلت ہے کیونکہ الا المسجد الحرام کا مستثنیٰ منہ مساجد ہے جو بعض روایات میں صراحۃً مذکور ہے۔ چنانچہ صحیح مسلم میں ہے: عن سعید بن المسیب عن ابی ھریرة قال، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم: ''صَلٰوۃٌ فِی مَسْجِدِی ھٰذَا خَیْرٌ مِنْ اَلْفِ صَلٰوۃٍ فِیْ غَیْرِہٖ مِنَ الْمَسَاجِدِ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ۔'' (2) اور مسلم ہی میں حدیث میمونہ میں ہے: سمعت رسول اللّٰہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم یقول صلوۃ فیہ افضل من الف صلوۃ فیما سواہ من المساجد الا مسجد الکعبۃ (3) پس ظاہر ہوا کہ حدیث لا تشد الرحال میں مستثنیٰ منہ مسجد ہے لہٰذا مساجد ثلاثہ کے سوا دنیا کی کسی مسجد کی طرف بقصد نماز سفر کرنا ممنوع ہے اور جو کسی اور ضرورت کے لئے ہو وہ ممنوع نہیں۔

وجہ سوم: حدیث زیر بحث کے بعض طرق پر مراد و مقصود کی تصریح اور مستثنیٰ منہ کا ذکر موجود ہے اور وہ مسند امام احمد میں یوں مذکور ہے: حدثنی ھاشم حدثنی عبد الحمید حدثنی شھر سَمِعْتُ اَبَا سَعِیْدِ الْخُدْرِیَّ وَذُکِرَ عِنْدَہٗ صَلٰوۃٌ فِی الطُّوْرِ فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم لَا یَنْبَغِیْ لِلْمُطِیِّ اَنْ تُشَدَّ رِحَالُہٗ اِلٰی مَسْجِدٍ یُبْتَغٰی فِیْہِ الصَّلٰوۃُ غَیْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی وَمَسْجِدِیْ ھٰذَا۔ (4) (قسطلانی وعمدۃ القاری)

ترجمہ: (بحذف اسناد) شہر (بن حوشب) کا بیان ہے کہ میں نے سنا ابا سعید خدری کو اور ان کے پاس طور میں نماز کا ذکر آیا۔ پس کہا کہ فرمایا رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے شتران سواری کے کجاوے کسی مسجد کی طرف بقصد نماز نہ باندھے جانے چاہئیں سوائے مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ اور میری اس مسجد کے۔ انتہی۔ پس حدیث زیر بحث کی تفسیر حدیث ہی سے ہوگئی اور یہ بہترین تفسیر ہے۔

وجہ چہارم: حدیث زیر بحث کی شرح میں جمہور محدثین وشُرّاح اور اکابر فقہائے حنفیہ وشافعیہ کے اقوال ہیں جو ہمارے

---

1 ...... ثواب زیادہ ہونے میں۔

2 ...... صحیح مسلم، کتاب الحج، باب فضل الصلاۃ بمسجدی مکۃ والمدینۃ، الحدیث: ٥٠٦، ص ٧٢١۔ علمیہ

3 ...... صحیح مسلم، کتاب الحج، باب فضل الصلاۃ بمسجدی مکۃ والمدینۃ، الحدیث: ٥١٠، ص ٧٢٢۔ علمیہ

4 ...... المسند لامام احمد بن حنبل، مسند ابی سعید الخدری، الحدیث: ١١٦٠٩، ج ٤، ص ١٢٨۔ علمیہ

www.dawateislami.net
Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.

مُدّعا کے مؤید ہیں۔ نظر بر اختصار ہم ان کو یہاں نقل نہیں کرتے جسے شوق ہو وہ فتح الباری، عمدۃ القاری، ارشاد الساری، نووی علی المسلم، احیاء العلوم للغزالی اور جذب القلوب للشیخ عبدالحق الدھلوی وغیرہ میں دیکھ لے۔

خلاصۂ مضمون یہ ہوا کہ حدیث ''لا تشد الرحال'' مساجد کے بارے میں ہے۔ اس کی رُو سے مساجد ثلاثہ کی طرف بدیں غرض سفر کرنا کہ ان میں نماز ادا کرنے سے تضاعُفِ ثواب حاصل ہو جائز ہے۔ دنیا کی کسی اور مسجد کی طرف اس غرض کے لئے سفر کرنا نہ چاہیے کیونکہ وہ درجہ میں مُتَساوی ہیں کسی کو کسی پر باعتبارِ کثرتِ ثواب فضیلت نہیں۔ ہاں کسی اور مطلب کے لئے دوسری مساجد کی طرف بھی سفر کرنا جائز ہے۔ مثلاً کسی مسجد میں کوئی بزرگ رہتے ہیں ان کی زیارت یا ان سے استفاضہ کے لئے اس مسجد کی طرف سفر کرنا جائز ہے۔ اسی طرح کسی مسجد کے صَنائِعِ غریبہ [1] کو دیکھنے کے لئے سفر کرنا بھی ممنوع نہیں۔ مقابر و مشاہدِ انبیاء کرام علٰی نَبِیِّنَا وَ عَلَیْہِمُ السَّلَام واولیاءِ عِظام رَحِمَہُمُ اللّٰہُ السَّلَام کی زیارت کے لئے سفر کرنا حدیث زیر بحث کی نہی کے تحت میں داخل نہیں بلکہ جائز و مشروع و مستحب اور مُوجِبِ خیر و برکت ہے۔ جب حَوائجِ دنیا کے لئے سفر کرنا بالاتفاق جائز ہے تو حوائجِ آخرت بالخصوص ان میں سے جو اَکَدّ ہے [2] یعنی حضور سَیِّدُ الاوّلین والآخرین، امامُ المرسلین، خاتمُ النّبیّین، سیدنا و مولینا محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کے روضہ منورہ کی زیارت کے لئے سفر کرنا بطریقِ اَولیٰ جائز و مُستَحسن ہے۔ صحابہ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمْ اَجْمَعِیْن کے عہدِ مبارک سے اس وقت تک مسلمانوں کا اسی پر عمل رہا ہے۔ اس کا انکار حِرمان و شَقاوت [3] کی علامت ہے۔

خاتمہ دَر بحث اِستِغاثہ و توسل

آنحضرت صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے وسیلہ سے بارگاہِ الٰہی میں دعا کرنا مُستَحسَن ہے۔ اس کو مختلف الفاظ، توسّل و اِستِغاثہ و تشفّع و توجہ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ بعض وقت توسّل بالنّبی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم یوں ہوتا ہے کہ آپ سے کوئی چیز طلب کی جائے بدیں معنی کہ آپ اس میں تَسَبُّب پر قادر ہیں کہ اللّٰہ تعالیٰ سے سوال کریں یا شفاعت فرمائیں۔ اس کا مطلب بھی حضور سے طلب دعا ہے۔

1 ...... مسجد کی منفرد بناوٹ یا اس کی نقش و نگاری وغیرہ یا خود وہ مسجد جو فنِ تعمیر کا کوئی شاہکار ہو۔

2 ...... یعنی جن کی تاکید آئی ہے۔

3 ...... بدبختی و محرومی۔

www.dawateislami.net

Printed by BoltPDF (c) NCH Software. Free for non-commercial use only.